آئینۂ تاریخ نما

ÁINA-I-TÁRÍḴHNUMÁ.

HISTORY OF INDIA,

IN THREE PARTS,

BY RÁJÁ ŚIVAPRASÁD, C.S.I.,

Fellow of the University of Calcutta, and Inspector, 2nd Circle, Department of Public Instruction, North-Western Provinces and Oudh.

تین حصوں میں

بموجب حکم جناب نواب آنریبل لفتننٹ گورنر
بہادر ممالک شمال و مغرب و چیف کمشنر
اودھ

مؤلفۂ

راجہ شوپرشاد ستارۂ ھند ۳

پہلا حصہ

PART I.

الہ آباد

سرکاري چھاپہ‌خانہ میں چھاپا گیا

سنہ ۱۸۷۸ع

"Our Schools and Universities are extending the idea of scientific method. Read carefully that extract from Rájá Śivaprasád's book I quoted in the *Contemporary* for September. That man, at least, has obviously got hold of the scientific view of history."

M. E. GRANT-DUFF.

The Contemporary Review, November, 1875.

Shitáb, Zambúr, Sardár, Koh, &c., have been used by our first Hindi author (as I at least regard him) Chand, the famous bard of Prithíráj ; and I think it is better for us to try our best to help the people in increasing their familiarity with the Court language, and in polishing their dialects, than to make them strangers to the Courts of the districts and ashamed when they talk before the higher classes.

BENARES :
The 1*st January*, 1864.

ŚIVAPRASÁD.

was no such thing as an empire in existence; that the country was divided between numerous chiefs always fighting with each other for temporary superiority; that, notwithstanding the splendour attributed to Muhammadan dynasties, the country was sadly misgoverned, even during the reigns of the most powerful Emperors; and that although the diamonds and pearls were weighed by "maunds" in the royal treasuries, the people in general were very poor and utterly miserable.

I may be pardoned for saying a few words here to those who always urge the exclusion of Persian words, even those which have become our household words, from our Hindi books, and use in their stead Sanskrit words, quite out of place and fashion, or those coarse expressions which can be tolerated only among a rustic population. The sister presidencies will sympathize with us when they remember that we are not blessed like them in having the same language and character for the Court and the community. Our Court language is Urdu, and the Court language has always been regarded by all nations as the most fashionable language of the day. Urdu is now becoming our mother tongue, and is spoken, more or less, and well or badly, by all in the North-Western Provinces. If we cannot make the Court character, which is unfortunately Persian, universally used to the exclusion of Devanágarí, I do not see why we should attempt to create a new language. Persian words such as Átish, Ma'rúf,

assertion that "Akbar made the settlement with the cultivators *themselves*, to the exclusion of all middlemen." Having thus no English book that would completely answer my purpose, I was obliged to have recourse to original Persian works. But Benares is not a place where Persian books can easily be procured, and there was no time to procure them from other quarters, so I was obliged to make the best of the means at my disposal. The difficulty of correcting Indian names written in Persian is rather greater than those written in English. Sunárgánv, for instance, is written Sitárgánv, Chaṭgánv (Chittagong), Jebgánv, and so on, in the lithographed copy of Farishta!

My plan is to divide my book into three parts. In the first I give an outline of the Hindu and Muhammadan periods; in the second I relate the rise and growth of the British Empire up to 1858; and in the third I treat of the changes in manners and customs from the earliest ages, when our ancestors were drinking the exhilarating soma juice on the banks of the Sarasvatí, and of the revolutions in laws and religions. I compare former Governments and the British rule, and the state of society, and the general prosperity of the country under both. My endeavour is in this part to prove to my countrymen that, notwithstanding their very strong antipathy to "change," they *have* changed, and *will* change; that, notwithstanding the many heroic actions ascribed to our ancient Hindu Rajas, there

PREFACE.

I WAS not fully aware of the difficulty of my task when I promised to prepare a little work on the History of India in Hindi and Urdu for the use of our village schools. I knew how imperfect and full of errors the so-called histories are which have hitherto been written in the Vernacular, but I had not imagined for a moment that even so cautious a writer as Elphinstone was liable to commit such mistakes as to say that Fíroz Tuglaḳ was nephew of the "late King" (Muhammad Tuglaḳ), when Dow calls him "his cousin;" or that Násir-ud-Dín Mahmúd was the grandson of "Altamsh" (correctly Altimash), when he was in fact his son; or that "Altamsh" was purchased for 50,000 pieces of *silver*, when only 50,000 chítals were paid for him, 50 of which make a ṭanka or rupee of that time. Or that a talented author like Mr. Marshman would forget the topography of the country so far as to write that "the greatest achievement of this (Fíroz Tuglaḳ's) reign was the canal from the *source of the Ganges* to the Sutlej, which still bears his name" (History of India, Serampore, 1863, page 65). He calls "Raja Jey Sing of Jeypore and Raja Jesswunt Sing of Joudhpore" "Mahratta Generals," and gives the name of Muhammad Sháh "Rustum Khan," instead of Roshan Akhtar! (pages 166 and 189 respectively). There is no room to disprove here his

اطلاع

جو لفظ دیو ناگري حرفوں کے سبب اِتہاس تمر ناشک میں دوسري طرح پر لکھے ھیں اُن کے اُوپر لکیر کھینچ دي ھی اور فہرست آگے لکھي ھی :—

آئینہ تاریخ‌نما میں		اِتہاس تمر ناشک میں
تواریخ	...	اِتہاس
دارالسلطنت	...	راج‌دھاني
سپہ‌سالار	...	سیناپتي
حمل	...	گربھہ
مضر	...	دکھہ دائی
جزیرہ‌نما	...	پرایہ دویپ
قدرت	...	مایا
دربان	...	دوار پال
کیا قدرت ھی خالق برحق اور قادر مطلق کی		کیا مہما ھی سروشکتمان جگدیشور کی
قیامت کا سا ھنگامہ	...	پرلے کا سا دُند
ناپائدار دنیا	...	اسارسنسار
اختصار	...	سنکشیپ
گناہ	...	پاپ
پناہ	...	شرن
پناہ‌گیر	...	شرناگت
گوشۂ شمال و مغرب	...	وایوکون
علم	...	ودیا
ھو بہو قہر خدا	...	ساکشات ایشور کا کوپ
خدا	...	بھگوان
فائدہ نقصان بھلا برا	...	سام دان بھید دنڈ
راس‌نشین	...	پُشیہ پُتر
بےچون و چرا خالق ارض و سما		نراکار جگدیشور
نواسی	...	دھتی - نتني
اِنتقال	...	پرلوک
قضا کا حکم	...	بدھاتا کا لیکھہ

آئینۂ تاریخ نما

پہلا حصہ

کیا ایسے بھي آدمي هیں جو اپنے باپ دادا اور پرکھوں کا حال سننا نہ چاهیں + اور اُن کے زمانے میں لوگوں کا چال چلن بیوهار بنج بیوبار اور راج دربار کس ڈهب برتا جاتا تھا اور دیس کي کیا دسا تھي کب کب کس کس طرح کون کون سے راجا بادشاهوں کے هاتھہ آیا کس کس نے کیسا کیسا اِن پر زور ظلم جتایا اور کون کون سے زمانے کے پھیر پھار کہاں کہاں اِنھیں جھیلنے پڑے کہ جنسے یہہ کچھہ کے کچھہ بن گئے اِن سب باتوں کے جاننے کي خواهش نہ کریں * باپ دادا اور پرکھا تو کیا هم اِس تاریخ میں اُس وقت سے لیکر جس سے آگے کسي کو کچھہ معلوم نہیں آج تک اپنے دیس کا حال لکھنے کا منصوبہ رکھتے هیں ذرہ دل دو + اور کان دھرکر سنو *

वैवस्वत- मनु। इक्ष्वाकु इला। चन्द्र बुध। पुरूरवा। प्रयाग प्रतिष्ठानपुर कुरुक्षेत्र हस्तिनापुर दुर्योधन युधिष्ठिर इन्द्रप्रस्थ परीक्षित

جاننا چاهیئے کہ هندوستان میں سدا سے هندو کا راج سورج بنسي اور چندربنسي گھرانوں میں چلا آتا هي پہلا سورج بنسي راجا بیوسوت منو کا بیٹا اکشواک تھا + دارالسلطنت اُس کي اجودھیا * اُس سے پچپن پیڑھي پیچھے اُس بنس کے سرتاج رام چندر هوئے + باپ کا حکم مان چودہ برس بن میں رهے * اکشواک کي بیٹي اِلا چندر کے بیٹے بدھہ کو بیاهي تھي اِسي کا بیٹا پروروا پریاگ کے سامنے پرتشٹھان پور میں جسے اب جھونسي کہتے هیں پہلا چندربنسي راجا هوا + مہابھارت یعني کرکشیتر کي بھاري لڑائي میں اپنے چچیرے بھائي هستناپور کے راجا درجودھن کو مارنے پر جب مہاراج جدھشتر جو پرانوں کے مت بموجب پروروا سے پینتالیسویں پیڑھي میں پیدا هوئے تھے اپنے بھائیوں کے ساتھہ اندرپرستھہ یعني دِلّي کا راج چھوڑ کر همالے کو چلے گئے اُن کے بھائي اَرجُن کا پوتا پریکشت گدّي پر بیٹھا اور پریکشت سے لیکر چھبیس پیڑھي تک اُسي کے

क्षेमक گھرانے میں راج رہا * چھبیسویں پیڑھي میں راجا کشیمک ایسا غافل اور پست ہمت ہوا + کہ اُس کا منتري یعني وزیر اُسے مار کر آپ جدھشٹر کي گدّي پر بیٹھ گیا * اِس کے گھرانے میں چودہ پیڑھي راج رہا + پھر جس طرح آیا تھا اُسي طرح دوسرے گھرانے میں چلا گیا اور سولہ پیڑھي پیچھے تیسرا گھرانا ملک کا مالک ہوا * ندان اُس کی

राजपाल بھي نویں پیڑھي میں راجا راجپال نے اپنے گھمنڈ اور بدمزاجي سے

सुखवंत رعیّت اور سپاہ کو ناراض کیا + تب کماؤں کے راجا سکھونت نے آکر

विक्रम راجپال کو مار ڈالا اور اندرپرستھ لے لیا + لیکن مہاراج بکرم نے اُس کو بھي گدّي سے اُتارا + اور ملک پر اپنا قبضہ کیا * اِدھر تو یے

मगध لوگ ایک کے پیچھے ایک اپنے نام کا ڈنکا بجاتے گئے + اور اُدھر مگدھ

जरासंध دیس میں جراسندھ کے پیچھے جسے کرشن کي مدد سے جدھشٹر

कृष्ण। भीम کے بھائي بھیم نے اُس کي دارالسلطنت راجگرہ میں مارا تھا اُس کي اولاد

राजगृह کے راجا بائیس پیڑھي تک راج کرتے رہے * آخري راجا رپنجي کو

रिजपुंय اُس کے منتري یعني وزیر سونک نے مارکر سارا راج چھین لیا + اِس

सुनक اگلے زمانے کي کوئي تواریخ ایسي معتبر نہیں ھی کہ جس سے اُس وقت کا حال مفصل اور سلسلےوار معلوم ہو سکے اِس لیئے اب ہم نے سکندر کے زمانے سے کچھہ خبروں کا لکھنا شروع کیا *

پچھم والوں کي چڑھائیوں کا حال جو پتےوار ملتا ھی + وہ یہہ ھی * کہ سنہ عیسوي سے ۳۳۱ برس پہلے یونان کے بڑے بادشاہ سکندر نے ایران کے بادشاہ دارا کو جیت کر اِس ملک پر چڑھائي کي اُس وقت مگدھہ دیس کا راج چار پیڑھي تک سونک کے گھرانے میں رہکر

तक्षक تکشک یعني ناگ بنس میں آگیا تھا + اِن ناگ‌بنسي راجاؤں نے

महानन्द دس پیڑھي تک راج کیا آخري راجا اِس بنس کا مہانند تھا * اُس

बौद्धमती زمانے میں سارے ہندوستان کے درمیان بودھمتي پھیل گئے تھے +

वेद- خالي کہیں کہیں کاشي کنّوج ایسے شہروں کے رہنے والے بید کي ریت پر چلتے تھے * فارسي کتابوں میں لکھا ھی کہ سکندر کنّوج تک آیا تھا + لیکن یہہ بات نري جھوٹھہ اور بے اصل ھی اُسي کے ساتھیوں نے اپني یوناني کتابوں میں لکھا ھی کہ وہ ستلج کے کنارے سے آگے

نهیں بڑھا * سکندر ایک لاکھہ بیس ہزار فوج کے ساتھہ سندھہ ندي پر پُل باندھہ کر پار اُترا تھا + لیکن جھیلم کے اِس پار کُل گیارہ ہزار سوار لایا * کوھستان اور سندھہ ساگر دواب کے سب راجاؤں نے اُس کي اِطاعت قبول کي لیکن پنجاب کا راجا جو شاید پُرو یا پرو کے بنس میں تھا کیونکہ یوناني اِس کا نام پُورَس لکھتے ھیں اِس سے لڑنے کو طیار ھوا + اور جھیلم کے اِس پار تیس ھزار پیدل چار ھزار سوار اور بہت سے ھاتھي لیکر سکندر سے لڑا * دِن پہر تک بڑي لڑائي رھي + آخر راجا کي فوج شکست کھا کر بھاگي * لیکن راجا تب بھي نہیں ھٹا + اپنے ھاتھي پر میدان میں ڈٹا رھا * سکندر اُس کي بہادري دیکھہ کر بڑے اچنبھے میں آیا + اور کہلا بھیجا * کہ اگر اب بھي ھمارے پاس چلا آوے + تو تیري جان بخشي جاوے اور عزت حرمت میں فرق نہ پڑنے پاوے راجا نے اِس بات کو سُنکر قبول کیا + اور نذر سکندر کے پاس چلا آیا * سکندر نے اِس سے پوچھا کہ ھم تمھارے ساتھہ کیوں کر پیش آویں راجا نے جواب دیا کہ جیسے بادشاہ بادشاھوں سے پیش آتے ھیں سکندر اُس کا یہہ دل اور دلیري دیکھہ کر بہت خوش ھوا اور تمام ملک اُس کا اُسي کو بخشا + بلکہ کچھہ تھوڑا سا اور بھي اپني طرف سے دیا * اِس کے بعد سکندر ستلج کے کنارے پر آیا + لیکن فوج بہت تھک گئي تھي برسات کا موسم آ جانے کے سبب سپاھیوں نے آگے بڑھنے سے اِنکار کیا * تب ناچار سکندر وھاں سے اُلٹا پھر گیا + کہتے ھیں کہ اُس وقت مگدھہ دیس کے ناگ بنسي بڑے نامي راجا مہانند کے پاس چھہ لاکھہ پیادے بیس ھزار سوار اور نو ھزار ھاتھي تھے کیا جانیں اِنھیں کا دبدبہ سکندر کو یہاں سے پھیر لے گیا * ندان مہانند اپنے منتري یعني وزیر کے ھاتھہ سے مارا گیا + اِس کے آٹھہ بیٹوں نے مل کے بارہ برس راج کیا * تب نویں چندرگپت نے جو نایِن کے پیٹ سے پیدا ھوا تھا چانک برھمن کي مدد سے اپنے سب بھائیوں کو مار سارا راج اپنے قبضے میں کر لیا + اور بڑا اِقبالمند ھوا اِس نے بابِل کے یون بادشاہ سِلیوکس † کي بیٹي سے بیاہ کیا *

पुरु

चन्द्रगुप्त
चाणक

† سلیوکس سکندر کے سپہ‌سالاروں میں سے تھا سکندر کے مرنے پر بابِل سے اِس طرف سندھہ ندي تک سارا ملک دبا بیٹھا تھا *

دس پیڑھي تک وہ راج اُسي کے گھرانے میں رہا + هندوں کے
شاستر میں لکھا هی کہ هندوستان میں اَدھرم یعني بودھ مت پھیلا
هوا دیکھہ کر برھمنوں نے اربدگر پر جسے آبو کا پہاڑ کہتے هیں ایک اگن
کُنڈ یعني آتشکدہ رچا اور وهاں دیوتاؤں نے آپ آکر چار مورتیں اُس کُنڈ
میں ڈال دیں اُن سے اگن کُل کے چار چھتري یعني پرمر خواہ پرمار
جنھیں پنوار بھي کہتے هیں چوهان سولنکي اور پرهار پیدا هوئے
اِس بات سے ایسا معلوم هوتا هی کہ شاید اُن برھمنوں نے چار آدمیوں
کو شاستر کے سنسکاروں سے دو جنما کیا تھا یعني اُن کا نیا جنم مان کر
اُنھیں اصلي چھتري بنا لیا تھا * اُن میں سے پرمر گوتر والے یعني پنوار
بہت بڑھے + اور ایک زمانے میں سارے هندوستان کے راجا هوگئے *
اِن اگن کُلوں نے بودھہ مت والوں کو مار مار کر نکالنا شروع کیا +
اور برھمنوں کا مت پھر پھیلا دیا * اِسي پرمر بنس میں سنہ † عیسوي
سے ستّاون برس پہلے راجا بکرم اُجّین کی راج گدّي پر بیٹھا اِسے بیر
بکرمادت بھي کہتے هیں + اور شک لوگوں کو جو تاتار کي طرف سے
چڑھہ آئے تھے شکست دینے کے سبب اُسے شکارِ بھي پکارتے هیں *
اگرچہ وہ ایسا بلند اِقبال اور اِتنے بڑے ملک کا مالک مہاراجا دھِراج
تھا کہ آج تک اُس کا سمبت چلا جاتا هی + اور وہ پرجن دُکھہ بھنجن
یعني دوسروں کا دُکھہ دور کرنے والا کہلاتا هی * تو بھي نِت چٹائي
پر سوتا + اور اپنے هاتھہ چھپرا ندی سے پاني کا تونبا بھر لاتا *

اِس میں شک نہیں کہ اُجّین کے راجا بکرمادت کے وقت سے
لیکر مسلمانوں کي پہلي چڑھائي تک اکثر نامي هوتے چلے آئے + لیکن
اندھربنس کے راجا جن کي دارالسلطنت مگدھہ دیس میں پاٹلي پتر
یعني پٹنا تھي بہت بڑھہ گئے تھے * روم والوں نے اُن کي بہت بڑائي
لکھي هی اِس اندھربنس کو ایک شودر نے اپنے مالک کنّ بنس کے آخري
یعني چوتھے راجا کو جو چندر گُپت کا بنس ناش هونے پر سُنگ بنسي
دس راجاؤں کے بعد هوا مار کر قائم کیا تھا + کہتے هیں کہ راجا مہاکرن
اِسي گھرانے میں هوا * اُس کي همت اور سخاوت کي شہرت آج تک

शास्त्र
अर्बुद गिर
अग्निकुंड
प्रमर
चोहान
सोलंकी
परिहार
संस्कार
द्विजन्मा
प्रमरगोत्र
वीर विक्र-
मादित्य
शकारि

अंधापाट-
ली पुत्र
शूद्र । कन्न
सुंग
महाकर्ण

---

† عیسی مسیح کے جنم دن سے سنہ عیسوي گنا جاتا هی *

چلي جاتي هي + ديپ ديپ ميں اُس كي بڑائي گائي جاتي هي *
اندهر بنس كے آخري راجا كا نام پلوم تها + يهه پلوم بهي هندوستان كا
بڑا نامي راجا هوا * اور اُس كے راج كاج كا چرچا چين تك پهنچا +
آخري وقت ميں وه آپ سے آپ گنگا ميں ڈوب مرا * پهر اُس كا
سينابتي يعني سپهسالار رامديو گدّي پر بيٹها + سمندر كے كنارے سے
كشمير تك سب راجا اُس كے تابع تهے جب وه مرا تو اِس كا بهي
سپهسالار پرتاپ چندر راجا هوا * اُسي كے زمانے ميں ايران كے بادشاه
نوشيروان كا لشكر هندوستان پر چڑها تها اور جتنا خراج اِس ملك كا
باقي پڑا تها سب پرتاپ چندر سے دام دام بهر لے گيا + نوشيروان جس كا
عدل اِنصاف آج تك مشهور هي سنه ٥٣١ عيسوي ميں تخت پر
بيٹها تها * پرتاپ چندر كے مرنے بعد اُس كے سارے سپهسالار اپنے اپنے صوبے
دبا بيٹهے + اور جيسے ناؤ كي برات ميں جنے جنے ٹهاكر جدا جدا
راجا هوگئے * اِن سيناپتيوں كے يعني سپهسالاروں كے راج كو اندهر
بهرتيوں كا يعني اندهر كے نوكروں كا راج كهتے هيں + اُس زمانے
ميں چهتريوں سے راج بالكل جاتا رها تها برهمنوں سے ليكر شودر اهير
پهاڑي اور جنگليوں تك مگدهه پرياگ متهرا كاشي كنّوج وغيره ميں
خود مختار هوكر راج كرنے لگے تهے نوشيروان كے لشكر نے اُديپور كے راجاؤں
كي پهلي دارالسلطنت بلّبهي پور يا بلبهي † كو ناش كرڈالا اور راجا كے
بنس ميں كسي كو جيتا نه چهوڑا يے راجا اپنے تئيں رامچندر كے بيٹے لَو
كي اولاد ميں بتلاتے هيں * خالي ايك راني پشپاوتي وهاں سے بچ كر
بهاگي + اور مالياگر كي كسي كهوه ميں جاكر چهپ رهي * راني كو
حمل تها + وهاں اُس كے ايك لڑكا پيدا هوا نام اُس كا گوه ركها * وهي
لڑكا ايدر كو جو بلبهي اور اُديپور كے بيچ ميں هي اپنے قبضے ميں لاكر
وهاں كا راجا هوا + اور كهتے هيں كه نوشيروان كي پوتي ‡ سے بياه كيا *

पुलोम
रामदेव
प्रतापचन्द्र
सन ५२१ ع
अंधभृत्य
लव
पुष्पावती
गोह

---

† گجرات ميں بهاؤنگر سے ٢٠ ميل پچهم جهاں اب بلّے بسا هي *
‡ معاصرالامرا اور بساطالغنائم دونوں تواريخوں ميں لكها هي كه جب ايران كا
آخري آريه (आर्य) اور اگني هوتري (अग्निहोत्री) يعني آتش پرست بادشاه
يزدگرد عرب والوں سے شكست كها كر مارا گيا اُس كي بڑي بيٹي ماهبانو بهاگ كر
هندوستان ميں چلي آئي اُسي كي اولاد ميں اُديپور كے رانا هيں يزدگرد نوشيروان
كے پوتے كا پوتا تها ليكن نوشيروان كا پوتا خسرو پرويز بهي نوشيروان كهلايا اور اُس
نے روم كے عيسائي قيصر مارس كي بيٹي مريم سے بياه كيا تها *

گوہ کے بعد آٹھہ راجا اِیدر کي گدّي پر بیٹھے آٹھویں راجا کا چھوٹا لڑکا جس کا نام باپا تھا اپنے باپ کے مارے جانے پر بھانڈیر میں بھگ گیا + اور وھاں گڈریوں میں پل کر سنہ ۷۰۰ع کے لگ بھگ چتّوڑ کو چلا آیا اور وہیں رھنے لگا * اُسي زمانے میں مسلمانوں کے پیغمبر محمد † کے مرنے کے بعد دوسرے خلیفہ عمر نے ایران فتح کر کے کچھہ فوج ھندوستان کي طرف بھیجي لیکن اُس کا سپہ‌سالار پہلي ھي لڑائي میں مارا گیا + پھر خلیفہ علي نے لشکر بھیج کر سندھہ ندي کے کنارے کا کچھہ ملک فتح کیا لیکن علي کے مارے جانے پر وہ لشکر اُس ملک کو آپ ھي چھوڑ کر چلا گیا *

باپا | سنہ ۷۰۰ع

سنہ ۷۱۱ع میں جب کہ ولید خلیفہ تھا مسلمانوں کے لشکر نے بڑي آفت مچائي سارا سندھہ اپنے قبضے میں کر لیا + اور بہت راجاؤں سے خراج وصول کیا * اُسي لشکر کے سپہ‌سالار قاسم کا بیٹا محمد تین برس بعد پھر ھندوستان پر چڑھا اور گجرات فتح کر کے چتوڑ کي طرف جُھکا + لیکن باپا سے شکست کھا کر بھاگنا پڑا * باپا نے کھندبھات کے حاکم سلیم کي لڑکي سے بیاہ کیا اور چتّوڑ کے پہلے راجا کو نکال کر آپ وھاں کا راجا بن گیا + پھر تھوڑے ھي دن پیچھے اپنا ملک اور مت چھوڑ کر خراسان کي طرف چلا گیا * سنہ ۸۱۲ع میں خلیفہ ھارون‌الرّشید کے بیٹے مامون‌الرّشید خراسان کے حاکم نے ایک بڑے لشکر کے ساتھہ ھندوستان میں آکر چتوڑ پر چڑھائي کي اُس وقت چتوڑ میں باپا کے پوتے کا بیٹا راج پر تھا نام اُس کا راجا کھمان تھا + اُس سے اور مامون سے چوبیس لڑائیاں ھوئیں لیکن آخر مامون شکست کھاکر ھندوستان سے بھاگ گیا * اِس کے بعد سنہ ۹۷۰ع میں خراسان کے بادشاہ امیر ناصرالدین سبکتگین نے ھندوستان پر چڑھائي کي اور پنجاب کي سرحد کے کئي قلعے فتح کر لیئے یہہ خبر سُنکر لاھور کا راجا جیپال ایسا بگڑا کہ اپني فوج سندھہ پار لے جاکر خواسان پر چڑھہ دوڑا + وھاں عجب ماجرا ھوا کہ سبکتگین سے راجا نے شکست کھاکر اُسے خراج دینا

सन ७११ | सन ८१२ | खमान | सन ९७० | जयपाल

† محمد سنہ ٥٦٩ع میں پیدا ھوئے تھے اور مکے سے مدینے گئے تبھي سے سن ھجري جاري ھوا *

قبول کیا لیکن جب وہاں سے چھوٹ کر لاهور میں آیا تو اُس نے بادشاہ کو وہ خراج نہیں بھیجا * اِس لیئے سبکتگین نے پھر پنجاب پر چڑھائي کي + راجا جیپال بھي دلّي اجمیر کالنجر اور کنّوج کے راجاؤں کي کمک لے کر سندھ پار اُترا اور لمغان کے پاس جا کر سبکتگین سے لڑا ندان پھر بھي اُسي کي فوج نے مسلمانوں کے لشکر سے شکست کھائي *

اُس وقت اُجّین اور پاٹلي پتر کے راج کو بگڑے بہت دن ہو چکے تھے اور نئے نئے راجا هندوستان کے جدا جدا ملک میں راج کرتے تھے * جب سے مہاراج بکرم نے دلّي کے راجا کو دور کیا + تب سے وہ راج پانچ سو برس سے اُوپر بِنا راجا پڑا رہا * یہاں تک کہ زمانے کے پھیر سے دلّي کو تومر راجاؤں نے اپني دارالسلطنت بنائی + اننگ پال تک اِس گھرانے کے اِکیس راجا دلّي کي راج گدي پر بیٹھے تھے اننگ پال نے اپنے ناتي † پرتھي راج چوهان اجمیر والے کو گود لیا * کنّوج کے راج پر راٹھوروں کا قبضہ تھا + میواڑ گوهلوتوں کے هاتھہ میں تھا * گجرات میں سولنکي راج کرتے تھے + سواے اِن کے اور بھي بہت سے چھوٹے چھوٹے راجا تھے اپنے ڈیڑھہ چاول کي کھچڑي جدا هي پکاتے تھے * آپس کي پھوٹ سے مسلمانوں کو یہاں چلے آنا سہج هو گیا + اور دیکھتے هي دیکھتے سارا ملک دبا لیا *

तोमर

अनंगपाल

पृथीराज

سلطان محمود غزنوي

جب سبکتگین مرا + تو اُس کے بیٹے محمود کو تیسواں برس تھا * سات مہینے کے اندر اپنے بھائي اِسمعیل کو جو تخت پر بیٹھہ گیا تھا قید کر کے آپ بادشاہ هوا اور سلطان اپنا لقب رکھا + سلطان عربي زبان میں بادشاہ کو کہتے هیں اُس سے پہلے یہہ لقب کسي بادشاہ نے نہیں اختیار کیا تھا *

سنہ ۹۹۷ع

اُس وقت فارس وغیرہ پچھم دیس کي مسلماني سلطنتیں ایسي کم زور پڑ گئي تھیں + اور آپس میں لڑائي جھگڑا رکھتي تھیں * کہ جو

---

† بیٹي کا بیٹا یعني دُهیتا *

محمود اُدھر کو اپنے لشکر کی باگ اُٹھاتا + سمندر تک اُسے کوئی روکنے والا نہ تھا * پر ھندوستان کی دولت اور زر خیزی ایسی مشہور تھی + اور دوسرے مذھب والوں کو زبردستی مسلمان بنا لینا بھہ اُس مذھب والوں کے نزدیک اُن دنوں نام پیدا کرنے کے لیئے ایسی ایک بڑی بات تھی * کہ محمود سا حوصلے والا اِس عجیب بےنظیر ملک کو چھوڑکر کب کسی دوسرے پر دل چلاتا + بھلا امرت پھل چھوڑکر وہ کب اندرائن کھاتا *

ایران میں مسلمانوں کا دخل ھونے سے کچھہ اُوپر ۳۵۰ برس بعد محمود نے دس ھزار چنے ھوئے سوار لے کر اپنی دارالسلطنت غزنین سے ھندوستان کی طرف کوچ کیا + پہلا مقابلہ پشاور کے پاس اُس کے باپ کے پرانے دشمن لاھور کے راجا جیپال سے ھوا بادشاہ نے فتح پائی راجا قید میں آ گیا * پھر محمود نے ستلج پار ھوکر بتّندے کے قلعے پر ھلّا کیا + اور لے کر اُسے خوب لوٹا * تب تک بتّندا بہت آباد اور نامی مقام تھا + لاھور کا راجا وھاں آکر اکثر رھا کرتا تھا *

سنہ ۱۰۰۱ع

बितंडा

محمود نے غزنین پہنچنے پر جیپال سے خراج دینے کا پھر نیا قول قرار لیکر اُسے قید سے خلاص کیا اور اُس کے ساتھہ اور بھی بہت سے ھندؤں کو چھڑوتی لے لیکر بند سے چھوڑ دیا + لیکن جیپال کے جی میں اُس مسلمان کے قید کی کچھہ ایسی غیرت سی آگئی کہ چھوٹتے ھی راج پاٹ اپنے لڑکے انندپال کو دے آپ شانل یعنی پھوس کی آگ میں جل مرا *

سنہ ۱۰۰۴ع

انندپال اپنے باپ کے قول قرار پر چلا گیا + اور محمود کو جو کچھہ کہ خراج ٹھہرا تھا برابر دیتا رھا * لیکن اُس کے ذیلداروں میں سے بھٹنیر کے راجا نے اپنے حصّے کا خراج ادا کرنے سے اِنکار کیا + اِس لیئے محمود کو وھاں آنا پڑا * راجا سندھہ ندی کے کنارے جنگلوں میں بھاگ گیا + اور پھر وھاں نا اُمیدی کے سبب اُس نے اپنے تئیں آپ ھی مار ڈالا *

تیسري بار محمود مُلتان کے حاکم ابوالفتح لودي کو جو اُس سے پھر کر راجا انندپال سے مل گیا تھا زیر کرنے کو اِس طرف فوج لایا راجا نے اپنے میلي کي پچھہ کي + پر آخر ہار کر کشمیر بھاگنا پڑا ابوالفتح نے کچھہ نذر نذرانہ دے کر محمود کو راضي کر لیا محمود کو بھي غزنین جلد لوٹنا منظور تھا کیونکہ اُدھر سے تاتار کے بادشاہ کے چڑھائي کي بہت گرم خبر آئي تھي *

سنہ ۱۰۰۵ ع

محمود کے ساتھہ پانچسو ھاتھي جنگي موجود تھے توپخانے کي تب تک کوئي قدر نہ جانتا تھا + اور نہ اُس کي حکمتوں سے واقف تھا * ھاتھیوں کے سامنے تاتاریوں کے گھوڑے کاھے کو ٹھہر سکتے تھے بلخ کے پاس لڑائي ھوئي محمود نے فتح پائي + تاتاریوں نے پیٹھہ دکھائي *

سنہ ۱۰۰۶ ع

محمود سندھہ کنارے کے ضلعوں کو سکھہپال کے سپرد کر گیا تھا + یہہ سکھہپال ھندو سے مسلمان بنا تھا * لیکن جب محمود بلخ کي طرف گیا + تو اُس نے پھر ھندو بن کر اُس کي اطاعت سے سر پھیرا * محمود نے بلخ سے لوٹ کر اِسے تو جنم بھر کے لیئے قلعے میں قید کر دیا + اور انندپال کو سزا دینے کے لیئے لشکر اِکٹّھا کیا *

سنہ ۱۰۰۸ ع

انندپال بھي غافل نہ تھا دیس دیس کے راجاؤں سے دوت یعني ایلچي بھیج بھیج کر کہلا بھیجا + کہ اِس محمود کا اِدھر بڑھنا ھم سب کے واسطے ایک سا مضر ھے اِس کے ھاتھہ سے کسي کا بھي دھرم اور دھرتي اور دھن نہیں بچیگا اگر کچھہ حوصلہ اور ھمت رکھتے ھو تو آؤ رن میں میرا ساتھہ دو اب تک بھي کچھہ نہیں بگڑا ھے ندان اُجین — گوالیر — کالنجر — کنّوج — اجمیر اور دلي کے راجا اپني اپني سینا سج کے انندپال کا ساتھہ دینے کو پنجاب کي طرف سدھارے پشور کے پاس ھي لڑائي ھوئي اِتفاق سے انندپال کا ھاتھي بھڑک گیا اور پیچھے کو بھاگ چلا + لشکر نے اپنے سیناپت یعني سپہسالار کو بھاگا سمجھہ کر رن سے منہہ موڑا * محمود نے پنجاب تک اُن کا پیچھا کیا وے تو جدھر تدھر تین تیرہ ھوگئے محمود نے میدان سونا پاکر نگرکوٹ یعني کوٹ کانگڑا جالوٹا + سات لاکھہ دینار سات سو

ا ع

ا ع

من † سونے چاندي کا اسباب دو سو من نرا سونا دو هزار من چاندي اور بیس من جواهر وهاں محمود کے هاتهه لگا *

سنه ۱۰۱۰ع سنه ۱۰۱۰ عیسوي میں محمود مُلتان سے ابوالفتح لودي کو قید کر لے گیا اور پهر دوسرے سال آکر تهانیسر لوٹا + اور جہاں تک هندو اُس کے هاتهه لگے اونڈي غلام بنانے کو غزنین لے گیا * کہتے هیں که وهاں ایک مانک اُسے ساتهه تولے کا ملا + اِس کے بعد اُسنے دو دفعه کشمیر پر حمله کیا *

سنه ۱۰۱۷ع نویں چڑهائي اُس کي هندوستان پر بڑي تیاري کے ساتهه هوئي تواریخ فرشته میں اُس کے لشکر کي تعداد ایک لاکهه سوار اور بیس هزار پیدل لکهي هی وه اپنے لشکر کو اِس ڈهب اچانک کنوج کے سامنے لے آیا که وهاں کے راجا کنور راے سے کچهه بهي نه بن پڑا + گلے میں دوپٹه ڈال کر بال بچوں سمیت محمود کے پاس چلا آیا * محمود نے جو اپني عمر میں تعریف کے لائق کوئي کام کیا + تو وه یهي اِس وقت اپني بڑائي کا دکهلانا تها * راجا کي بڑي خاطرداري کي + اور اُسے هر طرح سے تسلّي دي * تین دن تک راجا کا مہمان رها + چوتهے دن کنوج سے غزنین کو لوٹا * ‡ کتابوں میں اُس وقت والوں نے کنوج کي

† من کئي طرح کا هوتا هی هندوستان میں چالیس سیر کا گنا جاتا هی لیکن اُس میں بهي سیر کم زیاده رهتا هی تواریخ فرشته کے بموجب علاءالدین خلجي کے زمانے میں جو سنه ۱۲۹۵ع میں تخت پر بیٹها تها یہاں چوبیس تولے کا سیر تها که اِس حساب سے جب کا من اب کا باره‌هي سیر کا هوا تبریزي من ساڑهے پانچ سیر کا هوتا هی اور عرب کا من کل دو سیر کا پر محمود کے ساتهه والوں نے اگر سیر کا بهي من مانا هو تو بهي بہت هوتا هی *

‡ لیکن تاریخ یمیني میں لکها هی که راجا گنگا پار بهاگ گیا بادشاه نے ایک هي روز میں ساتوں قلعے جو الگ الگ گنگا کنارے بنے هوئے تهے فتح کر لیئے دس هزار کے لگ بهگ وهاں مندر تهے بادشاه نے اپنے سپاهیوں کو لوٹنے اور قیدي لینے کي اِجازت دي " لوگ اپني گونگي بہري مورتوں " کا یهه حال دیکهکر مارے ڈر کے جدهر راه پائي نکل گئے سب " بیوه اور یتیموں کي طرح " پریشان هوئے جو نکل نه جا سکے قتل کیئے گئے *

بڑي بڑائياں لکھي هيں + کوئي اُس کي شهر پناه کا گهيرا پندره کوس کا لکهتا هی کوئي اُس ميں تيس هزار تمبوليوں کي دوکان بتاتا هی کوئي وهاں کے راجا کي فوج ميں پانچ لاکهه پيادے گنتا هی کوئي اُس ميں تيس هزار سوار اور اسّي هزار زره‌پوش اور بڑهاتا هی پر اب تو نرا ايک قصبه سا باقي ره گيا هی ٹوٹي پهوٹي عمارت البته دور دور تک اُس کے گرد نظر پڑتي هيں *

محمود رستے ميں متهرا کو تباه کرتا گيا بيس دن تک اُسے لوٹا + اور مورتوں کو توڑوا کے مندروں ميں بُرا بُرا کام کيا * سو اُونٹ نري توڑي هوئي چاندي کي مورتوں سے بهر کے لے گيا + پانچ خالي سونے کي تهيں اُن ميں ايک کا وزن همارے اب کے چار من سے اُوپر تها * مهابن کو قتل کيا راجا اپنے بال بچوں کو مار کر آپ بهي مر رها + اِس بار محمود يهاں سے پانچ هزار تين سو آدميوں کو غزنين پکڑ لے گيا *

دسويں بار محمود کو کنوج کے راجا کي مدد کے واسطے آنا پڑا + پر کالنجر کے راجا نے اُسے محمود کے پهنچنے سے پهلے هي کاٹ ڈالا تها * اور گيارهويں بار وه کالنجر کے راجا سے لڑنے کو آيا + لاهور کے راجا انندپال کے بيٹے نے کنوج کے آنے ميں محمود کا مقابله کيا تها اِس ليئے محمود نے اُس کا راج چهين کر غزنين ميں ملا ليا *

ا ع

سنه ۱۰۲۴ ع

بارهواں حمله محمود کا پٹّن سومناتهه پر هوا + اب تو يهاں والے اُس کا نام تک بهي بهول گئے پر اُس وقت وه اِس ديس کے بڑے تيرتهوں ميں گنا جاتا تها * گجرات کے جزيره‌نما کے دکهن سمندر کے کنارے سومناتهه مهاديو کا نامي مندر بنا تها + چهپن کهنبهے اُس ميں جواهر جڑے هوئے لگے تهے اور دو سو من بهاري سونے کي زنجير سے گهنٹا لٹکتا تها * دو هزار گانو اُس کے خرچ کے واسطے معاف تهے + اور دو هزار پنڈے وهاں کے پجاري گنے جاتے تهے * تيرتهه کي جگهه سمجهه کے آس پاس کے بهتيرے راجه اُس کے بچانے کو اِکٹهے هو گئے + پر محمود کب چهوڑتا تها تين دن تک لڑائي هوتي رهي پانچ هزار سے اُوپر رجپوت کهيت رهے باقي ناؤں پر

ا ع

سوار ہوکر نکل گئے * محمود جب مندر میں گیا برہمن بہت گڑ گڑائے اور عرض کیا کہ آپ مورت کو نہ چھوویں تو جتنا روپیہ کہیں ہم دنڈ بھریں بادشاہ نے کہا کہ میں بت شکن ہوں بت فروش نہیں بنا چاہتا + یعني موُرتوں کا توڑنے والا ہوں بیچنے والا نہیں بنونگا * اور یہہ کہہ کے ایک گرز اُس بیچ گزي مورت میں ایسا مارا کہ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگئي پر دیکھو اُس مالک کي قدرت کہ اُس کے بھیتر سے اِتنے ھیرے موتي اور جواہر نکلے جنکا مول اُس دنڈ سے جو برہمن دینا قبول کرتے تھے کہیں بڑھہ کر تھا + محمود نے اُس مورت کے دو ٹکڑے تو مکّے مدینے بھجوا دیئے اور دو غزنین میں اپني کچہري اور مسجد کي سیڑھیوں میں جڑوا دیئے کہتے ہیں کہ اِس حملے میں کم سے کم دس کروڑ کا مال محمود کے ھاتھہ لگا * † غزنین پہنچ کر ترت ہي محمود کو ایک بار مُلتان تک پھر آنا پڑا + وہاں اُن جاتوں کو جنھوں نے سومناتھہ سے لوٹتے وقت اُس کے سپاھیوں کے ساتھہ کچھہ چھیڑ چھاڑ کي تھي سزا دینا بہت ضرور تھا * لیکن پھر ھندوستان پر کوئي چڑھائي نہیں کي ایران توران ہي کي مہموں میں پھنسا رہا + یہاں تک کہ سنہ ۱۰۳۰ع میں بیمار ہوکر اِس دنیا سے اُٹھہ گیا * ‡ مرنے سے کچھہ دیر پہلے اُس نے خزانے سے منگواکر سونے چاندي اور جواہرات کا اپنے آنکھوں کے سامنے ڈھیر لگوا دیا اور پھر دیر تک اُنھیں دیکھہ دیکھہ کر رویا کیا + یہہ نہیں معلوم کہ وہ اُن ظلم اور زیادتیوں کو سوچ کر روتا تھا کہ جن سے وہ ھاتھہ لگے یا اِس بات کو کہ اب اُنھیں ساتھہ نہ لے جاسکتا تھا *

سنہ ۱۰۳۰ع

ندان سنہ ۱۱۸٦ع تک غزنین کي سلطنت اِسي محمود کے گھرانے میں رہي پر ھندوستان پر ایسا کسي نے دل نہیں چلایا + ہاں پنجاب کو جسے محمود نے غزنین کي سلطنت میں ملا لیا تھا البتہ اپنے تحت میں رکھا * اُس کے پرپوتے دوسرے مسعود کے وقت میں

سنہ ۱۰۹۸ع

---

† وہ چندن کے کواڑ جو سرکاري فوج سنہ ۱۸۴۲ع میں غزنین سے اُکھاڑ لائي تھي اور اب آگرے نے قلعے میں رکھے ہیں اِسي سومناتھہ کے بتلاتے ہیں *

‡ تاریخ وفات محمود غزنوي شاہباز جنان سنہ ۴۲۰ ھجري *
مئے عشرت سے کوئي جام جو بھر لیتا ہے آسمان اُس کا وہیں کاسۂ سر لیتا ہے

کچھہ فوج گنگا کے پار تک آکر لوٹ مار کرتي هوئي پھر لاهور کو مُڑگئي تھي سنه ۱۱۸٦ع میں محمود کے پرپوتے کے پرپوتے خسرو ملک کو شہاب‌الدین محمد غوري لاهور سے قید کر لے گیا + اور اُسي کے ساتھہ وہ غزنین کا گھرانا تمام هوا *

سنه ۱۱۸٦ع

شہاب‌الدین محمد غوري

قندهار سے سات آٹھہ منزل آگے غور ایک جگہہ هی مدت سے وهاں کے حاکم الگ هوتے آئے تھے محمود غزنوي نے اپنے تابع کر لیا تھا + اور اُس کے جانشینوں میں سے بهرام نے اپني لڑکي کا بیاہ بھي وهاں کے حاکم قطب‌الدین محمد کے ساتھہ کر دیا تھا * پر پھر آپس میں جو تکرار پڑگئي تو وہ یہاں تک بڑھي + که بهرام نے اپنے داماد کي جان هي لے ڈالي اور اُس کے بھائي سیف‌الدین کي بھي بڑي نوبت کي * منہہ کالا کر کے بیل پر شہر میں گھمایا + اور پھر سر کٹوا کے ایران کے بادشاہ کے پاس بھیج دیا * اِنھیں اپنے دونوں بھائیوں کا بدلا لینے کو علاءالدین غوري نے جسے تواریخ والوں نے جہاں سوز خطاب دیا هی غزنین پر چڑھائي کي سات دن کي لوٹ مار میں شہر کو تو پھونک پھانک کر بالکل نیست نابود کر دیا اور شہر والوں کو جو اِس کے ساتھیوں کي تلوار سے بچے بہتوں کو پکڑ کر غور لے گیا + اور وهاں اپنے مکانوں کے لیئے اُن کے لوهو سے گارا سنوایا * ندان اِسي علاءالدین کے بھتیجے شہاب‌الدین محمد غوري کي قید میں جیسا که ابھي اُوپر لکھہ آئے هیں بهرام کا پوتا خسرو ملک جو محمود کے گھرانے میں آخري بادشاہ هوا جان سے گیا + اور غزنین کا سارا راج غور میں ملا *

اع

هندوستان میں مسلمانوں کي بادشاهي کي جڑ جمانے والا اِسي شہاب‌الدین کو سمجھنا چاهیئے سنه ۱۱۷٦ع میں اُس نے اُچّ لیا تھا اور دو برس بعد گجرات پر چڑھائي کي + لیکن وهاں اُس نے شکست کھائي * پھر کچھہ دنوں پیچھے سندھہ کو لوٹا + اور سنه ۱۱۹۱ع میں دلّي کي طرف فوج لایا *

اع

سنه ۱۱۹۱ع

اِس پہلي لڑائي میں جو تھانیسر اور کرنال کے بیچ تلاوڑي کے میدان میں هوئي شہاب‌الدین نے پرتھي راج سے شکست کھائي * پر سنه

سنه ۱۱۹۳ع

۱۱۹۳ع میں وہ بڑي بھاري فوج لے کر آیا + جي چند راٹھور کنوج والے کو اپنے موسیرے بھائي پرتھي راج کا اننگ پال کي گود بیٹھنا اور دلي اور اجمیر کا راج ایک ہوکر اُس کا بڑھنا بہت برا لگا تھا * راج سوجگ اور اپني بیٹي کے سویمبر † میں اُسے نہ بُلاکر اُس کي مورت سونے کي بناکر دربانوں کي جگہہ رکھوا دي پرتھي راج یہہ حال سنکر بڑے غصے میں آیا + اور چنے ہوئے سرداروں کے ساتھہ دھاوا مار کر جي چند کي بیٹي کو ہر یعني اُٹھا لے گیا اِس میں پرتھي راج کے اچھے اچھے آدمي کام آئے + یعني ایک سو آٹھہ سرداروں میں سے چوسٹھہ کھیت رھے * اور یہي آپس کا بیر برودھہ اِس دیس میں مسلمانوں کے غالب ہو جانے کا اصلي سبب ہوا + پرتھي راج کو اِس نازک وقت میں جي چند کي مدد کا کچھہ بھي بھروسا نہ تھا * بلکہ دشمن سے سازش رکھنے کا کھٹکا تھا + تو بھي گھمنڈ کے نشے میں چور تھا اپنے زور کے آگے دشمن کي کچھہ حقیقت نہیں سمجھتا تھا * تین ہزار ہاتھي اور تین لاکھہ سواروں کا لشکر اِکٹھا کر لیا تھا + پیدلوں کا کچھہ شمار نہ تھا * ڈیڑھہ سو سے اُوپر اِس کے لشکر میں راجا گنے جاتے تھے شہاب الدین جیسے دودھہ کا جلا چھاچھہ بھي پھونک پھونک کر پیتا ہے بڑي خبرداري سے لڑتا تھا + لڑائي کے وقت دھوکھا دینے کے لیئے یکبارگي اپنے لشکر کي باگ پیچھے موڑدي ہندوؤں نے سمجھا کہ مسلمانوں کے پاؤں اُکھڑے پیٹھہ دکھا کر بھاگے جاتے ہیں آگا پیچھا کچھہ نہ بچارا جدھر جس کا جي چاہا دشمن کا پیچھا کرنے کو قدم اُٹھایا * شہاب الدین نے جب دیکھا کہ ہندو بکھر گئے بارہ ہزار چنے ہوئے زرہ پوش سواروں کے ساتھہ جھٹ آ راجا کو دھر دبایا + بہتیرے سور اور ساونت اُس جگہہ کام آئے چتوڑ کا راجا سمرسي بڑي بہادري کے ساتھہ مارا گیا * پرتھي راج کو شہاب الدین نے جیتا پکڑ لیا + اور پھر اُس کے گلے پر چھُرا چلوایا * ‡ سچ ہے فتح اور شکست بالکل اُس مالک

---

† یہہ جگ اور سویمبر (यज्ञ और स्वयम्बर) اِس دیس میں آخر ہوا پھر کبھي کسي نے اِس کا حوصلہ نکیا *

‡ پرتھي راج کا سب حال اُس کے بھاٹ چند کبیشور نے پرتھي راج راےسے میں بہت اچھي طرح لکھا ہے *

کے هاتهه هی اجمیر میں اِس نے هزاروں کو قتل کیا + اور هزاروں کو لونڈي غلام بنایا * اور تب پرتهي‌راج کے کسي رشتےدار کو بهاري خراج دینے کے قرار پر وهاں کا راج دے کر اور اپنے غلام قطب‌الدین ایبک کو هندوستان میں چهوڑ کر آپ غزنین کو لوٹ گیا + قطب‌الدین نے دلي اور کویل پر اپنا قبضه کیا *

سنه ۱۱۹۴ع پهوٹ کا یهي پهل هی که دونوں برباد هوں پس کنّوج کا راجا جی‌چند راتهور بهي کب بچنے پاتا تها + دوسرے سال شهاب‌الدین نے اُس پر چڑهائي کي اور اِٹاوے کے اُتر اُسے شکست دے کر بنارس تک اپنے قبضے میں کر لیا گویا بنگالے کا دروازه مسلمانوں کے لیئے کهول دیا جی‌چند اِس لڑائي میں قطب‌الدین کے تیر سے مرا * اُس کے گهر بار کے لوگ انتربید چهوڑ کر مارواڑ کو چلے گئے + کهتے هیں که شهاب‌الدین نے بنارس میں کم سے کم ایک هزار مندر توڑوائے *

سنه ۱۱۹۵ع سنه ۱۱۹۵ع میں شهاب‌الدین پهر هندوستان میں آیا اور بیانا لے کر گوالیر کا محاصره کیا + لیکن اِسي عرصے میں کسي ضرورت کے سبب اُسے اپنے ملک کي طرف لوٹ جانا پڑا * سنه ۱۲۰۶ع میں ایک دن جب اُس کا ڈیره هوا کے واسطے عین سندهه ندي کے کنارے پر پڑا تها + آدهي رات کے وقت کئي ایک بدمعاش جن کے رشته‌دار اُس کي لڑائیوں میں مارے گئے تهے دریا میں تیر کر ڈیرے کے اندر گهس آئے اور تلواروں سے اُس کا قیما کر ڈالا * † خزانه اِس کے پاس بهت تها + تواریخ فرشته کے بموجب پانچ من تو اُس میں نرا هیرا تها * غزنین میں تخت پر اِس کا بهتیجا محمود غوري بیٹها + لیکن هندوستان پر قطب‌الدین ایبک کا قبضه رها * مالوه اور اُس کے آس پاس کے ضلعوں کے سواے بالکل دخل میں آگیا تها + سندهه اور بنگاله بهي فتح هوا جانا تها * گجرات کي دارالسلطنت انهل واڑے پر مسلمانوں کا جهنڈا پههراتا تها + اور جو راجا ره گئے تهے اُنهوں نے خراج دینا قبول کرلیا تها * محمود غوري نے تخت پر بیٹهتے هي قطب‌الدین ایبک کو بادشاهي کا خلعت اور خطاب بهجوادیا + اور پهر تب سے یهي قطب‌الدین ایبک هندوستان کا بادشاه کهلایا *

سنه ۱۲۰۶ع

---

† تاریخ وفات شهاب‌الدین محمد غوري صاحب‌السریر سنه ۶۰۲ هجري *

قطب الدین ایبک †

قطب‌الدین ایبک کو بچپن میں کسی دولت‌مند نے نیشاپور کے درمیان غلامی میں مول لیا تھا اور اُسی نے اُسے فارسی عربی پڑھایا + اُس کے مرنے پر وہ ایک سوداگر کے ہاتھہ بکا اور اُس سوداگر نے اُسے شہاب‌الدین محمد غوری کو نذر کیا * شہاب‌الدین کی اُس پر ایسی مہربانی ہوئی کہ ہوتے ہوتے وہ ہندوستان کا بادشاہ ہوگیا + کیا قدرت ہی خالق برحق اور قادر مطلق کی کہ جسنے لڑکپن میں نیشاپور کے سوداگروں کی غلامی کی وہ بڑھاپے میں ہندوستان کے تخت پر مرا ‡ اور اِس دیس میں مسلمانوں کے راج کی جڑ جمانے والا ہوا *

آرام شاہ

سنہ ۱۲۱۰ع چوگان کھیلتے گھوڑے سے گرکر قطب‌الدین ایبک کے مرنے پر اُس کا بیٹا آرام‌شاہ برس بھر بھی تخت پر نہ بیٹھنے پایا تھا + کہ اُس کے بہنوئی شمس‌الدین التمش نے تاج بادشاہی کا اپنے سر پر رکھا *

شمس الدین التمش ¶

قطب‌الدین ایبک نے اِسے ایک ہزار روپئے پر مول لیا تھا + جس دن اِس نے آرام‌شاہ سے تخت چھینا یہہ بہار کا صوبےدار تھا * اِسی

† ایبگ ترکی میں اُسے کہتے ہیں جس کے ہاتھہ کی چھوٹی اُنگلی ٹوٹی ہو *

‡ تاریخ وفات قطب‌الدین ایبک سلطنت پناہ سنہ ۶۰۷ ہجری *

¶ رسالہ ترکی والہ التمش کے معنی فوج لکھتا ہی جو میان ہراول و سردار ہو اور تواریخوں میں اِس کا یہہ نام پڑنے کا باعث یوں لکھا ہی کہ وہ بروز خسوف متولد ہوا بہرکیف قاضی منہاج‌السراج جرجانی کے اشعار ذیل سے میم مکسور اور مشدد معلوم ہوتا ہی اگر تشدید جائز نہ رکھیں (ت) کے کسرہ کو بڑھا کر خواہ (ت) کو (ی) کے ساتھہ ملا کر پڑھنا پڑیگا *

آن خداوندے کہ حاتم بذل و رستم کوشش است
ناصر دنیا و دین محمود بن التمش است
ز فر ناصرالدین شاہ محمود ابن التمش
ملک نزدھی دعا خواندہ فلک پیشش زمین گشتہ

اور اِس تاریخ کے شعر سے ساکن

چو شش صد سی و سہ از سال ہجری گذشت و بست روز از ماہ شعبان
بشد سلطان شمس‌الدین التمش بسوے جنت‌المارا خرامان

عرصے میں چنگیزخان † مغلوں کا سردار بے شمار فوجیں لے کر تاتار سے باہر نکلا تھا + اور سندھ پار کے دیسوں میں قیامت کا سا ھنگامہ مچا رکھا تھا * کہتے ھیں کہ ملکوں کي تباھي ایسي آج تک کبھي کسي نے نہیں کي + جیسي اِس مغل کے ھاتھہ سے مالک کو منظور ھوئي * جہاں جاتا تھا سوا‌ے کاتنے مارنے ڈھانے جلانے لوٹنے ڈوبانے کے اور کچھہ بھي اُسے کام نہ تھا + گویا اِس ساري دنیا کو اُس نے بے آدمي کر ڈالنا بچارا تھا * جب خوارزم کا بادشاہ جلال الدین جان بچانے کے لیئے گھوڑا تیرا کر سندھہ اس پار بھاگ آیا تو مغلوں کي کچھہ فوج اِس کا پیچھا کرتي ھوئي مُلتان اور سندھہ کے علاقے تک پہنچي تھي + پر شمس الدین التمش نہایت عقلمند تھا جونہیں جلال الدین نے اِس ملک میں کچھہ دن ٹھہرنے کا اِرادہ ظاھر کیا ترت اُسے کہلا بھیجا کہ یہاں کي آب ھوا آپ کے مزاج مبارک کے موافق نہ آویگي * جلال الدین سمجھہ گیا + سندھہ سے اِیران کي طرف چلتا ھوا * اِس لیئے مغلوں کي فوج بھي لوت گئي * پر نمونہ اپنے ظلم کا اُتنے ھي میں دکھلاتي گئي * یعني دس ھزار ھندو جو غلام بنانے کے واسطے پکڑ لیئے تھے + جب لشکر میں رسد کي کمي ھوئي تلواروں سے کات ڈالے * بیچارے اِن بیگناھوں میں سے چھوڑا ایک کو بھي نہیں چنگیزخان اور اُس کے ساتھہ کے مغل مسلمان نہ تھے + بلکہ ایک طرح کے بودھہ تھے وے موُرتوں کو پوجتے تھے اور بید اور قرآن دونوں کو ایک سا سمجھتے تھے *

شمس الدین التمش نے اپنا دبدبہ سارے ھندوستان پر جمایا سندھہ اور بنگالہ بھي بخوبي فتح کر لیا + رنتھنبھور جسے رنت بھنور بھي کہتے ھیں اور مانڈو کے مشہور قلعوں کو سر کیا * اُجین میں مہاکال کا سو گز اُونچا نامي مندر توڑا + اور گوالیار کو دو بارا اپنے قبضے میں لایا * بغداد کے خلیفہ نے اُسے پادشاھي کا خلعت بھیجا + اور وہ اُونچا سندر قطب مینار بھي دلي میں اِسي بادشاہ نے بنوایا * نداں سنہ ۱۲۳۶ ع میں شمس الدین التمش اُس دنیا کو سدھارا + اور رکن الدین اِس کا بیٹا تخت پر بیٹھا *

† امیر خسرو اپني تاریخ علائي میں چنگیزخان کو سب جگہہ ملعون لکھتا ھي *

رکن الدین فیروزشاہ

اِسے رات دن بھانڈ اور کسبیوں سے کام تھا + نشہ اور تماش بینی یہی شغل آٹھوں جام تھا * سلطنت ما کے بھروسے چھوڑ دی تھی + خزانہ بالکل واھیات میں لٹاتا تھا ما بھی اُس کی بڑی ظالم تھی * سات ہی مہینے میں تخت سے اُتارا گیا + اور اُس کی جگہہ لوگوں نے اُس کی بہن رضیہ کو بٹھایا *

رضیہ بیگم

سنہ ۱۲۳۶ ع یہہ بیگم بڑی ھوشیار تھی + اگرچہ بہت پڑھی لکھی نہ تھی تو بھی قرآن اچھی طرح پڑھہ لیتی تھی * نت بادشاھوں کی طرح قبا ور تاج پھنکر تخت پر دربار کرتی تھی + نقاب منہہ پر کبھی نہیں ڈالتی تھی اور بڑے عدل انصاف کے ساتھہ لوگوں کی نالش فریاد سنتی تھی * پر ایک ھی چوک اُس سے ایسی بنی + کہ جس سے آخر اُس کی جان گئی * اُس کے اصطبل کا داروغہ ایک حبشی غلام تھا + وھی اُس کو بغل میں ھاتھہ دیکر گھوڑے پر سوار کراتا تھا * اُس پر ایسی مہربان ھوئی کہ اُسے امیرالامرا کا خطاب دیا + اِس سبب سب کا دل اُس سے پھر گیا اور بڑا دنگا بکھیڑا ھوا * نتیجہ اِس کا یہہ نکلا + کہ حبشی اور بیگم دونوں سنہ ۱۲۳۹ ع مارے گئے † اور ملک اُس کے بھائی معزالدین بہرام کے ھاتھہ آیا *

معزالدین بہرام

یہکن دو برس دو مہینے سلطنت کرکے وہ بھی بلوائیوں کی قید میں جان سے گیا + اُسنے بالکل اختیار اپنے مہتر فراش کو دے رکھا تھا اور اُسی کی صلاح پر چلتا تھا اِسی سبب بلوا ھوا اور علاءالدین مسعود سنہ ۱۲۴۱ ع جو رکن الدین کے لڑکوں میں سے تھا تخت پر بیٹھا *

---

† رضیہ مردانی پوشاک میں بھاگی تھی راستے میں سو گئی کسی کسان نے اُس کی پوشاک کے تلے زری اور موتی ٹکی انگیا دیکھہ لی جانا کہ عورت ھی مارکر کپڑے اُتار لیئے لاش زمین میں گاڑ دی *

علاءالدین مسعود

کچھہ اُوپر چار ھي برس کا عرصہ گذرا ھوگا + علاءالدین مسعود بھي مارا گیا * اِس کے وقت میں مغلوں نے تبت کي راہ بنگالے پر چڑھائي کي + پر شکست کھائي *

ناصرالدین محمود

یہہ شمس‌الدین التمش کا بیٹا تھا + جب بادشاہ ھوا سلطنت کا بالکل کام اپنے بہنوئي وزیر غیاث‌الدین بلبن کے بھروسے پر چھوڑ دیا اپنا شوق خالي کتاب سے رکھا * نام کو بادشاہ تھا + پر سچ پوچھو تو درویشي کرتا تھا * کتاب نقل کرکے اپنا پیٹ بھرتا + اپني بیگم سے کھانا پکواتا لونڈي یا مزدورني ایک بھي اُس کے پاس نہ رھنے دیتا * جو کچھہ غریب محتاجوں کے کھانے میں آتا ھی وھي آپ بھي کھاتا + نکاح ایک ھي کیا تھا دوسرے کا کبھي خیال بھي جي میں نہ لاتا * وزیر بہت ھوشیار تھا + شمس‌الدین التمش کا غلام اور داماد تھا * پہلے بادشاھوں کی غفلت سے جو خرابیاں اور بےانتظامیاں ملک میں پڑگئي تھیں اُن کے دُور کرنے کي کوشش کرتا + اُدھر غزنین فتح کي اِدھر کالنجر تک دبدبہ جمایا * نرور کا قلعہ لیا + چندیري کو بھي جادبایا * سنہ ۱۲۵۸ع میں جب چنگیزخان کے پوتے ھلاکو کا ایلچي آیا + تو دو ھزار ھاتھیوں کے ساتھہ پچاس ھزار سوار اور دو لاکھہ پیادے لیکر دلي کے باھر اُس کا اِستقبال کیا * سنہ ۱۲۶۶ع میں اِس نیک بادشاہ نے اِس دنیا سے کوچ کیا + اِس کي نیکي یہاں تک بیان کرتے ھیں کہ کسي دن ایک کتاب جو اپنے ھاتھہ سے نقل کي تھي اپنے کسي امیر کو دکھلا رھا تھا اُس امیر نے کئي جگہہ غلطي بتلائي بادشاہ نے درست کر دیا * لیکن جب وہ امیر چلا گیا + تو پھر ویسا ھي بنا دیا جیسا پہلے تھا * لوگوں نے سبب پوچھا آپ نے فرمایا کہ مجھکو پیشتر سے معلوم تھا کہ کتاب غلط نہیں تھي + لیکن ایک خیرخواہ صلاح دینے والے کا دل دُکھانے سے یہہ محنت اپنے اُوپر لینی میں نے بہت مناسب سمجھي *

سنہ ۱۲۵۸ع

سنہ ۱۲۶۶ع

غياث الدين بلبن

ہم تو بادشاهي کا يهه ناصرالدين محمود هي کے وقت سے کرتا تها + ليکن اب اِس کے مرنے پر پورا بادشاه هو گيا * سنه ۱۲۶۶ع ميں ميواتيوں نے سر اُٹهايا + پر جيسا کيا ويسا هي پهل پايا * کچهه کم زياده ايک لاکهه آدمي اُن کے مارے گئے سنه ۱۲۷۹ع ميں بنگالے کا صوبهدار تغرل بگڑا اور دعوي بادشاهي کا کيا + ليکن جلد هي اُس کا سر کاٹا گيا * دلي اِس زمانے ميں بڑي رونق پر تهي سوائے اُن بادشاه اور بادشاهزادوں کے جو مغلوں کے ڈر سے اپنے ملک چهوڑ چهوڑ کر پہلے سے يہاں آبسے تهے اور پچيس سے کم نه تهے پندره اِس بادشاه کے وقت ميں آئے + يهه سب کي خاطرداري اور پرورش کرتا اور وه سب خوشي سے اِس کے تخت کے گرد هاتهه باندهه کر کهڑے هوتے * شهر ميں هر ايک کے ملک کے نام سے محلّے بس گئے تهے + اور سمرقندي - کاشغري ختائي - رومي - غوري - خوارزمي وغيره پکارے جاتے تهے * يهه بادشاه اپنا دبدبه جمانے اور شان شوکت دکهلانے ميں جيسي کوشش کرتا + ويسي هي عدل اِنصاف ميں مستعدي رکهتا * اودهه کے صوبهدار هيبت خان نے شراب کے نشے ميں کسي غريب کو مار ڈالا تها اُس کي عورت نے نالش کي + بادشاه نے هيبت خان کو پانچ سو کوڑے لگواکر اُس عورت کے حوالے کيا اور کهه ديا که آج تک همارا غلام تها اب تيرا هوا هيبت خان جي نے بڑي سفارشوں سے بيس هزار روپيے دے کر اُس عورت کي غلامي سے آزادي پائي * کهتے هيں که جب سے وه بادشاه هو شراب پينا بالکل چهوڑ ديا + نماز اور روزه اختيار کيا * ماتم پرسي کے ليئے اپنے اميروں کے گهر جاتا + جمعه کے دن مسجد سے لوٹتے وقت عالم فاضلوں کے مکان پر اُن سے ملاقات کرتا * اِس دهوم سے سواري نکلتي تهي که پانچ سو آدمي ننگي تلوار لے کر اردلي ميں چلتے تو بهي راستے ميں جهاں ديکهتا که وعظ کي مجلس هی اُتر کر سُنتا اور اکثر رونے لگ جاتا + بےوضو کبهي نه رهتا بےموزے اور ٹوپي کبهي کسي خدمتگار نے بهي اُسے نه ديکها پر سزا بهت سخت ديتا اور سلطنت کي پائداري کے ليئے ناحق بهي بهتوں کي جان لے ڈالتا *

سنه ۱۲۷۹ع

آخري وقت ميں اِس بادشاه کو پنجاب کي طرف لڑائي ميں مغلوں کے هاتهه سے اپنے بڑے بيٹے محمد کے مارے جانے کا بڑا رنج هوا + امير خسرو مشهور شاعر اِسي شاهزادے محمد کے پاس رهتا تها جب شاهزاده مارا گيا امير خسرو دشمنوں کي قيد ميں پڑ گيا ليکن پهر چهوٹ آيا * ندان غياث الدين بلبن اسي برس کي عمر ميں اِس دار ناپائدار سے کوچ کر گيا + اور جب اُس کے بيٹے † قراخان نے سلطنت سے اِنکار کيا وزيروں نے اُس کے پوتے کيقباد کو تخت پر بٹهايا *

سنه ۱۲۸۶ع

معزالدين کيقباد

اِس کي عمر اٹهاره برس کي تهي يکبارگي عيش ميں ڈوب گيا + پهلے اپنے چچيرے بهائي کيخسرو کو قتل کيا اور پهر اَور بهي بهت سے اميروں کا سر کٹوايا * مسجد اور مندروں ميں بهي واهيات اور تماش بيني هونے لگي + ساري دلي بهانڈ بهگتئے ڈهاري کتهک کسبي بهڑوے اِسي قسم کے آدميوں سے بهر گئي * جب اِس کا باپ قراخان بنگالے کا صوبه‌دار سمجهانے اور نيک نصيحت دينے کو آيا + يهه اُس سے لڑنے کے اِراده پر فوج لے کر نکلا * اور پهر جب وه اِس کے دربار ميں حاضر هوا + يهه پتهر کي طرح تخت پر بيٹها رها اور اپنے باپ کو تين تين بار زمين چومتے اور آداب بجا لاتے ديکهه کر ذره بهي نه هلا * آخر جب چوبدار پکارا ,, قراخان نگاه روبرو جهاں پناه سلامت ،، قراخان سے نه رها گيا + ڈاڑهه مارکر رونے لگا * تب تو کيقباد کے دل پر غيرت نے اثر کيا + تخت سے اُتر کر باپ کے قدموں پر گر پڑا اور هاتهه پکڑ کر اپنے برابر بٹهايا * قراخان نے سمجهانے اور نصيحت کرنے کا فائده نه ديکهه کر اُلٹے پاؤں اپنے صوبے کا راسته ليا + اور بيٹے کو اُس کي قسمت کے حوالے کيا * ‡ کيقباد تهوڑے هي دنوں ميں اپنے سرداروں کے هاتهه سے مارا گيا + بيمار تو تها هي ايک کمبل ميں

سنه ۱۲۸۸ع

---

† اصلي نام اِس کا بغراخان هے بغرا ترکي ميں شير کو کهتے هيں (غ) (ق) سے بدل جاتا هے بُقرا هوا اِختصار کے ليئے قراخان پکارنے لگے *

‡ امير خسرو نے اِسي ملاقات کے حال ميں قران السعدين لکهي هے *

بہت کر لات اور لاٹھیوں سے بُھرتا کر ڈالا * جب دم نکل گیا کھڑکي کي راہ جمنا میں پھینک دیا + اور اُس کي جگہہ سمانے کا نائب ناظم جلال الدین فیروز خلجي تخت پر بیٹھا * ندان غوري بادشاھوں کے غلاموں کي سلطنت کیقباد تک رھي + جلال الدین سے خلجیوں کے گھرانے میں آئي *

جلال الدین فیروز خلجي

خلجي افغانستان کي سرحد پر پہاڑیوں کي ایک قوم ھی جلال الدین فیروز جب تخت پر بیٹھا ستر برس کا تھا + مزاج اُس کا سادہ اور رحم دل پرلے سرے کا * سنہ ۱۲۹۴ع میں اُس کے بھتیجے علاءالدین نے آٹھہ ھزار سواروں کے ساتھہ دکھن میں دیوگڈھہ † کے راجا رامدیو کو جا گھیرا + اور بہت سا ‡ سونا چاندي اور جواھرات لے کر تب اُس کا پنڈ چھوڑا * یہہ مسلمانوں کي دکھن میں پہلي چڑھائي تھي علاءالدین نے یہہ بڑا بھاري گناہ کا کام کیا + کہ سلطنت کے لالچ سے اپني آنکھوں کے سامنے اپنے بوڑھے چچا کو دھوکھا دے کر مروا ڈالا

سنہ ۱۲۹۴ع

سنہ ۱۲۹۵ع

علاءالدین خلجي

سنہ ۱۲۹۷ع

اِسنے تخت پر بیٹھتے ھي پہلے تو جلال الدین کے دو لڑکوں کو قتل کیا + پھر جب گجرات فتح کر کے اپني سلطنت میں ملایا تو فوج سے لوٹ کا مال مانگا فوج نے بلوہ کیا * بہت آدمي مارے گئے + جو بھاگے بادشاہ نے اُن کے بال بچّے اور گھر کے لوگ کٹوا ڈالے * اُن کي عورتوں کو خراب کرنے کے لیئے نوکروں کے حوالے کیا + اُن کے دودھہ پیتے بچوں کو اُن کي ما اور بہنوں کے سر پر پٹکوا پٹکوا کر بُھرتا کر ڈالا * علاءالدین کے وقت میں مغلوں نے اِس ملک پر نئي

† جسے دولت آباد کہتے ھیں *

‡ تواریخ فرشتہ میں لکھا ھی کہ ھزار من چاندي چھہ سو من سونا سات من موتي اور دو من ھیرا پنا اور مانک لیا *

بار چڑھائي کي + اور بڑي ھاے ھوي مچائي * ليکن شکست ھميشہ کھاتے رھے + جو گرفتار ھوئے ھاتھيوں کے پيروں سے پسوائے گئے يا اُن کے گلوں پر چھورے چلوا ديئے * ايک دفع نو ھزار مغل اسي طرح مارے گئے + اِن کے بچّے اور عورتوں کي بھي جان نہيں بخشتے تھے * سال بھر کے محاصرے ميں رنتھنبھور کا قلعہ فتح ھوا ھمير وھاں کا راجا بڑي بہادري سے لڑا + اُس کے مارے جانے پر سارا رنواس بے عزتي کے ڈر سے آگ ميں جل مرا * باقي جتنے آدمي اُس قلعے ميں رھے + کيا مرد کيا عورت اور کيا بچّے سب کے سب قتل کيئے گئے * کہتے ھوں کوئي باغي ميرمحمدشاہ ھمير کي پناہ ميں چلا گيا تھا جب بادشاہ نے طلب کيا ھمير نے کہلا بھيجا کہ چاھے سورج پچھم ميں کيوں نہ نکلے اور چاھے سُمير دھرتي سے کيوں نہ مل جاے ميں اپنے پناہگير کو ھرگز تمھارے حوالے نہ کرونگا + جب تک دم ھی اُسے بچاونگا * اِسي پر بادشاہ نے خفا ھوکر چڑھائي کي قلعہ فتح ھونے پر بادشاہ نے ديکھا کہ مير محمد ميدان ميں گھائل پڑا ھی پوچھا کہ اگر علاج کرا کے چنگا کريں ھمارے ساتھہ کيا سلوک کريگا + جواب ديا کہ تجھے مار کر پھر ميرمحمد ھمير کے بيٹے کو بادشاہ بناويگا بادشاہ نے غُصّے ميں آکر اُسے ھاتھي کے پيروں سے پسوا ڈالا *

سنہ ۱۳۰۰ع

تين برس بعد چتور کا مشہور قلعہ فتح ھوا + راجا رتن‌سين † مارا گيا * اُس کي پدمني راني جس کا نام پدماوتي تھا اپني سب سکھي سہيليوں کے ساتھہ چتا پر بيٹھہ کر جل گئي + اِسي راني کے روپ کي بڑائي سننے پر بادشاہ نے دھوکھا ديکر راجا کو قيد کر ليا تھا اور حکم دے ديا کہ جب تک راني نہ منگادے رھائي نہ پاوے راني نے چالاکي کي کہلا بھيجا کہ ميں آتي ھوں ميري سکھي سہيلي اور بانديوں کے ليئے ڈولياں بھيجو اور پھر سات سو ڈوليوں ميں اِس ڈھب ھتھياربند سپاھي چھپا لائي کہ آپ بھي سلامت نکل گئي اور اپنے راجا کو بھي بندي‌خانے سے

سنہ ۱۳۰۳ع

† ٹاڈ صاحب اِس راجا کا نام بھيم لکھتے ھيں *

نکال لے گئي * اُس وقت تو بادشاہ سے کچھہ نہ بن پڑا + لاگ کي آگ سے اپني ھي چھاتي جلاتا رھا * لیکن فتح پانے پر جب قلعے کے اندر گیا + اور چاھا کہ اُس سے اپنا جي ٹھنڈھا کرے اُس کے بدلے وھاں اُس کا مکان اُس کي چتا کے دھوئیں سے بھرا ھوا پایا † *

سنہ ۱۳۰۶ع

دیوگڈھہ کے راجا رامدیو نے معمولي نذرانہ بھیجنے میں کچھہ عذر کیا تھا اِس لیئے دکھن کو فوج بھیجي گئي راجا نے مقابلے کي طاقت نہ دیکھي دلّي میں آکر حاضر ھوا + اور بہت سا نذر نذرانہ دے کر بادشاہ کو راضي کر لیا * لیکن فوج جب دیوگڈھہ کو جاتي تھي اُس کے افسر نے گجرات کے بھاگے ھوئے راجا کي راني کملا دیبي کو پکڑ کے بادشاہ کے حضور میں بھیج دیا + یہہ راني ایسي خوبصورت تھي کہ بادشاہ نے اُسي دم اُسے اپني بیگم بنا لیا * راني نے عرض کي کہ جہان‌پناہ میري لڑکي مجھہ سے بھي بڑھہ کر خوبصورت ھی وہ بھي راجا سے منگا لي جاوے لڑکي اُس کي دیولدیبي اُنھیں دنوں میں دیوگڈھہ کے راجا کے لڑکے سے بیاھي گئي تھي + وداع ھوکر باپ کے یہاں سے دیوگڈھہ جاتي تھي * بادشاہ کا حکم ھوتے ھي راستے سے پکڑي آئي + بادشاہ نے اپنے لڑکے خضرخان کو دےدي * امیر خسرو نے اپني ایک کتاب میں اِسي دیولدیبي اور خضرخان کا حال لکھا ھی ‡ وہ اِس بادشاہ کے وقت میں ہزار روپیہ سال تنخواہ پاتا تھا +

سنہ ۱۳۱۰ع

سنہ ۱۳۱۰ع میں پھر دکھن کو فوج بھیجي گئي کرناٹک کے راجا بلال دیو کو قید کر لیا * اُس کا دارالسلطنت دوارسمدر شري رنگ‌پٹن سے سو میل گوشہ شمال و مغرب میں اب تک اُجاڑ پڑا ھي بادشاھي فوج

---

† اِس کا حال ملک‌محمد جایسي نے شیرشاہ کے زمانے میں اپني کتاب پدماوت میں کہاني کے طور پر دوھے چوپائیوں میں بہت اچھا لکھا ھی جہاں ستي ھوئي لکھتا ھی

لاگي کنٹھہ آگ دے ھوري — چھار بھئي جر انگ نہ موري

‡ امیرخسرو لکھتے ھیں کہ علاءالدین کے بعد ملک کافور نے خضرخان کو اندھا کر کے گوالیر کے قلعے میں قید کیا تھا دیولدیبي اُس کے ساتھہ تھي مبارک‌شاہ نے جب خضرخان کي قتل کے لیئے جلاد بھیجے لپٹ گئي ھاتھہ کٹا چہرہ گھائل ھوا پر اپنے خاوند کو نہ چھوڑا اُس کے ساتھہ قتل ھوئي *

سنہ ۱۳۱۱ع

پہنچي + اور وہاں بھي مسجد بنادي * سنہ ۱۳۱۱ع میں بادشاہ نے مسلمان مغلوں کو جو نوکر ہوگئے تھے یک قلم موقوف کر دیا + اور جب اُنھوں نے دنگا کیا تو بالکل پندرہ ہزار کو قتل کرکے اُن کے بال بچوں کو لونڈي غلام بنا کے بیچ ڈالا *

علاءالدین کو پڑھنا لکھنا کچھہ نہیں آتا تھا + بادشاہ ہونے کے بعد پڑھنا سیکھنا شروع کیا پر تو بھي گھمنڈي اِتنا کہ اپنے تئیں ساري دنیا سے بڑھہ کر پڑھا لکھا اور عقلمند سمجھتا تھا * مقدور کیا کہ کوئي اُس کي بات دُھرا سکے کبھي نیا مذہب چلانا چاھتا کبھي ساري دنیا کو اپنے تحت میں لانے کا منصوبہ باندھتا + بنا اُس کي پروانگي نہ کوئي سردار اپنے بیٹا بیٹي کا بیاہ کر سکتا نہ دس پانچ بھائي بند یا دوست آشناؤں کو اپنے گھر بلا سکتا * مالگذاري بڑھائي گئي + زمین کي پیداوار میں آدھوں آدھ بٹائي ہونے لگي کُوتے اور بِالاخر کے اپنے بھي ایک کوڑي نہ چھوڑي * مقرر تعداد سے زیادہ زمین گاے بھل بکري رکھنے کي مناھي تھي + جب بادشاہ نے فوج کي تنخواہ گھٹاني چاھي سپاھیوں کي خاطر جنس سستي کر دي * سب چیز کا نرخ † سرکار سے مقرر ہو گیا + جو مال ایک روپیہ کو بکتا تھا وہ اب آٹھہ ھي آنے کا باقي رھا * اِس بادشاہ کي فوج میں پونے پانچ لاکھہ سوار گنے جاتے تھے + گھوڑے داغے ہوئے سرکار سے اور تنخواہ میں دو سو چوتیس روپئے سال پاتے تھے * جب مغلوں نے آکر دلّي کا شہر گھیر لیا تھا + تین لاکھہ سوار اور ستائیس سو ھاتھي لے کر اُن کے مقابلے کو نکلا تھا * سترّ ہزار اِس کے یہاں شاگرد پیشے تھے + اُن میں سات ہزار معمار بیلدار اور گل کار نوکر تھے * بڑي سے بڑي عمارت دو ھفتے میں تیّار کرا سکتا تھا + اب کي طرح ٹھیکے میں کم مضبوط کام نہیں بنواتا تھا * وہ اپنے تئیں دوسرا سکندر بتلاتا تھا + بلکہ یہہ لقب سکّے میں بھي کُھدوا دیا تھا * بیشک یہہ بادشاہ بڑا زبردست ہو گذرا نظام الدین احمد

† تواریخ فرشتہ میں لکھا ھی کہ اُس وقت دلي میں اب کے حساب سے ایک روپئے کا دو من گیہوں بکتا تھا اور پونے چار من جو ساڑھے سات سیر کي مصري تھي اور تیس سیر کا گھي روپئے کي چالیس گز گھٹیا گزي ملتي تھي اور دو سو روپئے سے پانچ روپئے تک غلام اور لونڈي *

نکال لے گئی * اُس وقت تو بادشاہ سے کچھہ نہ بن پڑا + لاگ کی
آگ سے اپنی هي چھاتي جلاتا رها * لیکن فتح پانے پر جب قلعے کے
اندر گیا + اور چاها کہ اُس سے اپنا جی ٹھنڈھا کرے اُس کے
بدلے وهاں اُس کا مکان اُس کی چتا کے دھوئیں سے بھرا هوا پایا † *

سنہ ۱۳۰۶ع

دیوگدهه کے راجا رامدیو نے معمولی نذرانہ بھیجنے میں کچھہ
عذر کیا تھا اِس لیئے دکھن کو فوج بھیجي گئي راجا نے مقابلے
کي طاقت نہ دیکھي دلّي میں آکر حاضر هوا + اور بہت سا نذر
نذرانہ دے کر بادشاہ کو راضي کر لیا * لیکن فوج جب دیوگدهہ کو
جاتي تھي اُس کے افسر نے گجرات کے بھاگے هوئے راجا کي راني کملا
دیبي کو پکڑ کے بادشاہ کے حضور میں بھیج دیا + یہہ راني ایسي
خوبصورت تھي کہ بادشاہ نے اُسي دم اُسے اپني بیگم بنا لیا * راني نے
عرض کي کہ جہاںپناہ میري لڑکي مجھہ سے بھي بڑھہ کر خوبصورت
هی وہ بھي راجا سے منگا لي جاوے لڑکي اُس کي دیولدیبي اُنھیں
دنوں میں دیوگدهہ کے راجا کے لڑکے سے بیاهي گئي تھي + وداع هوکر
باپ کے یہاں سے دیوگدهہ جاتي تھي * بادشاہ کا حکم هوتے هی راستے سے
پکڑي آئي + بادشاہ نے اپنے لڑکے خضرخان کو دے دي * امیر خسرو نے
اپني ایک کتاب میں اِسي دیولدیبي اور خضرخان کا حال لکھا
هی ‡ وہ اِس بادشاہ کے وقت میں هزار روپیہ سال تنخواہ پاتا تھا +

سنہ ۱۳۱۰ع

سنہ ۱۳۱۰ع میں پھر دکھن کو فوج بھیجي گئي کرناٹک کے راجا
بلال دیو کو قید کر لیا * اُس کا دارالسلطنت دوارسمدر شري رنگپٹن سے
سو میل گوشہ شمال و مغرب میں اب تک اُجاڑ پڑا هی بادشاهي فوج

---

† اِس کا حال ملک محمد جایسي نے شیرشاہ کے زمانے میں اپني کتاب
پدماوت میں کہاني کے طور پر دوهے چوپائیوں میں بہت اچھا لکھا هی جہاں
ستي هوئي لکھتا هی

لاگي کنٹھہ آگ دے هوري — چھار بھئي جر انگ نہ موري

‡ امیرخسرو لکھتے هیں کہ علاءالدین کے بعد ملک کافور نے خضرخان کو اندھا
کر کے گوالیر کے قلعے میں قید کیا تھا دیولدیبي اُس کے ساتھہ تھي مبارکشاہ نے
جب خضرخان کي قتل کے لیئے جلاد بھیجے لپٹ گئي هاتھہ کٹا چہرہ گھائل هوا
پر اپنے خاوند کو نہ چھوڑا اُس کے ساتھہ قتل هوئي *

سنہ ۱۳۱۱ع

پہنچي + اور وہاں بھي مسجد بنادي * سنہ ۱۳۱۱ع میں بادشاہ نے مسلمان مغلوں کو جو نوکر ہوگئے تھے یک قلم موقوف کر دیا + اور جب اُنھوں نے دنگا کیا تو بالکل پندرہ ہزار کو قتل کرکے اُن کے بال بچوں کو لونڈي غلام بنا کے بیچ ڈالا *

علاءالدین کو پڑھنا لکھنا کچھہ نہیں آتا تھا + بادشاہ ہونے کے بعد پڑھنا سیکھنا شروع کیا پر تو بھي گھمنڈي اِتنا کہ اپنے تئیں ساري دنیا سے بڑھہ کر پڑھا لکھا اور عقلمند سمجھتا تھا * مقدور کیا کہ کوئي اُس کي بات دُھرا سکے کبھي نیا مذہب چلانا چاھتا کبھي ساري دنیا کو اپنے تحت میں لانے کا منصوبہ باندھتا + بنا اُس کي پروانگي نہ کوئي سردار اپنے بیٹا بیٹي کا بیاہ کر سکتا نہ دس پانچ بھائي بند یا دوست آشناؤں کو اپنے گھر بلا سکتا * مالگذاري بڑھائي گئي + زمین کي پیداوار میں آدھوں آدھہ بٹائي ہونے لگي کُوتے اور بِالآخر کے اپنے بھي ایک کوڑي نہ چھوڑي * مقرر تعداد سے زیادہ زمین گاے بھینس بکري رکھنے کي مناھي تھي + جب بادشاہ نے فوج کي تنخواہ گھٹاني چاھي سپاھیوں کي خاطر جنس سستي کر دي * سب چیز کا نرخ † سرکار سے مقرر ہو گیا + جو مال ایک روپیہ کو بکتا تھا وہ اب آٹھہ ھي آنے کا باقي رہا * اِس بادشاہ کي فوج میں پونے پانچ لاکھہ سوار گنے جاتے تھے + گھوڑے داغے ہوئے سرکار سے اور تنخواہ میں دو سو چوتیس روپئے سال پاتے تھے * جب مغلوں نے آکر دلّي کا شہر گھیر لیا تھا + تین لاکھہ سوار اور ستائیس سو ہاتھي لے کر اُن کے مقابلے کو نکلا تھا * سترّ ہزار اِس کے یہاں شاگرد پیشے تھے + اُن میں سات ہزار معمار بیلدار اور گل کار نوکر تھے * بڑي سے بڑي عمارت دو ہفتے میں تیّار کرا سکتا تھا + اب کي طرح ٹھیکے میں کم مضبوط کام نہیں بنواتا تھا * وہ اپنے تئیں دوسرا سکندر بتلاتا تھا + بلکہ یہہ لقب سکّے میں بھي کُھدوا دیا تھا * بیشک یہہ بادشاہ بڑا زبردست ہو گذرا نظام الدین احمد

---

† تواریخ فرشتہ میں لکھا ھی کہ اُس وقت دلي میں اب کے حساب سے ایک روپئے کا دو من گیہوں بکتا تھا اور پونے چار من جو ساڑھے سات سیر کي مصري تھي اور تیس سیر کا گھي روپئے کي چالیس گز گھٹیا گزي ملتي تھي اور دو سو روپئے سے پانچ روپئے تک غلام اور لونڈي *

اپني کتاب طبقات اکبري میں لکھتا ھی کہ اِس نے تمام وقف اور اِنعام اور مِلک کے گانوں ضبط کر لیئے تھے + اور لوگ یہاں تک محتاج ھوگئے تھے کہ پیٹ بھر روٹي نہیں پاتے تھے * تو بھي مقدور کیا تھا کہ کسي طرح کي شکایت زبان پر لاسکتے + اِتنے جاسوس مقرر تھے کہ شکایت کرنے کي تہمت میں پکڑے جانے کي دہشت سے لوگ آپس میں بات چیت بھي بہت کم کرتے تھے *

سنہ ۱۳۱۶ع نداں اِس نے بیس برس سے اُوپر بادشاھي دي + آخري وقت میں ملک کے درمیان کچھہ کچھہ ھل چل پڑگئي * رامدیو کے داماد ھرپال نے دکھن سے بادشاھي عمال اُٹھا دیا + اور گجرات میں بھي بلوہ ھوگیا *

قطب الدّین مبارک شاہ

ملک کافور کو جسے علاءالدین نے خوجے اور غلام سے پہلے درجے کا امیر بنا دیا تھا اُس کے مرنے پر اب حوصلہ تخت و تاج لینے کا ھوا + علاءالدین کے دو بڑے لڑکوں کي تو آنکھیں نکلوا لیں لیکن تیسرے مبارک خان کي جب جان لیني چاھي بادشاھي سپاھیوں نے کافور سنہ ۱۳۱۷ع ھي کو مار ڈالا *

مبارک نے تخت پر بیٹھتے ھي اپنے چھوٹے بھائي شہاب الدین عمر کو جو نِرا بچہ تھا اور نام کے لیئے ملک کافور کے کہنے سے تخت پر آ بیٹھا تھا اندھا کر دیا + گجرات میں فوج بھیجي دکھن جاکر ھرپال کو قید کر لایا اور جیتے ھوئے کي کھال کھچوا کر بُھس بھروا دیا * جب ملک میں دبدبہ جما + بادشاہ بالکل عیش میں ڈوب گیا * رات دن نشے میں چور رھتا + زناني پوشاک پہن کر امیروں کے گھر ناچنے کو جاتا * جن عیبوں کو آدمي چھپاتا ھی وہ اُن کو خوب ظاھر کرنے کي کوشش کرتا + کسبیوں کو بُلوا کر دربار میں اپنے بڑے بڑے امیروں کے برابر بٹھلاتا کبھي کبھي ننگا مادرزاد باھر نکل آتا * نداں وہ ایسا بدنام ھوا + کہ آخر ھندو کے ایک چھوکرے سنہ ۱۳۲۱ع خسروخان † کے ھاتھہ سے جسے اُس نے غلام سے وزیر بنایا تھا مارا

† اصل نام اِس ھندو بچے کا کسي تواریخ میں نہیں ملتا ھی لیکن کام تو نیچ پروارِي لکھا ھی اِس کے ماموں کا نام رندھول تھا *

هي گيا * خسرو نے علاءالدين كي اولاد ميں سے كسي كو بهي باقي نه چهوڑا + علاءالدين كي بيگم كو حرم بنايا اور تاج سلطنت كا اپنے سر پر ركها * چار مهينے تك دلّي ميں سكّه خطبه اِس هندو كے نام كا جاري رها + اور زبدةُالتواريخ كے مطابق هندؤں نے مسلمانياں ركهه كر اور قرآن كي چوكي اور سيڑهي بناكر مسجدوں ميں اپني مورتوں كا پوجن كيا * ليكن پنجاب كے صوبه‌دار غازي‌خان تغلق نے جلد هي آكر اُس كا كام تمام كيا + اور خلجيوں كے خاندان ميں كوئي لائق آدمي نرهنے كے سبب خلقت كي خواهش بموجب وه آپ هي تخت پر بيٹها *

غياث‌الدّين تغلق

غازي‌خان نے اپنا نام غياث‌الدين ركها + يهه غياث‌الدين بلبن كے غلام كا بيٹا تها * ملك كا اچها بندوبست كيا + دكهن ميں بدر فتح هوا * ورنگول كا راجا قيد هوكر دلّي آيا + دلّي ميں تغلق‌آباد كا قلعه اِسي غياث‌الدين نے بنايا * بنگالے كي طرف بادشاه خود گيا + وهاں اب تك كيقباد كا باپ قراخان صوبه‌دار تها پهرتے وقت ترهت لے كر وهاں كے راجا كو پكڑ لايا * بادشاه كے بڑے بيٹے فخرالدين جونا نے جس كا خطاب الغ‌خان تها دلّي سے نكل كر باپ سے ملنے اور جشن كرنے كے ليئے تين روز ميں ايك كاٹهه كا مكان بنايا + ليكن عين جشن ميں وه مكان گر پڑا اور بادشاه پانچ آدميوں كے ساتهه دب كر مرگيا * † الغ‌خان اُس وقت موجود نه تها + اِس ليئے لوگ اُس پر يهه بهي شبهه كرتے هيں كه باپ كے مارنے هي كے واسطے يهه مكان بنايا تها *

سنه ۱۳۲۵ ع

محمد تغلق

الغ‌خان محمد تغلق كے نام سے تخت پر بيٹها اِنعام اِكرام ميں خوب روپيه اڑايا + هزار ستون كا محل بنايا * علم اِسے اچها تها اور حوصلے والا بهي بڑا تها شراب نهيں پيتا + اور شرع يعني اپنے دهرم شاستر كو بهت مانتا * شروع سلطنت ميں اِنتظام بهي ملك كا اچها هو گيا

† تاريخ وفات غياث‌الدين تغلق خليفه سنه ۷۲۵ هجري *

تھا + دکھن وغیرہ دور دور کے صوبوں کو بھي اِس نے زیر کر لیا تھا * لیکن پھر ایسے پاگل پنے کے کام کیئے + کہ لوگ اِسے جھکّي اور باولا سمجھنے لگے * پہلے تو اِسنے ایران پر چڑھائي کرنے کا منصوبہ باندھا اور تین لاکھہ ستر ہزار سواروں کا لشکر اِکٹھا کیا + لیکن جب خرچ بڑھنے سے خزانہ خالي ھوگیا تو ایک لاکھہ سواروں کو نیپال کے پہاڑوں کي راہ چین لینے کے لیئے روانہ کیا * تانبے کا روپیہ چلایا + اور رعیت پر محصول بے ٹھکانے بڑھایا * نتیجہ یہہ نکلا + کہ لاکھہ سواروں میں سے ایک بھي اُن ھمالے کے جنگل پہاڑوں میں جیتا نہ بچا * بیوپار بیوھار بالکل بند ھو گیا رعیت پھر گئي صوبے اکثر ھاتھہ سے نکل گئے + کھیت بنجر پڑے لوگ مري اور کال سے مرنے لگے * محمد نے اپني فوج کو حکم دیا کہ رعیت کا شکار کریں + شیر کے لیئے جس طرح ھنکوا ھوتا ھی چاروں طرف سے گھیر گھیر کر ماریں اور سر اُن کے کاٹ کاٹ کر قلعہ کے کنگروں سے لٹکانے کے لیئے بھیج دیں * آپ بھي رعیت کے شکار میں شریک تھا اور ہزاروں ھي آدمیوں کا سر کٹوایا + لیکن سب سے بڑھہ کر پاگل پنے کا کام جو اُس نے کیا وہ یہہ تھا کہ دلّي اُجاڑ کر دیوگدھہ کو دولت‌آباد کے نام سے اپنا دارالسلطنت بنانا چاہا کیا آفت گذري ھوگي دلّي‌والوں کے دل پر جب اِس پاگل بادشاہ نے حکم دیا کہ جو آدمي حکم سنتے ھي دلّي چھوڑ کر دولت‌آباد نہ چلا جائیگا + بال بچوں سمیت قتل کیا جائیگا * ندان دولت‌آباد تو نہ بسا + لیکن دلّي کا شہر البتہ ویران ھوگیا * ۲۷ برس کي بادشاھي کے بعد ٹھٹھے کے پاس بیمار پڑکر مرا † اور یہاں والوں کا اُس کے ظلم سے گلا چھوٹا *

سنہ ۱۳۵۱ع

فیروز تغلق

محمدتغلق کے بعد فیروزتغلق اُس کا چچیرا بھائي تخت پر بیٹھا + سندھہ گجرات اور بنگالے پر چڑھائیاں کیں پر اُن سے ایسا

† مرتے وقت اُس نے یہہ شعر کہے تھے — بسیار درین جہان چمیدیم * بسیار نعیم و ناز دیدیم * اسپان بلند بر نشستیم * ترکان گران بہا خریدیم * کردیم بسے نشاط و آخر * چون قامت ماہ‌نو خمیدیم *

کچھہ فائدہ ھاتھہ نہ لگا * بُڑھاپے میں وزیر نے چاھا تھا کہ اُس کا جي بڑے بیٹے ناصرالدین محمد کي طرف سے کھٹا کر دے لیکن بیٹے نے چالاکي کي کسي ڈھب سے محلوں میں جاکر اپنے باپ کے پیروں پر سر رکھہ دیا + باپ نے وزیر کو اُس کے حوالے کیا اور سلطنت کا کام بھي سب اُسي کو سونپ دیا * لیکن ناصرالدین کو سلطنت کي عقل نہ تھي دو برس بھي نہیں گذرنے پائے کہ اُس کے دو بھائیوں نے مل کر بکھیڑا کیا + ناصرالدین سرمور کے پہاڑوں کي طرف بھاگا * — سنہ ۱۳۸۵ع

اِس عرصے میں فیروزتغلق نوّے برس کا ھوکر دنیا سے سدھارا + † جن لوگوں نے بکھیڑا کیا تھا اُنھیں لوگوں نے اُس کے پوتے غیاث‌الدین تغلق کو تخت پر بٹھایا * — سنہ ۱۳۸۸ع

فیروزشاہ تغلق دلّي کے بہت نیک نام بادشاھوں میں تھا کہتے ھیں کہ اُس نے ۵۰ بندھہ بندھائے ایک سو پچاس پُل طیار کرائے + چالیس مسجد اور سو سرائے بنوائیں اور تیس مدرسے اور سو شفاخانے یعني اسپتال مقرر کیئے * سواے اِس کے اُس نے یہہ بھي ایک بڑا کام کیا + کہ جمنا کي نہر کرنال ھوکر ھانسي‌حصار کو لایا * اُس کے پاني سے لاکھوں بیگھے زمین سینچتي ھی + اور ھزاروں آدمي کي روٹي چلتي ھی *

غیاث‌الدین تغلق دوسرا

غیاث‌الدین کي اُنھیں لوگوں سے تکرار ھوئي جنھوں نے اُسے تخت پر بٹھایا تھا + اور آخر پانچ ھي مھینے بعد اُن کے ھاتھہ سے مارا گیا * — سنہ ۱۳۸۹ع

ابوبکر تغلق

یہہ بھي فیروزشاہ کا پوتا تھا + سال بھر بھي بادشاھي نہ کرنے پایا کہ ناصرالدین نے پہاڑوں سے نکل کر اِسے قید کر لیا اور تخت پر آپ بیٹھا * لیکن اِنتظام ملک کا کچھہ نہ بن پڑا + اِس کے مرنے پر اِس کا بڑا بیٹا ھمایون تغلق سکندرشاہ کے لقب سے بادشاہ ھوا * پر پینتالیس دن کے بعد جب وہ بھي مر گیا + تو اُس کے چھوٹے بیٹے محمود تغلق نے تاج سلطنت کا اپنے سر پر رکھا * — سنہ ۱۳۹۰ع — سنہ ۱۳۹۴ع

---

† تاریخ وفات فیروز تغلق وفات فیروز سنہ ۷۹۰ ھجري *

ناصرالدین محمود تغلق

بادشاہ لڑکا تھا + گجرات مالوہ کھاندیس بالکل دلّي کے تحت سے نکل گیا تھا * جونپور وزیر دبا کر جدا ھي بادشاہ بن بیٹھا تھا + ملک میں ھر طرف بکھیڑا پڑ گیا تھا * آپس میں ایک دوسرے سے لڑتا تھا + دربار میں بھي ایکا نہ تھا * کہ اِسي عرصے میں سمرقند کے بادشاہ امیر تیمور نے جسے تمرلنگ اور صاحب قران اور گورکان † بھي کہتے ھیں اور جو اُسي خاندان میں تھا جس میں چنگیزخان ھوا تاتاریوں کي فوج لے کر ھندوستان پر چڑھائي کي کابل سے بنّو ھوتا ھوا بیڑوں کے پل پر سندھہ پار اُترا + اور پھر تُلمبا بھٹنیر اور سمانے کو لوٹتا پھونکتا قتل کرتا دلّي کے سامنے آن پہنچا * راستے سے جن بیچاروں کو پکڑتا لایا تھا + یہاں اِس بےرحم سنگدل نے پندرہ برس تک کے لڑکوں کو غلامي کے لیئے بچا کر ایک لاکھہ آدمیوں کا گلا کٹوایا *

سنہ ۱۳۹۸ ع

محمود گجرات کي طرف بھاگا + دلّي میں تیمور کے نام کا خطبہ پڑھا گیا *

تیمور تو اِس فتح کي خوشیاں مناتا تھا اور بڑا بھاري جشن کر رھا تھا + اور اُس کي فوج کو لوٹ مار سے کام تھا * شہر میں آگ لگا دي تھي شہر والے قتل ھوتے تھے + مُردوں کے ڈھیر سے اکثر گلیوں کے راستے بند ھو گئے تھے * جب لوٹنے کو کچھہ باقي نہ رھا اور اُس کي فوج بھي گھاس کي طرح آدمیوں کي گردن کاٹتے کاٹتے تھک گئي اور لونڈي غلام بنانے کو لوگوں کي بھو بیٹیاں اور لڑکے بھي خواھش سے زیادہ ھاتھہ آ گئے تیمور لنگ پندرہ دن دلّي میں رہ کر میرٹھہ قتل کرتا ھوا اور ھردوار اور جمبو ھوتا ھوا جدھر سے آیا تھا اُسي طرف کو چلا گیا + ھندوستان میں اپنے پیچھے کال اور مري اور ھر ایک بات کي بےبندوبستي چھوڑ گیا * ھماري سمجھہ میں تو چنگیزخان

---

† گورکان شخصے کہ نسبتش بسلاطین رسد و نسبت دامادي هم داشتہ باشد تاریخ ولادت تیمور مولد تیمرر سنہ ۷۳۶ ھجري تاریخ وفات تیمور تیمورقان سنہ ۸۰۷ ھجري انگریزي تواریخوں میں تیمور کو ترک لکھا ھے اُس کے دادا کا پردادا چنگیزخان کے بیٹے چغتائي خان کا امیرالامرا تھا *

اور تیمورلنگ اِن دونوں جلّاد کا نام دنیا کا دشمن رکھنا چاھیئے + بلکه اِن کو هوبهو قهر خدا کهنا چاهیئے *

تیمور کے جانے کے پیچھے تھوڑے دنوں تو دلّي اُجاڑ سي پڑي رهي آخر محمود گجرات سے آیا + اور پهر کچهه دن نام کي بادشاهي کرکے اِس جهان سے سدهارا * محمود کے مرنے پر پندرہ مهینے تک دولت‌خان لودي نے ڈنکا سلطنت کا اپنے نام سے بجایا لیکن خضرخان سیّد پنجاب کے حاکم نے اِسے نکال باهر کیا + اور کام سلطنت کا تیمور کے نام سے اپنے هاتهه میں لیا * سلطنت کاهیکو تهي + خالي نام کو دلّي رہ گئي تهي * چار پشت تک سیّدوں نے حکومت کي + چوتهي پشت میں یعنی سیّد علاءالدین کے وقت میں دلّي کي عملداري کل چهه کوس کے گهیرے میں آ رهي *

سنه ۱۴۱۲ع

بهلول‌خان لودي اُس وقت پنجاب کا مالک بن بیٹها تها سیّد علاءالدین نے دلّي اُس کے حوالے کر دي + اور آپ بدایوں کي راہ لي *

سنه ۱۴۵۰ع

بهلول لودي

بهلول کے تخت پر بیٹهنے سے پنجاب پهر دلّي کے شامل هو گیا + اور چهبیس برس کي لڑائي میں بهلول نے جونپور بهي فتح کیا * جب بهلول مرا + تو دلّي کي حد همالے سے لے کر بنارس تک پهنچ گئي تهي بلکه جمنا پار بندیلکهنڈ بهي اِسي کے تابع تها *

سنه ۱۴۸۸ع

سکندر لودي

اصلي نام اِس کا نظام‌خان تها + ایک سُنارن سے پیدا هوا تها * اِس نے اپنے باپ بهلول کي سلطنت آور بهي بڑهائي بهار فتح کیا ملک کا کسي قدر بندوبست باندها + عالِم فاضلوں کي قدر کي لیکن هندؤں پر بڑا ظلم روا رکها * اِن کي تیرتهه جاترا سب اپني عملداري بهر میں بند کر دیں + جو شهر قلعه هاتهه لگا مندر مورت اُس میں کي بالکل توڑ ڈالیں * ایک برهمن نے اِتنا هي کها تها که هندو مسلمان

دونوں کا مت یعني مذهب سچّا هی اِسي پر اُس کي جان لي + متهرا میں هندؤں کي حجامت تک بند کر دي * تو بهي یهه بادشاه دلّي کے اچهے بادشاهوں میں گنا جاتا هی کبیر اِسي کے وقت میں هوا اور فرنگیوں کا پهلا جهاز یهاں اِسي کے زمانے میں آیا + اٹهائیس برس سلطنت کرکے دنیا سے سدهارا † *

اِبراهیم لودي

سکندر کے پیچهے اُس کا بیٹا اِبراهیم لودي تخت پر بیٹها + لیکن اِس میں اپنے باپ کے سے گُن نه تهے جلد هي اپنے شکّي مزاج اور گهمنڈ سے سارے بهائي برادر اور سرداروں کو ناراض کر دیا ملک میں هر طرف بکهیڑا اُٹهنے لگا * صوبهدار سرکش هو گئے + بادشاه سے مقابله کرنے لگے * پنجاب کے صوبهدار دولتخان ‡ لودي نے اپني مدد کے لیئے کابل سے بابر کو بلایا + بابر نے آتے هي پهلے تو لاهور پهونکا

---

† تاریخ وفات سکندر لودي تاري شد سنه ۹۱۰ هجري *

تاریخ داؤدي میں لکها هی که سکندر لودي عصر کي نماز کے بعد ملّا لوگوں کے جلسے میں جاتا تها اور پهر قرآن پڑهتا تها اور تب مغرب کي نماز مسجد میں پڑهه کر وظیفے کے بعد گهنٹے بهر کے لیئے حرمسرا میں جاتا تها تمام رات دیوان خاص میں بیٹهه کر سلطنت کا کام کرتا تها سترہ اهلکار همیشه حاضر رهتے تهے آدهي رات ڈهلنے پر کهانا مانگتا تها اهلکار هاتهه دهوکر سامنے بیٹهه جاتے تهے وه دنگل پر رهتا تها اور کهانا ایک بڑي سي کرسي پر چنا جاتا تها اُن سترہ اهلکاروں کے آگے بهي رکها جاتا تها لیکن وه کهاتے نه تهے اُٹها کر گهر لے جاتے تهے سالار مسعود غازي کے جهنڈے کا میله اور مقبروں میں عورتوں کا جانا موقوف کر دیا تها جو لوگ بانیداري کي علت میں قید هوتے تهے عید پر سب کو چهوڑ دیتا تها جب کسي کے لیئے کچهه مقرر هو جاتا تها پهر کبهي اُس میں کچهه فرق نهیں پڑنے پاتا تها شیخ عبدالغني جونپور سے گرمیوں میں آیا تها اِس لیئے کهانے کے ساتهه چهه گهڑا شربت اُس کے پاس بهیجا گیا پهر جب وه جاڑوں میں آیا تب بهي چهه گهڑا شربت اُسے پهنچتا رها امیروں کے سب لڑکوں کو حکم تها که کچهه کسب سیکهیں اور کارخانے جاري کریں *

‡ کهتے هیں که یهه دولتخان لودي اُسي دولتخان لودي کي اولاد میں تها جو محمود تغلق کے مرنے پر کچهه دنوں دلي کا بادشاه بن بیٹها تها *

اور پھر دیبال‌پور والوں کو قتل کرتا ہوا سرہند کے سامنے آن پہنچا *
اِس عرصے میں دولت‌خان بگڑ کر پہاڑوں کي طرف بھاگ گیا + اِسي
خیال سے بابر بھي کابل کو لوٹ گیا * لیکن جلد هي بابر نے پھر اپنے
گھوڑے کي باگ هندوستان کي طرف موڑي لاهور سے پہاڑوں میں
دولت‌خان کو سر کرتا هوا روپڑ کي راه جب پاني‌پت میں پہنچا + تو
وهاں اِبراهیم لودي کو ایک لاکھه سوار پیادے اور هزار هاتھي کے ساتھه
مقابلے پر مستعد پایا * بابر کے ساتھه کل باره هزار آدمیوں کي جمعیت
تھي لیکن فتح شکست تو خدا کے هاتھه هی اِبراهیم ۲۱ اپریل کو پندره
سوله هزار آدمیوں کے ساتھه لڑائي میں مارا گیا + † اور دلّي آگره بابر
کے هاتھه لگا *

سنه ۱۵۲۴ ع

سنه ۱۵۲۶ ع

بابر لکھتا هے کہ اُس روز صبح سے تیسرے پہر تک لڑائي هوتي
رهي + اِس عرصه میں کئي بار اُس کے توپ‌خانے سے باڑھه دغي *
وه اب تو انگریزي گولنداز ایک منٹ میں پانچ فیر کرتے هیں +
گولے کیا اُولے برساتے هیں * بابر کو فتح اُس کے تیراندازوں کے سبب سے
ملي + لیکن هم جانتے هیں که اِبراهیم کے پاس ایک لاکھه سوار پیادے
اور ایک هزار هاتھي کے بدلے اگر آدھي کمپني بھي اِنفلڈرفل والے گوروں
کي هوتي بابر کے باره هزار تیراندازوں کے بھگانے کو کافي تھي *

ظهیرالدین محمد بابر

بابر تیمور سے چھٹي پشت میں هوا ما اِس کي چنگیزخان کے
بیٹے چغتائي‌خان کے خاندان میں محمودخان مغل کي بہن تھي +
بابر کي نوجواني بڑے لڑائي جھگڑوں میں کٹي * اور اُس نے زمانے
کے بڑے هي اُونچ نیچ اور پھیر پھار دیکھے کبھي تو سمرقند اور بخارے
کا بادشاه هوتا تھا + کبھي پاني پینے کو ایک لوٹا بھي پاس نه رهتا *
باپ اِسے باره هي برس کا چھوڑ کر مر گیا تھا ایک دفعه مصیبت کي
حالت میں اِس نے اِراده کیا که فقیر هوکر چین کو چلا جاوے + لیکن
خدا کو تو یهه منظور تھا که اُسي کا پوتا هندوستان کا بڑے سے بڑا اور اچھے

---

† نو سَے اُوپر تھا بتّیسا — پاني‌پت میں بھارت دیسا
آٹھواں رجب بار سُکروارا — بابر جیت براهیم هارا

سے اچھا بادشاہ ہوئے اور انگریزوں کے پہنچنے تک اُسي کے گھرانے میں یہاں کي سلطنت رہے * ندان بائیس برس کي عمر میں سمرقند کي بادشاهي سے نا اُمید ہوکر بابر ھمالے اِس پار کابل میں چلا آیا + کابل اُس کے بھائي بھتیجوں کے پاس تھا لیکن اُن دنوں بے دخل سا ہو رہا تھا بابر کو وھاں کي سلطنت حاصل کرنے میں کچھہ ایسي دقت نہ پڑي بائیس برس کابل کي بادشاهي کرکے تب هندوستان کي طرف قدم بڑھایا *

دلّي آگرہ ھاتھہ آنے پر بابر نے خوب دل کھول کر دھن دولت بانٹا + اپنے بیٹے ھمایون کو دو اُوپر ایک سو رتي کا ایک ایسا هیرا دیا کہ ویسا اُس وقت ساري دنیا میں دوسرا نہ تھا اور کابل کے ملک بھر میں مرد عورت بچے غلام لونڈي سمیت سب کو ایک ایک شاهرخي روپیہ جو قریب اٹھني کے برابر ہوتا ہے بھیجا *

تھوڑے هي دن بعد شاهزادہ ھمایون کچھہ فوج لے کر نکلا + اور بیانا دھولپور گوالیر وغیرہ سب ملک جونپور سمیت بابر کے تابع کرلیا *

چتوڑ یعني میواڑ کا راج اُس وقت اپني پوري اوج پر تھا + سانگا رانا گدي پر تھا * اجمیر سے لے کر بھلسہ چندیري تک اُسي کا ڈنکا بجتا تھا + جےپور جودھپور وغیرہ سب جگہہ کے راجاؤں کا وہ سرتاج اور پیشوا گنا جاتا تھا * بڑي بھیڑ بھاڑ لے کر بابر کے مقابلے کو آیا + جب بیانے سے آگے بڑھا اور فتحپورسیکري کے برابر بادشاهي هراول کو شکست دے کر پیچھے ھٹایا بابر کے ساتھیوں کا دل سُست پڑگیا * اور اِسي عرصے میں کابل سے ایک نامي نجومي نے آکر یہہ مشہور کر دیا کہ منگل سامنے هی بابر کے فوج کي بربادي یقیني ہے * بابر منگل سے تو نہ ڈرا + لیکن اپني فوج کے بیدل ہونے سے بہت هراسان ہوا * منت مانگي کہ اگر سانگا پر فتح پاؤں + پھر کبھي شراب نہ پیوں اور ڈاڑھي بڑھنے دوں * بلکہ شراب پینے کے سونے چاندي کے پیالے اُسي وقت محتاجوں کو بانٹ دئے اور اپنے سپاھیوں سے کہا کہ یارو بے عزتي کے ساتھہ پیٹھہ دکھلانے سے تو رن میں سامنے ہوکر مرنا بہتر ہے سب نے قرآن کي قسم کھائي کہ مرجائینگے پر پیٹھہ نہ دکھلائینگے ندان بابر نے فتح پائي سانگا مشکل سے اپني جان لے کر بھاگا + جب وہ نجومي بابر کو فتح کي مبارک باد دینے آیا دوسرا کوئي ہوتا ضرور قتل کرتا هم بھي اُس کا مُنہہ کالا کیئے بغیر هرگز نہ

چھوڑتے لیکن بابر نے اُسے لعنت ملامت کے ساتھہ بہت سا دھن دے کر خالي اِتنا کہہ دیا کہ جا اب تو میرے ملک سے نکل جا *

سنہ ۱۵۲۸ع دوسرے سال بابر میدني راے چندیري والے پر چڑھا + جب بابر کے سپاهي قلعے میں پہنچے قلعے والوں نے جوهر کیا * پہلے اپني عورتوں کو مار ڈالا + پھر آپ سب کے سب کوئي بابر کے آدمیوں سے جوجھکے اور کوئي آپس میں ایک دوسرے کے هاتھہ سے کٹ مرے اپني عزت اور دهرم کو بچایا *

اِسي سال بابر نے افغانوں سے اودهہ اور بہار لیا + اور رنتھنبھور کا قلعہ بھي اُس کے هاتھہ آگیا *

سنہ ۱۵۳۰ع بابر پچاس برس کي عمر میں آگرے کے درمیان دنیا سے سدھارا + † اُس کے مرنے کا سبب یوں بتلاتے هیں کہ جب همایون بہت بیمار هوا اور حکیموں نے جواب دیا بابر نے همایوں کے پلنگ کے تین پھیرے دے کر یہہ دعا مانگي کہ یا خدا تو اِس کي جان بخش اور اِس کے بدلے مجھے لے اور اِس دعا کا دونوں کے دل پر ایسا اثر هوا کہ همایون تو اُسي دم سے اچھا هونے لگا اور بابر بیمار پڑا * اِس کي قبر اِس کے کہنے مطابق کابل میں ایک بہت سندر سوهاوني جگہہ میں بني هی + وهاں بھي اُس سے بڑھہ کر بہتر کوئي دوسري لائق سیر کے نہیں هی *

بابر بیشک ایشیا کے اچھے بادشاهوں میں تھا + اچھا کیا یہہ تو کوئي عجیب بزرگ هو گذرا * سزا کڑي دیتا تھا + پر بے سبب کبھي کسي کو نہیں ستاتا تھا * اپنا سارا حال اپنے هاتھہ سے ایک ترکي کتاب میں لکھہ گیا هی + لائق دیکھنے کے هی * وہ لکھتا هی کہ ایسا سُکھہ میں نے عمر بھر نہیں پایا + جیسا کچھہ دن سمرقند چھوڑنے پر ملا * کہ جب مجھہ کو فکر اور تردد میں ڈالنے کے لیئے کوئي بھي سلطنت میرے پاس نہ تھي پیٹ بھر کر میں نے اُنھیں دنوں میں کھایا + اور گہري نیند کا بھي مزا میں نے اُنھیں دنوں میں پایا * دُکھہ اور سُکھہ طبیعت پر موقوف هی یہہ اُسي کي طبیعت تھي کہ جن حالتوں میں آدمي کو جان کي فکر پڑتي هی وہ اپني کتاب میں جنگل اور پہاڑ کے پھل پھولوں کا حال اور جو خوشیاں اُسے اُن کے دیکھنے سے حاصل هوتي تھیں لکھتا هی یہہ اُسي کا کام تھا کہ بادشاہ

† تاریخ وفات بابر بہشت روزي باد سنہ ۹۳۷ هجري

ہونے پر بھي لڑکپن کے یار دوست اور سنگي ساتھیوں کي یاد میں گھڑیوں رویا کرتا + بیماري سے تھوڑے هي دن پہلے کالپي سے آگرے ۱۶۰ میل دو دن میں گھوڑے پر چلا گیا اور گنگا جمنا تو تیر کر کئي بار پار اُترا تھا *

همایون

همایون تخت پر بیٹھا + اُس کا ایک بھائي کامران پہلے سے کابل - قندھار کا ناظم تھا باقي هِندال اور مرزا عسکري اِن دو بھائیوں کو همایون نے سنبھل اور میوات کا ناظم بنایا * همایون میں کوئي ایسا عیب نه تھا که هم اُس کو کسي بات کا اِلزام دیں آخر بابر کا بیٹا تھا + لیکن وہ ایسے تھوڑے دن کے حاصل کیئے ہوئے ملک کو دشمنوں سے بچانے اور جھٹ پٹ جوڑ توڑ لگا کر اور قابو نکال کر اِنتظام کرنے کے واسطے نه تھا * آرام اور اِطمینان کے ساتھه سلطنت بخوبي کر سکتا + اِسي لیئے جب دشمنوں نے سر اُٹھایا اُن کے دبانے میں اِس نے ایسي بےموقع دیر کي اور اُنھیں فرصت دي که وے زور پکڑ گئے سب سے زبردست اِس کا دشمن شیرخان تھا * اُس کا باپ حسن‌خان پٹھان سہسرام میں ۵۰۰ گھوڑوں کا جاگیردار تھا + لیکن سلطنتوں کے پھیر پھار میں یہه شیرخان ایسا بڑھا که بہار اور بنگاله دبا کر اُس نے همایون کے مقابله کا سامان کیا * جب همایون تخت پر بیٹھا چنار کا قلعه شیرخان کے قبضه میں تھا + همایون پہلے تو کالنجر اور جونپور میں دشمنوں سے لڑتا بھڑتا گجرات کے بادشاہ بہادرشاہ کو شکست دیتا اور اُس کے ملک میں دخل کرتا کھنبھات تک چلا گیا تھا لیکن جب خبر شیرخان کي سرکشي کي سني گجرات چھوڑ کر مُنھه پورب کي طرف پھیرا * کہتے ہیں که گجرات میں چنپانیر کا قلعه دیوار کي طرح ایک کھڑے پہاڑ پر بنا هی همایون تین سو چنے ہوئے سپاهیوں کو لے کر رات کے وقت لوھے کي میخوں پر جو پہاڑ میں گاڑ دي تھیں پیر رکھتا ہوا اُوپر پہنچ گیا + اور دشمنوں سے اُسے خالي کروا لیا * خزانه بہادرشاہ کا صرف ایک هي آدمي کو معلوم تھا + اُس نے بتلانے میں اِنکار کیا * لوگوں نے چاھا که اُسپر سختي کریں + اور

سنه ۱۵۳۵ع

تکلیف دیں * لیکن همایوں نے یهه بات پسند نه کي + اور صلاح دي * که اِسے راضي کرو + اور خوب شراب پلاؤ * جب وہ نشے میں آیا + تو اُسي دم جهاں خزانه گڑا تھ بتلا دیا *

ندان چنار تک تو همایون اپني عملداري میں چلا آیا + لیکن چنار کا قلعه لینے میں کئي مهینے کا عرصه لگا * شیرخان نے اِس وقت مقابله مناسب نه سمجها + اپنے بال بچوں کو خزانے سمیت رهتاس † + کے قلعے میں بهیج کر قابو کا منتظر رها * همایون کو بنگالے کا دارالسلطنت گوڑ تک چلا جانا سهل هوا + لیکن جب برساتِ آئي ندي نالے سب بهر گئے همایون کے لشکر میں بیماري پهیلي بهتیرے آدمي بےاِطلاع اور بےپروانگي نوکري چهوڑ چهوڑ کر آگرے کو جانے لگے شیرخان شیر کي طرح ماند میں سے نکلا اور بهار بنارس چنار لیتا هوا جونپور جا گهیرا * همایون کو فکر آگرہ پهنچنے کي پڑي + بکسر سے اِدهر آکر شیرخان سے جو اب شیرشاہ بن گیا تھا شکست کهائي * همایون نے گهوڑا گنگا میں ڈالا + گهوڑا پار پهنچنے سے پہلے تهک کر ڈوب گیا * همایون بهي ڈوبنے هي پر تها + لیکن نظام نام ایک سقه یعني بهشتي مشک پر سوار اُس کے پاس پهنچ گیا * اِس لیئے جان بچ گئي + فوج بالکل غارت هوئي * عمادالسّعادت میں یوں لکها هی + که اِس سقے نے اپني خدمت کے اِنعام میں آدهے دن کي سلطنت مانگي اور جب همایون نے اُس کي خواهش پوري کي اُس نے آدهے هي دن میں چمڑے کا سکّه چلا دیا که اُس کا چرچا آج تک چلا جاتا هی *

سنه ۱۵۳۹ ع

آگرے پهنچ کر همایون نے پهر لڑائي کي تیّاري کي + اِس عرصه میں شیرشاہ بهي کنوج کے سامنے پهنچ گیا تها همایون نے پار اُتر کر مقابله کیا لیکن پهر شکست کهائي * اِس بار هاتهي گنگا میں ڈالا +

سنه ۱۵۴۰ ع

† شیرخان نے یهه قلعه بڑي حکمت سے لیا وهاں کے راجا هرکرشن سے کهلا بهیجا که میں مهم پر جاتا هوں اپنے بال بچے اور خزانه تمهارے پاس بهیج دیتا هوں راجا نهایت خوش هوا شیرخان نے پانچسو چنے هوئے جوان تو ڈولیوں میں عورتوں کي جگهه بٹهلا کر اور پانچسو جوانوں کے سر پر روپئے اشرفي کے نام سے پیسوں کے توڑے رکهه‌کر روانه کیا اور آپ اپني فوج سمیت گهات میں رها جب اُنهوں نے قلعے میں پهنچ کر دروازوں پر قبضه کیا شیرخان نے جاکر قلعه لے لیا راجا کهڑکي کي راہ بهاگ گیا *

کرارا اِس پار بہت اُونچا تھا ھاتھي سميت ھمايون کے ڈوبنے میں کچھہ باقي نہ رھا تھا * پر دو سپاھيوں نے اپني پگڑي جوڑ کر اُسکا ایک سرا کرارے پر سے ھمايون کي طرف پھینک دیا + اُسے تھام کر وہ کسي طرح اُوپر چڑھہ آیا * تھوڑي دور چلکر ھندال اور عسکري اُس کے دونوں بھائي بھي کچھہ بچي ھوئي فوج لیکر شامل ھو گئے + ڈر زمينداروں کے ھاتھہ سے لٹ جانے کا تھا بڑي مشکل سے آگرے پہنچے آگرے میں بھي اب ٹھہرنا مصلحت نہ جانا جھٹ پٹ گھربار کے لوگوں کو لے کے لاھور میں کامران کے پاس چل دیئے * کامران نے بھائیوں کے لیئے شیرشاہ سے بیر بساھنا مناسب نہ سمجھا + ھمايون نے جب کامران کا رخ اپني طرف نہ پایا مُنہہ سندھہ کي طرف کیا * سندھہ میں بھي ھمايون سے کچھہ نہ بن پڑا + خالي حیران پریشان اِدھر اُدھر گھومتا رھا * جو اُپاو ملک لینے کا کیا + بے فائدہ ھوا * سندھہ میں ھمايون نے بڑي بڑي مصیبت اور سختیاں اُٹھائیں + ریگستان میں پاني بنا پیاس کے مارے اُس کے ساتھیوں میں سے بہتیروں نے جان دیں *

کیا قدرت برحق ھے اُس قادر مطلق کي کہ اِسي آفت اور تکلیف میں ۱۴ اکتوبر کو اکبر سے بادشاہ کا جنم ھوا + کہ جس سے بڑھہ کر اور نیکتر آج تک کوئي مسلمان ھندوستان کے تخت پر نہیں بیٹھا *

سنہ ۱۵۴۲ع

کہتے ھیں کہ ھمايون ھندوستان میں آنے سے پہلے ایک دن اپني سوتیلي ما یعني ھندال کي ما کے محل میں کھانے کو گیا تھا + وھاں ھندال کے اُستاد ایک سیّد کي کُنواري لڑکي حمیدہ ایسي خوبصورت دیکھي کہ رھا نہ جا سکا اُسي دم اُس کے ساتھہ نکاح کر لیا * اب جس دن امرکوٹ سے کوچ ھوا اُسي کے دوسرے دن وہ اکبر جنني ھمايون کے پاس اُس وقت سوائے ایک مُشک نافہ کے اور کچھہ بھي دینے کو موجود نہ تھا + اُسي کو کاٹ کر چُٹکي چُٹکي مُشک بیٹا ھونے کي خوشي میں یہہ کہکر سب کو بانٹا * کہ جیسا یہہ مُشک خوشبو دے + اُسي طرح اکبر کي تعریف اور نیکنامي بھي سب طرف پھیلے *

اُس وقت ھمايون پر جو آفت اور مصیبت تھي اِسي ایک بات سے سمجھہ لیني چاھیئے کہ ھمايون نے اپني بیگم حمیدہ کي سواري کے واسطے کسي عہدہدار سے ایک گھوڑا جو اُس کے پاس خالي تھا منگني لے لیا تھا

ليکن جب اُس عهده‌دار کا گهوڑا تهکا تو اُس نے اُسي دم حميده کو اُتروا ديا + اور اپنا گهوڑا لے ليا * همايون نے اپنا حميده کو ديا + اور آپ پيدل هوا * کچهه دور چل کر بوجهے کا اُونٹ ملا + ناچار اُسي کے اُوپر بيٹهه گيا *

سنه ۱۵۴۳ع

ندان جب سندهه ميں کسي بات کي کچهه اُميد نه پائي اور دشمن وهاں بهي ستانے لگے تين برس خراب خسته هوکر همايون نے اِراده قندهار کا کيا + قندهار ميں اُس وقت عسکري کامران کي طرف سے تها * ليکن جب قندهار ۱۳۰ ميل رهگيا ايک سوار نے دوڑ کر خبر دي + که عسکري فوج ليکر گرفتار کرنے کے ليئے آتا هے همايون کو اکبر کے اُٹهانے کي بهي فرصت نه ملي * حميده کو ليکر گرمسير اور سيستان هوتا هوا ايران کي عملداري ميں چلا گيا + تهوڑي هي دير بعد عسکري پهنچا ليکن همايون کو نه پايا * تب دوستي کي باتيں ظاهر کرنے لگا + اور اکبر کو بڑي محبت سے قندهار لے گيا * اِيران کے تخت پر اُس وقت طهماسپ شاه صفوي تها همايون کي بڑي خاطرداري کي + اور ملاقات کے وقت سب بات ميں برابر کي عزت دي * ليکن اپنا شيعه مذهب قبول کرانے کو فائده نقصان اور بهلا بُرا سب کچهه دکهلايا + همايون کو يهه بهت بُرا لگا * پر علاج کچهه نه تها + منتخب‌التواريخ والا تو لکهتا هے که همايون نے ظاهرا اُس مذهب کو قبول کرليا تها اور نماز بهي اُسي طور پر پڑهتا تها * ليکن هم اِتنا هي کهه سکتے هيں که وه شيخ شفيع‌الدين کي جسے شاه صفي بهي کهتے هيں درگاه کي زيارت کو اردبيل بيشک گيا تها + اور يهه کام پکّے سنّيوں کے طريق سے البته برخلاف تها *

سنه ۱۵۴۵ع

ندان طهماسپ شاه نے قندهار ملنے کے وعدے پر ۱۴ هزار سوار اپنے لڑکے مرادمرزا کے ساتهه همايون کي مدد کو ديئے قندهار ميں اُس وقت کامران کي طرف سے مرزا عسکري حاکم تها + پانچ مهينے گهرے رهنے کے بعد بےقابو هوکر همايون کے پاس حاضر هوگيا * همايون نے پهلے تو بڑي خاطرداري کي ليکن پهر کسي پُرانے قصور کے بهانے سے اُس کے پاؤں ميں بيڑي ڈال کر قيد کرديا + قلعه قندهار کا اور جو کچهه اُس ميں خزانه تها سب اِيرانيوں کے حوالے کيا * ليکن جب بهت سے اِيراني اپنے ملک کو لَوٹ گئے اور مرادمرزا بهي مرگيا همايون دهوکها

دیگر قلعے میں گھسا + اور بہتیرے ایرانیوں کو قتل کرکے باقي کو باھر نکال دیا وے بیچارے اِیران چلے گئے قندھار ھمایون کے قبضہ میں رھا * ابوالفضل † ھمایون کو اِس دغابازي کي بدنامي سے بچانے کے لیئے لکھتا ھی کہ اِیراني قندھار میں ظلم کرتے تھے لیکن اُس کو شرم نہیں آتي کہ جب مدد کي قیمت میں قندھار اِیرانیوں کو دیدیا تھا + تو پھر اُن کے ظلم اور اِنصاف سے ھمایون کو کیا مطلب تھا *

قندھار لینے کے بعد ھمایون نے کابل پر چڑھائي کي راستے میں ھِندال بھي آ ملا + کامران سندھ کي طرف بھاگا * ھمایون نے اکبر کو کہ اب دو ڈھائي برس کا ھوگیا تھا چھاتي سے لگایا + لیکن جب ھمایون بدخشان سر کرنے کو گیا کامران نے پھر کابل لے لیا کابل کے ساتھ اکبر بھي اُس کے ھاتھہ آیا * جب ھمایون نے لوٹ کر کابل گھیرا اور گولا چلانا شروع کیا + تو کہتے ھیں کہ کامران نے اکبر کو بھالے سے باندھہ کر قلعے کي دیوار پر کھڑا کردیا * لیکن کہاوت مشھور ھی کہ مارنے والے سے بچانےوالا زبردست ھی اکبر کو کچھہ بھي آنچ نہ پہنچي کامران کو پھر بھاگنا پڑا + دوسرے سال تھک کر ھمایون کے پاس چلا آیا * ھمایون نے اِس وقت بڑي ھمت دکھلائي + مرزا عسکري کو بھي قید سے چھوڑ دیا چاروں بھائیوں نے ساتھہ بیٹھہ کر نمک کھایا اور اِس میل ملاپ کي بڑي خوشي منائي *

سنہ ۱۵۴۷ع

سنہ ۱۵۴۹ع

لیکن جب ھمایون بدخشان کي طرف گیا + کامران نے بگڑ کر پھر کابل پر قبضہ کیا اور اکبر تیسري دفعہ اُس کے ھاتھہ پڑا * جب ھمایون لوٹا + کامران لڑائي میں شکست کھاکر ھندوستان کي طرف بھاگا * پرگکروں ‡ کے سردار نے اُس کے ساتھہ دغا کي پکڑ کر ھمایون کے حوالےکر دیا + دو دن تو ھمایون نے کامران کي بڑي خاطرداري کي لیکن تیسرے دن اُسے اندھا کرنے کا حکم دیا * جہاں تک اُس کي آنکھہ میں نشتر لگائے گئے وہ کچھہ نہیں بولا لیکن جب نمک ڈال کر نیبو نچوڑا گیا چلّا اُٹھا اي خداوند کریم جو کچھہ میں نے گناہ کیئے تھے پوري سزا پا چکا اب عاقبت میں مجھپر رحم کر کامران اندھا ھوکر مکّے کو چلا گیا + اور ھمایون کابل قندھار کي بےکھٹکے حکومت کرنے لگا *

سنہ ۱۵۵۳ع

---

† اکبر کا وزیر تھا *

‡ گکر وھي ھیں جنھیں سنسکرت میں کیکے کہتے ھیں اور اب کشمیر کي عملداري میں ککّا کے نام سے شامل ھیں *

شیرشاہ سور

سنہ ۱۵۴۰ ع

ہمایوں کے بھاگنے پر اِس ملک کا بادشاہ شیرشاہ ہوا + کامران کے کابل چلے جانے پر پنجاب بھي جا دبایا * اور جھیلم پار ایک پہاڑي پر رُھتاس اُسي نام کا اور ویسا ھي مضبوط ایک قلعہ بنایا + کہ جیسا اُسکي جنم بھوم بہار میں تھا *

سنہ ۱۵۴۲ ع

مالوہ فتح ہونے پر اِس نے راےسین کے قلعےوالوں کے ساتھہ بڑي بےایماني کي اُنھیں جان کي امان دیکر قلعے سے باھر نکالا + لیکن پھر مولویوں سے فتوی لیکر سب کو کٹوا ڈالا * پھل اِس بےایماني کا شیرشاہ کو اِسي دنیا میں مل گیا + یعني جب اِس نے کالنجر کا قلعہ گھیرا اور قلعےوالوں کو جان کي امان کے وعدے پر قلعہ خالي کر دینے کا پیام بھیجا اُنھوں نے یہي جواب دیا کہ تونے راےسین والوں سے بھي تو ایسا ھي وعدہ کیا تھا اب تیري بات کا اِعتبار نہیں رہا * اور پھر کھنچھہ کر ایسا گولا مارنا شروع کیا کہ شیرشاہ کا میگزین اُڑ گیا + اور اُس کي آگ سے ایسا جُھلسا کہ اُسي دن نہایت تکلیف کے ساتھہ دنیا سے سدھارا † *

سنہ ۱۵۴۵ ع

شیرشاہ یہاں کے اچھے اور عقلمند بادشاھوں میں گنا جاتا ھی زمانے مطابق ملک کا اِنتظام بھي خوب کیا تھا + اور بنگالے سے پنجاب تک اُونچي سڑک بنوا کر منزل منزل پر سراے اور کوس کوس پر کوا کُھدوا دیا تھا * کہتے ھیں کہ سرایوں میں غریبوں کو کھانا ملنے کا بھي بندوبست کیا گیا تھا ھندو کے لیئے ھندو اور مسلمان کے لیئے مسلمان نوکر مقرر تھے + اور سڑک پر دو طرفہ درخت بھي لگائے گئے تھے ‡ *

سلیم‌شاہ سور ¶

شیرشاہ کے بعد نو برس تک اُس کے بیٹے سلیم‌شاہ نے جس کا اصلي نام جلال‌خان تھا بادشاھي کي اِسے بھي اِس کے باپ کي طرح نیک

---

† تاریخ وفات شیرشاہ ز آتش مرد سنہ ۹۵۲ ھجري *

‡ تاریخ شیرشاھي میں لکھا ھی کہ اُس کے باورچي‌خانے کا خرچ پانچ‌سو اشرفي روز تھا ھزاروں سوار سپاھي کسان کنگالوں کو سدا اُس کے باورچي‌خانے سے کھانے کو ملا کرتا تھا *

¶ اصلي لقب اِس کا اِسلام شاہ تھا *

نام بتلاتے هیں + دلي میں سلیمگڈهه اِسي کا بنایا اب تک موجود هی همایون کے خاندان والے اُسے نورگڈهه کهتے هیں *

محمدشاه عدلي

سلیمشاه کے مرنے پر اُس کا چچیرا بهائي مبارزخان اُس کے بیتے کو جو کل باره برس کا تها مار کر محمدشاه عادل کے لقب سے تخت پر بیتها + یهه بڑا نادان اور بدکار تها * سلطنت کا بالکل کام هیموں نام ایک بنئے کو سپرد کر دیا تها + خزانه جلد هي خالي هو گیا سرداروں کي جاگیریں ضبط کرنے لگا * لوگ نهایت ناخوش اور بے دل هوگئے + عدلي یعني عادل کے بدلے اُسے اندهلي یعني اندها پکارنے لگے * ملک میں هر طرف بلوه هوگیا + جهاں جو تها مالک بن بیتها * اُسي کے خاندان کے ایک آدمي اِبراهیم سور نے دلي آگره لے لیا + دوسرے آدمي سکندر سور نے پنجاب میں اپنے نام کا تنکا بجایا * محمدشاه پورب کو چلا + لیکن پورب میں بهي تیسرے آدمي محمد سور نے بنگاله اپنے قبضے میں کر لیا *

سنه ۱۵۵۳ع

سنه ۱۵۵۴ع

همایون کي دوسري سلطنت

همایون کو یهه موقع پهر هندوستان میں آنے کا بهت اچها ملا + پندره هزار سوار لے کر سندهه ندي پار اُترا پهلے لاهور لیا اور پهر سرهند میں سکندر سور کو شکست دے کر دلي آگرے میں قبضه کیا * لیکن موت نے اُسے زیاده دن اِس دوباره هندوستان کي سلطنت ملنے کا سُکهه نه بهوگنے دیا + دلي لینے سے چهه هي مهینے کے اندر پیر پهسلنے کے سبب سیڑهي سے گر کر اُنچاس برس کي عمر میں اِس دنیا سے کوچ کر گیا † *

سنه ۱۵۵۵ع

ابوالمظفر جلال‌الدین محمد اکبر شاه ‡

بادشاه اکبر اُس وقت کل تیره برس چار مهینے کا لڑکا تها + لیکن هوشیاري اور جوانمردي میں بڑے بڑے جوانوں کے کان کاٹتا تها *

---

† تاریخ وفات همایون ع همایون پادشاه از بام اُفتاد سنه ۹۶۲ هجري *

‡ تاریخ جلوس اکبر ع جلوس خداوند عالم پناه سنه ۹۶۳ هجري *

بیرم‌خان † خانخانان جو همایون کا بڑا معتبر سردار تھا + سلطنت کا کام انجام دینے لگا اکبر نے اُسے خان بابا کا خطاب دیا *

بیرم اکبر کے ساتھہ پنجاب میں سکندر سور کو قابو میں لانے کی فکر کر رہا تھا + لیکن جب خبر سنی کہ هیموں ‡ بنیا محمدشاہ عدلی کا وزیر محمد سور کو مار کر اور آگرے دلی کو اپنے قبضے میں لاکر تیس ہزار فوج کے ساتھہ لاهور کی طرف بڑھا آتا هی ترت پانی‌پت کے میدان میں لڑائی کے درمیان اُسے جیت کر قید کر لیا * بیرم نے چاها کہ اکبر اپنی تلوار اُس کے خون سے لال کرے اور غازی کہلوے لیکن اکبر دعوی مردمی کا رکھتا تھا + بولا کہ کھال قیدی پر تو میں هرگز هاتھہ نہیں اُٹھاؤنگا * تب بیرم نے غصے میں آکر ناچار اپنے هاتھہ سے اُس کا سر کاٹ ڈالا + دلی آگرہ پھر اکبر کے قبضے میں آیا *

بیرم بڑے دبدبے کا آدمی تھا یہہ خالی اِس کی همت اور مستعدی تھی + کہ سلطنت تیمور کے گھرانے میں رهی * لیکن اپنے آگے کسی دوسرے کو کچھہ چیز نہیں سمجھتا تھا دشمن دربار میں بڑھہ گئے + جب باهر کے لڑائی جھگڑوں کا ایسا خوف باقی نہ رها بادشاہ کے کان بھرنے لگے * بادشاہ بھی اب جوان هوتا چلا تھا + بالکل بیرم کے هاتھہ میں رهنا پسند نہیں کرتا تھا * اور بیرم نے شیخی میں آکر دو چار کام بھی ایسے کیئے + کہ وہ بادشاہ کو بہت بُرے معلوم هوئے * ندان اکبر شکار کے بہانے بیرم کے قابو سے نکل کر دلی چلا گیا اور ایک اشتہار جاری کیا + کہ اب سلطنت کا کام میں نے اپنے هاتھہ میں لیا * سواے میرے حکم کے کوئی کسی دوسرے کا حکم نہ مانے تب تو بیرم کی آنکھیں کھلیں مکے چلے جانے کا اِرادہ کیا لیکن گجرات کے پاس پہنچ کر دل بدل گیا + کچھہ سپاهی جمع کر کے پنجاب پر چڑھہ دوڑا اور جب بادشاهی فوج نے اُسے شکست دی + تو اکبر سے اپنے قصور کی معافی چاهی * آکر پیروں پر گر پڑا + اور رونے لگا * اکبر نے اُسے اپنے هاتھہ سے اُٹھایا + اور داهنی طرف بٹھایا * اور کہا کہ چاهو کوئی صوبہ لو چاهو پہلے درجے کے سردار هوکر دربار میں رهو + چاهو

سنہ ۱۵۶۰ع

† اصلی نام بیرام‌خان هی ترکی میں بیرام عید کو کہتے هیں *

‡ ریواڑی کا رهنے والا ڈهوسر بنیا تھا *

مں مانتي پنشن لے کر مکے کو جاؤ * بیرم کي غیرت نے هندوستان کا رهنا قبول نه کیا + مکے جانے کي اِجازت مانگي لیکن گجرات پهنچ کر ایک پٹھان کے هاتھه سے جس کے باپ کو اُس نے کسي لڑائي میں مارا تھا مارا گیا *

اکبر نے جو اِس اٹھارہ برس کي نو جواني میں ساري سلطنت کا بوجھه اپنے سر پر اُٹھایا + لوگوں کو اُس کي طاقت سے بالکل باهر معلوم هوگا * لیکن یاد رکھنا چاهیئے که کیسي آفت میں تو اُس کا جنم هوا + اور کیسي قید میں وہ پالا گیا * اپنے باپ کے ساتھه لڑائیوں میں رهکر وہ دلیر کیونکر نه هوتا + اور بیرم سے سخت مزاج آدمي کے تحت میں رہ کر وہ هر دم هوشیار رهنا کیونکر نه سیکھتا * بدن اُس کا بہت سڈول اور زور اور پھرتي سے بھرا هوا تھا + رنگ گورا تھا * باتیں اُس کي دل کو لوبھاني تھیں + دل لگیاں بھي اُس کي هاتھي گھوڑوں کے پھیرنے اور شیروں کے شکار کرنے میں تھیں * لیکن اُس نے اپني نیکنامي کي اُمید ایسي لڑائیوں کے جیتنے پر نہیں باندھي + جیسي اپني رعیت کے سکھه چین دینے سے رکھي *

غزنین اور غور والے بادشاہ تو پاس هونے کے سبب اپنے ملک والوں سے بھي مدد لے سکتے تھے + لیکن تیمور کے خاندان والے تب تک یہاں نرے پردیسي تھے * اکبر اپني آنکھوں سے دیکھه چکا تھا + که یہاں والوں نے کیسا جھٹ پٹ اُس کے باپ کو نکال دیا * ندان اکبر نے اپني نیک مزاجي سے یهه پکا منصوبه باندھا که نه تو مذهب کا کچھه خیال کرے + اور نه رنگ اور قوم کا جو لوگ اِس دیس میں بستے هیں سب کو دل جان سے اپنا کر لے * اُس کے وقت میں مسلمان اور هندو دونوں کو اپني اپني لیاقت بموجب بڑے سے بڑے عهدے ملتے رهے + اور یهي سبب تھا که تمام آدمي باپ سے بھي زیادہ اُسے چاهنے لگے *

بیرم کے رهتے هي اکبر کا عمل پورب میں جونپور تک پهنچ گیا تھا + اور گوالیر اور اجمیر کا قلعه بھي هاتھه آگیا تھا *

سنه ۱۵۶۱ع مالوہ اب تک پٹھان بادشاهوں کے صوبعدار بازبهادر کے قبضے میں تھا + اکبر نے آدمخان کو کچھه فوج کے ساتھه اُدھر روانه کیا * بازبهادر

جب شکست کھاکے بھاگا اُس کي عورت جسے لوگ پدمني کہتے هيں آدیم‌خاں کے هاتهه پڑ گئي + اُس نے اُسے اپنے محلوں میں داخل کرنا چاها لیکن وہ بیچاري اِس خبر کے سنتے هي زهر کها کر سو رهي * مالوہ سنہ ۱۵۶۱ع میں بالکل فتح هو گیا + اور بازبهادر اکبر کے امیروں میں داخل هوا *

اکبر نے آمیر یعني جےپور کے راجا کي بیٹي بیاهي تهي اِس لیئے وہ اور اُس کا بیٹا بهگوانداس † اور بهگوانداس کا بهتیجا اور راس‌نشین مان‌سنگهه سدا اکبر کے طرفدار رهے جودهپور کے راجا کي لڑکي سے بهي اکبر نے بیاہ کیا تها + جب تک مالدیو گدي پر رها کچهه سرکشي سي کرتا رها لیکن اُس کے پیچهے اُس کا بیٹا اکبر کي خدمت میں حاضر هو گیا * چتوڑ یعني اُدےپور کے رانا پر اکبر نے چڑهائي کي رانا اُدےسنگهه جي کا بودا تها + قلعہ چهوڑ کر جنگل پهاڑوں میں جاگهسا * لیکن جیمل قلعےدار نے اکبر کا خوب مقابلہ کیا + آخر ایک دن رات کو جیمل مشعل کے اُجالے سے برجوں کي مرمت کرا رها تها اکبر نے جو قلعہ گهیرے هوئے پڑا تها پهچان لیا * تک کر ایسا نشانا مارا + کہ جیمل اُسي جگهہ لوٹ گیا * ایسے بهادر قلعےدار کے مارے جانے سے رانا کي فوج بالکل بے دل هو گئي عورتوں کو جو قلعہ میں تهیں جیمل کي لاش کے ساتهہ چتا پر بٹهلا کر جلا دیا اور آپ تلواریں سونت کر اور کیسرئے باگے پهن کر قلعے سے باهر نکل آئے + کہتے هیں کہ اُس وقت کم سے کم آٹهہ هزار آدمي مسلمانوں کے هاتهہ سے قتل هوئے * جیتا ایک بهي نہ بچا ‡ هاں کچهہ تهوڑے سے آدمي اپنے لڑکے اور اپني عورتوں کو قیدیوں کي طرح باندهہ باندهہ کر بادشاهي فوج کے بیچ سے هوتے هوئے البتہ

---

† بهگوانداس کي بیٹي سلیم کو بیاهي تهي اکبر آپ بارات کے ساتهہ بهگوانداس کے مکان پر گیا تها اور وهاں هندؤں کے دستور مطابق آگ کے گرد پهیري پهر کر بیاہ هوا تها بهو کے ڈولے پر روپئے اور اشرفیاں لٹاتا آیا بهگوانداس نے ۱۰۰ هاتهي کئي طویلے گهوڑے بهتیرے لونڈي غلام سونے چاندي جواهر کے اسباب هتهیار برتن جهیز میں دیئے امیروں کو جو براتي تهے عراقي ترکي تازي سونے چاندي کے ساز سمیت گهوڑے دیئے *

‡ ٹاڈ صاحب اپني کتاب میں لکهتے هیں کہ مردوں کے جنیؤ ساڑهے چوهتر من تولے گئے تهے جنهیوں پر اب تک وهي طلاق لکها جاتا هي لیکن من چار سیر کا تها *

نکل گئے + بادشاہي فوج والوں نے یہہ جانا کہ ہمارے ہي آدمي قلعے والوں کے بال بچے پکڑے لیئے آتے ہیں اِس لیئے کچھہ نہ بولے * رانا چتوڑ ٹوٹ جانے پر بھي جنگل پہاڑوں میں گھسا رہا + نو برس پیچھے اُس کے بیٹے اور جانشین رانا پرتاب کو وہ جنگل پہاڑ بھي چھوڑ کر سندھہ کي طرف بھاگنا پڑا * پر جو اُس نے ہمت کي + تو خدا کي طرف سے اُسے مدد پہنچي * اکبر کے مرنے سے پہلے ہي اُس نے اپنا بہت سا ملک پھر اپنے قبضے میں کر لیا + اور اپنے باپ کے نام پر اُدےپور کا شہر بسایا *

سنہ ۱۵۷۳ع
سنہ ۱۵۷۶ع

گجرات جو مدت سے جدا بادشاہوں کے قبضے میں چلا آتا تھا سنہ ۱۵۷۳ع میں اکبر کے ہاتھہ آیا + اور سنہ ۱۵۷۶ع میں بنگالہ اور بہار بھي فتح ہو گیا * پٹھان بادشاہ جو وہاں تھائي چاول کي جدا کھچڑي پکاتے تھے + اب نام نشان کو بھي باقي نرہے *

سنہ ۱۵۸۶ع

کشمیر چودھویں صدي کے شروع سے مسلمانوں کے قبضے میں چلا آتا تھا + ہندوؤں کا راج بالکل ناش ہو گیا تھا * سنہ ۱۵۸۶ع میں اکبر نے اُسے ہندوستان کي سلطنت میں ملایا + اِسي سال راجا بیربل جو اکبر کا نامي مصاحب تھا سندھہ پار یوسف زئیوں کي لڑائي میں مارا گیا *

سنہ ۱۵۹۲ع

سنہ ۱۵۹۲ع میں سندھہ کے حاکم نے جو اب تک خود مختار رہا تھا زیر ہوکر اکبر کي اِطاعت قبول کي + اور وہ بھي میراث اِس بادشاہ کے اختیار سے باہر نرھي * کہتے ہیں کہ یہہ سندھہ کا حاکم لڑائي کے لیئے پرتگیز سپاھي بھي ساتھہ لایا تھا + اور دو سو ہندوستانیوں کو انگریزي جامہ پہنایا تھا * یعني گورے اور تلنگے † اُسکي فوج میں موجود تھے + اِن کے نام اِس ملک کي فوج میں اِسي جگہہ سے سننے میں آئے *

سنہ ۱۵۹۵ع

دکھن میں جو مدت سے احمدنگر اور وجےپور یعني بیجاپور اور گولکنڈے کے جدا جدا بادشاہ ہوتے چلے آتے تھے + احمدنگر میں اِتفاق سے چار دعویدار کھڑے ہوئے * ایک نے جو اُس وقت احمدنگر میں تھا

---

† پہلے مندراج میں تیلنگ دیس کے آدمي انگریزي فوج میں بھرتي ہوئے تھے اِسي لیئے یہاں والے پلٹن کے سپاھیوں کو تلنگا پکارنے لگے *

اکبر سے مدد مانگي اِس نے ايسے موقع کو غنيمت سمجهه کر شاهزادے
مرزامراد کو بيرم کے بيٹے مرزا عبدالرحيم‌خان خانخانان کے ساتهه فوج
ليکر احمدنگر جانے کا حکم ديا + ليکن جب تک يے لوگ پهنچے
احمدنگر دوسرے دعويدار بهادر نظام‌شاه کے قبضه ميں آ گيا * يهه تو بچه
تها ليکن اِس کي چچي چاند سلطانا بڑي دانا اور دل کي دلير تهي +
اِس قسم کي عورت اِس ملک ميں کم سني گئي هيں جس وقت
اکبر کي فوج سرنگ اُڑاکر قلعے پر چڑهنے لگي چاند سلطانا مُنهه پر
نقاب ڈال کر اور هاتهه ميں ننگي تلوار ليکر جهاں سرنگ اُڑائي گئي
تهي آکر کهڑي هو گئي * اور چلاکر اپنے آدميوں سے کهنے لگي که اب
ايسے وقت ميں عورت نه بنو + ندان اُس دم احمدنگر ميں ايسا
کوئي نه تها جو اُسکي مدد کو نه پهنچا هو * اکبر کي فوج قلعے پر نه
چڑهه سکي + اور براز کا علاقه لے کر جو احمدنگر والوں نے کچهه دنوں
سے اپنے قبضه ميں کر ليا تها چاند سلطانا سے صلح کر لي * ليکن چاند
سلطانا نے محمدخان کو پيشوا کے خطاب سے اپنا وزير مقرر کيا تها وه
اُس سے پهر گيا + اور اُس نے پهر شاهزادے مرزامراد کو احمدنگر ميں
بلايا * شاهزادے مرزامراد سے تو کچهه نه بن پڑا ليکن جب اکبر نے
شاهزادے دانيال اور خانخانان کو بهيجا اور برهان‌پور تک آپ بهي آيا +
تو اِس دفعه احمدنگر کے سپاهيوں نے بلوه کر کے چاندسلطانا کو مار ڈالا *
اکبر کي فوج کو قلعے ميں گهس جانا اور اُسے اپنے دخل ميں کر لينا
پهلي بار کا سا مشکل نه رها + قلعے والے سب مارے گئے اور بهادر
نظام‌شاه قيد رهنے کے ليئے گوالير کے قلعے ميں بهيجا گيا * اکبر ابهي
برهان‌پور هي ميں تها که اُسے اپنے بڑے لڑکے ولي عهد شاهزادے سليم کے
باغي هو جانے کي خبر پهنچي يهه اب تيس برس کا هو گيا تها
اور سب طرح سے لائق تها + ليکن شراب اور افيون نے اُس کا دماغ
بگاڑ ديا تها * وه آپ اپني کتاب ميں لکهتا هے که ميں جواني کي
حالت ميں هر روز کم سے کم بيس پيالے شراب پيتا تها اگر گهنٹے بهر
بهي بے شراب گذرتا + تو ميرا هاتهه کانپنے لگتا * ليکن جب سے ميں
تخت پر بيٹها کل پانچ پيالے پر کفايت کرتا هوں + اور سو بهي رات
کے وقت پيتا هوں *

تدان اکبر تو دکھن کي لڑائیوں کا بندوبست کر رہا تھا شہزادے سلیم نے ڈنکا بغاوت کا بجایا + اور الہآباد لیکر صوبۂ اودھہ اور بہار میں بھي اپنا قبضہ کر لیا * اکبر نے لڑکے پر سختي کرنا مناسب نجانا + نرمي کے ساتھہ فہمایش کا خط لکھا اور آپ بھي جلد آگرے کو چلا آیا * سلیم نے بہت منت سماجت کے ساتھہ اپنے باپ کو جواب لکھا + اور قدمبوسي حاصل کرنے کو آگرے روانہ ہوا * لیکن جب اِٹاوے میں پہنچا اکبر نے معلوم کیا کہ سلیم کے ساتھہ سپاہ بہت ہی حکم بھیجا کہ اگر مجھے دیکھا چاھتے ہو جریدہ چلے آؤ + نہیں تو الہآباد لوٹ جاؤ * سلیم الہآباد لوٹ گیا + اور پھر تھوڑے ھي دنوں بعد اکبر نے صوبۂ بنگالہ اور اُڑیسہ اُس کے حوالے کیا *

سلیم کو اکبر کے وزیر ابوالفضل سے بڑي دشمني تھي جب وہ دکھن کي مہم سے لوٹ کر آگرے کي طرف آتا تھا سلیم کي مرضي بموجب اُرچھا کے راجا نرسنگھدیو نے اُس کا سر کاٹ کے سلیم کے پاس بھیج دیا + اکبر کو ابوالفضل کے مارے جانے کا بڑا رنج ہوا دو دن رات نہ کچھہ کھایا نہ سویا پر اُسے یہہ نہ معلوم ہوا کہ ابوالفضل کا خون اُسي کے بیٹے کي گردن پر تھا * سنہ ۱۶۰۲ع میں سلیم اکبر کے پاس حاضر بھي ہوا تھا اکبر بہت مہرباني کے ساتھہ پیش آیا + سنہ ۱۶۰۴ع میں پھر حاضر ہوا *

سنہ ۱۶۰۲ع

سنہ ۱۶۰۴ع

سنہ ۱۶۰۵ع

اکبر کا دوسرا لڑکا مراد کئي برس ہوئے مر گیا تھا + اب تیسرے لڑکے دانیال کے مرنے کي خبر پہنچي یہہ بھي شراب بہت پیتا تھا * جب بیمار پڑا اور اکبر نے اُس کے پاس شراب جانا بند کیا وہ اپنے نوکروں سے بندوق کي نلیوں میں بھر کر شراب منگواتا تھا + مر گیا پر اِس سے پرھیز نہ کر سکا * یہہ بُري بلا ھی جب بڑھتي ھی + جان ھي لیکر چھوڑتي ھی * تدان اکبر کو اپنے عزیزوں کے مرنے کا اِتنا رنج ہوا + کہ آخر بیماري نے اُس کے بدن میں گھر کیا * بھوکھہ بالکل جاتي رھي + دس دن تک سواے پلنگ پر لیٹے رھنے کے اور کسي کام کي طاقت نرھي * آخر وقت میں سلیم موجود تھا اکبر نے حکم دیا کہ میرے سب امیروں کو یہاں حاضر کرو + میں نہیں چاھتا کہ جن لوگوں نے جنم بھر میري خدمت کي اب کسي

طرح پر تمھارے ساتھہ اُن کي نااِتفاقي ھو * جب سب امیر حاضر ھوئے بہت سي پند اور نصیحت کرنے کے بعد سب کي طرف دیکھکر کہا بھائیو اگر میں نے کچھہ قصور کیا ھو معاف کیجیو سلیم سے نه رھا گیا پیروں پر گر پڑا + اور ڈاڑھہ مارکر رونے لگا * اکبر نے اپني تلوار کي طرف اِشارہ کیا + اور کہا که میرے سامنے اپني کمر پر باندھو اور پھر ایک بڑے مُلّا کو بلا کر اُس کے سامنے مسلمانوں کا کلمه پڑھتے پڑھتے اِس ناپائدار دنیا سے کوچ کیا † *

آگرے کو بیانے کے تحت سے نکال کر سکندر لودي نے اپنا پاے تخت بنایا تھا + لیکن رونق اُسے اکبر نے دي اِسي لیئے وہ اکبرآباد کہلایا * قلعه اُس میں لال پتھر کا اکبر ھي کا بنایا ھی الهآباد بھي اکبر نے بسایا اور وھاں گنگا جمنا کے سنگم پر قلعه بنایا + انگریزوں نے اب اُسے بہت مضبوط کر لیا *

اکبر سال میں چھه مہینے سے اُوپر گوشت نہیں کھاتا تھا + اُس کے دربار میں سدا گنگاجل پیا جاتا تھا * گاوکشي کي مناھي تھي + رات دن میں تین گھنٹے سے زیادہ کبھي نہیں سوتا تھا اِتني لڑائیاں لڑتے اور ایسے بڑے بڑے کام کرنے پر بھي وقت جیسا چاھیئے بانٹ دینے سے اور کام کے نکاس کي ترکیب جاننے سے اُسے پڑھنےلکھنے اور کھیل تماشا دیکھنے کي بھي بہت فرصت ملا کرتي تھي * وہ پندرہ بیس کوس بخوبي پیدل چل سکتا تھا + ایک بار خالي اپنے شوق سے دو دن میں گھوڑے کي ڈاک پر دو سو بیس میل اجمیر سے آگرے چلا آیا * برسات کے موسم میں احمدآباد سے خبر پہنچي که دشمنوں نے قلعے کو چالیس ھزار فوج سے گھیر لیا اور اب اُس کے بچنے کي کچھه اُمید نہیں ھی اکبر اُس وقت آگرے میں تھا + اِتني دور سے ایسے موسم میں فوج کا روانه کرنا نرا بے فائدہ تھا * فوراً سانڑني پر سوار ھو بیٹھا + اور تین سو سانڑنیوں پر جو اُس وقت شتر خانے میں موجود تھیں سرداروں کو تیر کمان بندھواکر ساتھہ سوار کر لیا ایک اٹھوارے میں ۵۲۲ کوس چل کر احمدآباد کے سامنے ڈنکا جا بجایا * بادشاھي نشان دیکھتے ھي دشمنوں کا ھوش اُڑ

† تاریخ رفات اکبر فرت اکبر شه سنه ۱۰۲۴ ھجري *

گیا + بہتیرا ہاتھہ پیر پیتا پر سوائے مرنے اور بھاگنے کے کچھہ بھي نہ بن پڑا * آپس میں سلام کا قاعدہ اکبر نے بالکل بدل دیا تھا سلام علیکم کے بدلے ایک کہتا تھا اللہ اکبر دوسرا جواب دیتا تھا جلّ جلالہ بات اِس میں یہہ تھي کہ اکبر اور جلال دونوں اُس بادشاہ کا نام تھا بادشاہ کے سامنے سب کو زمین چومنے کا حکم تھا * مسلمانوں کو اِس طرح کي باتیں بہت بُري لگتي تھیں کیونکہ سلام علیکم اُنکے مذہب کا حکم ہی + اور آدمي کے سامنے زمین پر گرنا بالکل اُنکے مذہب کے برخلاف ہی * اکبر نے بہت سے آئین رعیت کے نہایت فائدے کے جاري کیئے تھے اُسنے گولہ اُٹھانا اور جلتے تیل میں ہاتھہ ڈالنا ایسي قسموں پر مقدموں کا فیصل ہونا بالکل بند کر دیا تھا + ہوش سنبھالنے سے پہلے لڑکا لڑکي دونوں کا بیاہ منع تھا * دوسرا بیاہ کرنے کي ہندو بیواؤں کو بھي پروانگي تھي + بنا اپني پوري رضامندي کے کسي کي زبردستي سے کبھي کوئي ستي نہیں ہونے پاتي تھي * جزیہ کا محصول اُس نے ایک قلم موقوف کردیا کیوں کہ ہندو اور مسلمان اُس کے نزدیک دونوں برابر تھے + جاتریوں سے محصول لینا بھي بالکل بند کیا کیوں کہ سب لوگ اپنے اپنے مذہب کے مطابق اُسي ایک بیچون و چرا خالق ارض و سما کي پوجا کرتے تھے * شہر کے باہر دو مکان بنوادیئے + جس مکان کا نام دھرم پور تھا اُس میں ہندو سادھہ سنت اور جس کا نام خیرپور تھا اُس میں مسلمان فقیر نت کھانے کو پاتے تھے * زمین کي پیداوار سے اکبر کل ایک تہائي لیتا تھا + اور لڑائي کے قیدیوں کو لونڈي غلام بنانے کا دستور بالکل اُٹھا دیا تھا * اکبر کے دخل میں ہندوستان کے اٹھارہ صوبے تھے + اُس کے لشکر کے دیرے پانچ میل کے پھیلاو میں کھڑے ہوتے تھے * سالگرہ کے روز بڑي دھوم دھام سے تیاري ہوتي تھي + اِنگلستان کي ملکہ الیزبتھہ کي چٹھي لے کر فیچ صاحب جو اُس کے دربار میں آئے تھے لکھتے ہیں کہ ایسي دولت ہمنے کبھي آنکھہ سے نہیں دیکھي * سونے کي تُلا پر سونے اور پھر چاندي اور پھر اور چیزوں سے بادشاہ تُلتا تھا + اور وہ سب اُسي جگہہ لُٹا دیا جاتا تھا * بادشاہ لوگوں کو اِنعام بھي بہت دیتا تھا + اور سونے چاندي کے بادام درباریوں پر پھینکتا تھا + اُس کے درباري سب سر پر کلغیاں باندھتے تھے + اور اِنھیں فیچ صاحب کے لکھنے

بموجب جیسا آسمان تاروں سے چمکتا ھی وے ھیروں سے چمکتے تھے * پانچ ھزار اُس کے فیل‌خانے میں ھاتھي تھے + اور بارہ ھزار اصطبل میں خاصے کے گھوڑے * اُن کے ساز دیکھنے سے آنکھیں چوندھیاتي تھیں + اور سواروں کے بدن پر کمخاب کي وردیاں جگ مگاتي تھیں * پر تو بھي اکبر نہایت سیدھا سادا تھا + اکثر تخت کے نیچے بیٹھہ کر اور کبھي کھڑا بھي رہ کر اپني رعیت کا اِنصاف کرتا تھا * اُس کي نیک مزاجي کي ھم کہاں تک تعریف لکھیں ایک دفعہ سواري میں کسي نے اکبر پر ایک تیر چلا دیا + اور وہ آکر اُس کے کندھے میں لگا * مجرم پکڑا گیا لوگوں نے عرض کي کہ ابھي اِس کو قتل نہ ھونے دیجئے تو اِس سے اُس اصل مجرم کا نام معلوم کریں جس کے کہنے سے اِس نے ایسے کام کا ھواو کیا + اکبر نے کہا کہ اِس کو دھمکانے سے اصل مجرم کے بدلے کسي بے گناہ کے پھنس جانے کا ڈر ھی اور اُس کو اُسي دم قتل ھونے دیا *

ایک مرتبہ اکبر جب لڑائي میں جانے کے لیئے پوشاک پہن رھا تھا دیکھا کہ کسي راجا کا لڑکا اپنے ڈیل ڈول سے زیادہ زرہ بکتر پہنے ساتھہ چلنے کو تیار ھی + اور اُس کے بوجھہ سے دبا جاتا ھی * بادشاہ نے اُس کي عمر موافق ایک ھلکا سا زرہ بکتر اپنے توشےخانے سے منگوا دیا + اور جب اُس نے وہ بھاري اپنے بدن سے اُتارا ایک دوسرے راجا کو جو بے زرہ بکتر تھا پہن لینے کا اِشارہ کیا * لیکن یہہ راجا اُس لڑکے کے باپ سے کچھہ دشمني رکھتا تھا اِس سبب لڑکےکو بہت بُرا لگا اکبر کا دیا ھوا زرہ بکتر ترت اُتار کر پھینک دیا + اور کہا کہ میں لڑائي میں بے زرہ بکتر ھي جاؤنگا اکبر نے اِس بے ادبي پر ذرہ بھي خیال نہ کیا * اور خالي اِتنا ھي بولا کہ تب آج ھم بھي زرہ بکتر نہ پہنیں + کیوں کہ ھمکو یہہ مناسب نہیں کہ اپنے سرداروں کو اپنے سے زیادہ خطرے میں پڑنے دیں *

بابا تلسي‌داس † اِسي کے زمانے میں ھوئے + جو ایسي اچھي بھاکھا رامایِن بنا گئے *

---

† سمبت سورہ سے اسي اِسي گنگ کے تیر * ساون سکلا ستمیں تلسي تجیو سریر * کوئي کوئي ساون سیاما تیج کر ایسا بھي کہتے ھیں اور اُسي دن اُنکي برسي مانتے ھیں *

نورالدین محمد جہانگیر

اکبر کے بعد سلیم تخت پر بیٹھا + اور لقب اپنا جہانگیر رکھا *
اکثر محصول جن سے رعیّت کو تکلیف پہنچتی تھي اور اکبر کے
وقت میں بھي جاري رہ گئے تھے + بند کر دیئے * حکم دیا
کہ کوچ کے وقت کوئي سپاهي یا بادشاهي نوکر زبردستي کسي رعیت
کے گھر میں نہ اُترے ناک کان کاٹنے کي سزا بھي جہانگیر نے موقوف
کي + آپ جیسي شراب پیتا تھا وہ تو معلوم هي پر اَوروں کو سخت
مناهي تھي * اپنے رهنے کے محلوں میں ایک زنجیر سونے کے گھنٹیاں
باندھہ کر لگا دي تھي اور اُس زنجیر کا دوسرا سرا قلعے کے باہر لٹکوا
دیا تھا + کہ فریادي کو اگر کوئي چپراسي چوبدار بادشاہ تک نہ
پہنچنے دے تو وہ اُس زنجیر کو هلادے جہانگیر گھنٹیاں بجتے هي
باهر نکل آتا تھا * لیکن اِن سب اچھے کاموں سے یہہ نہ سمجھنا چاهیئے
کہ جہانگیر کا دل بھي اکبر کا سا نرم تھا جب اِس کا بڑا بیٹا
خسرو اِس سے بگڑ کر کابل کي طرف بھاگا + اور جھیلم میں ناو اٹک
جانے کے سبب پکڑا آیا * جہانگیر نے اُس کے ساتھیوں میں سے سات
سو آدمیوں کي کھال کھچواکر اُنھیں لاهور کے باهر کھڑا کروا دیا + اور
خسرو کو هاتھي پر بٹھلاکر اُنھیں دیکھنے کے لیئے بھجوایا اور نقیب کو
حکم دے دیا کہ ایک ایک کا نام لے کر معمول مطابق ”نگاہ روبرو“ پکارتا
جاوے خسرو نے تین دن تک کچھہ نہ کھایا اور رویا اور کراها کیا *

سنہ ۱۶۰۶ع

تخت پر بیٹھنے کے چھہ برس بعد جہانگیر نے نورجہان کے ساتھہ
نکاح کیا + نورجہان کا دادا اِیران میں بڑے درجے کا آدمي تھا لیکن
اُس کا باپ مرزا غیاث ایسا غریب هو گیا کہ اُسے روزگار کي تلاش میں
هندوستان کي طرف آنا پڑا اور قندهار میں جب نورجہان پیدا
هوئي اُس نے اُسے سڑک پر پھینک دیا * قافلے والوں نے رحم کھاکر اُٹھا
لیا + اور اُسي کي ما کو اُس کي دهاے مقرر کر دیا * اُس کے باپ سے
بھي قافلے والے کام کاج لینے لگے اور پھر هوتے هوتے وہ بادشاہ کے یہاں
نوکري پا گیا اپني ما کے ساتھہ جب نورجہان اکبر کے محل میں
جاتي + وهاں جہانگیر کي بھي اُس پر آنکھہ پڑتي * جب جہانگیر
اُس سے چھیڑ چھاڑ کرنے لگا اور اِس کا چرچا اکبر تک پہنچا اکبر

سنہ ۱۶۱۱ع

نے اُس کے باپ سے کہہ کے اُس کا نکاح شیرافگن‌خان سے کہ جس کے ساتھہ منسوب ہو چکي تھي کرا دیا + جہانگیر جب تخت پر بیٹھا نورجہان کي یاد نے اُسے بیچین کیا * شیرافگن‌خان کو اکبر نے بنگالے میں جاگیر دي تھي جہانگیر نے بنگالے کے صوبہ‌دار کو لکھا کہ جس طرح سے بنے نورجہان کو شیرافگن سے لے کر بھیج دو صوبہ‌دار کا سمجھانا شیرافگن نے کچھہ بھي نہ مانا + اور جب صوبہ‌دار نے دھمکانا شروع کیا شیرافگن نے اُس پر ہتھیار چلایا * صوبہ‌دار کے مرتے ھي اُس کے نوکروں نے شیرافگن کو ٹکڑے ٹکڑے کرڈالا اور نورجہان کو پکڑ کر جہانگیر کے پاس بھیج دیا + پہلے تو جہانگیر نے اُس کے ساتھہ بڑي دھوم دھام سے بیاہ کیا اور پھر خالي نام کو آپ بادشاہ رھا حقیقت میں سارا کام بادشاھي کا اُسي کے حوالے کر دیا * بادشاھي کیا وہ تو جہانگیر کي بھي مالک تھي + اور عقلمند ایسي کہ اُس سے بھي اچھي سلطنت کرتي تھي * سکے پر بھي جہانگیر کے ساتھہ اُس کا نام رھتا تھا + اور بے اُس کے ایک دم جہانگیر کو آرام نہ تھا *

جہانگیر نے کچھہ فوج شاھزادے خرم یعني شاھجہان کے ساتھہ اُدےپور کو بھیجي تھي + لیکن رانا شاھجہان کے پاس حاضر ھوگیا اِس لیئے شاھجہان نے اُس کي بہت خاطر کي * اکبر کي چڑھائي سے جو کچھہ اُس کا ملک بادشاھي قبضے میں آ گیا تھا وہ بھي چھوڑ دیا + اور رانا کے لڑکے کو دلّي لاکر اپنے باپ جہانگیر سے بڑا درجہ دلایا * سنہ ۱۶۱۴ع

شاھجہان کو جہانگیر نے بہت سي فوج دیکر دکھن کي مہم پر روانہ کیا + اور آپ بھي اُس کي مدد کے اِرادے پر مانڈو تک آیا * سنہ ۱۶۱۶ع اِنگلستان کے بادشاہ پہلے جیمس کے ایلچي سر تامس رو صاحب بادشاہ کے ساتھہ تھے + لکھتے ھیں کہ باربرداري نہ ملنے کے سبب ھم اور اِیران کے بادشاہ کا ایلچي دونوں کچھہ دن تک اجمیر میں پڑے رھے * اور بادشاہ کو بھي اپني فوج کا بہت سا ڈیرہ ڈنڈا جلوا دینا پڑا + نہیں تو اُنکا بھي کوچ ھونا مشکل تھا * وھي صاحب لکھتے ھیں کہ جہانگیر فرنگیوں کي بڑي خاطر کرتا ھی رعیت ھندي بولتي ھی + پر دربار میں فارسي بولي جاتي ھی * میں نے بادشاہ کو ایک عمدہ ولایتي گاڑي اور تصویر دي تھي بادشاھي کاریگروں نے تھوڑے

هي دنوں میں اُس سے بہتر کاڑي بنالي + اور تصویر کي تو ایسي نقل اُتاري که مجھکو اصل سے نقل جدا کرني مشکل پڑ گئي *

شاهجہان جلد هي فتح فیروزي کے ساتھہ دکھن کي مہم ختم کر کے اپنے باپ کے پاس حاضر هوگیا + اور پھر تھوڑے هي دنوں پیچھے کانگڑے کا نامي قلعه جہانگیر کے قبضے میں آیا * شاهجہان کو نورجہاں کي بھتیجي بیاهي تھي + اِس لیئے وہ اب تک شاهجہان کي طرفدار تھي * لیکن اب اُس نے اپني بیٹي جو شیرافگن کے گھر میں هوئي تھي + جہانگیر کے چھوٹے لڑکے شہریار کو بیاہ دي * اور اِس فکر میں پڑي که شاهجہان کو خراب کر کے جہانگیر کے بعد شہریار کو تخت پر بٹھاوے نداں جب شاهجہان کو یہه بات معلوم هوئي اور اُس نے دیکھا که نورجہان نے میرے باپ کا دل میري طرف سے پھیر دیا نه مجھه کو باپ کے پاس آنے دیتي هی + اور نه یہاں دکھن میں رهنے دیتي هی * جاگیریں میري جو تھیں ضبط هوکر شہریار کو مل گئیں اور فوج بھي جو میرے تحت میں هی اب شہریار کو ملا چاهتي هی ڈنکا بغاوت کا بجایا + اور مانڈو سے آگرے کي طرف روانه هوا * لیکن جب قریب پہنچا اور بادشاهي فوج اِس کے مقابلے کو آئي یہه هٹ کر پھر مانڈو کي طرف روانه هوا + بادشاهي فوج نے وهاں بھي اُس کا پیچھا کیا * شاهجہان تیلنگ دیس یعني تلنگانے کي طرف بھاگا + اور پھر مچھلي بندر هوتا هوا پورب میں آکر بنگاله اور بہار اپنے قبضے میں کیا * لیکن جب زمینداروں سے مدد نه ملنے کے سبب اِس طرف بھي اُس نے بادشاهي فوج سے شکست کھائي پھر دکھن کي طرف بھاگا + اور آخر تھککر اپنے باپ کو عرضي لکھي که اب میرا قصور معاف هو بہت سزا پا چکا * وهاں سے حکم آیا که داراشکوہ اور اورنگزیب اپنے دونوں لڑکوں کو حاضر رهنے کے لیئے دربار میں بھیج دو + اور پھر کبھي ایسا کام مت کرو * شاهجہان نے کچھه عذر نه کیا اور فوراً اپنے دونوں لڑکوں کو بادشاہ کے پاس بھیج دیا *

سنه ۱۶۲۵ ع

اِسي عرصے میں کیا جانیئے نورجہاں کو کیا سوجھا + مہابت‌خان کو بنگاله کي صوبداري کا حساب سمجھانے کے لیئے بُلا بھیجا * مہابت‌خان آیا + لیکن پانچ هزار راجپوتوں کو ساتھه لیتا آیا * بادشاہ

کے پاس حاضر ہونے سے پہلے بنا بادشاہ کي پروانگي اُس نے اپني بيٹي ایک جوان سردار برخوردار کو بیاہ دي + جہانگیر کو یہہ بات بہت بُري لگي * برخوردار کو بُلا کر اُس کي ننگي پیٹھہ پر کوڑے لگوائے اور گھر بار اُس کا بالکل ضبط کر لیا + جب مہابت‌خان پاس پہنچا جہانگیر کابل کو جاتا تھا جھیلم میں پُل باندھہ کر فوج تو پار اُتر گئي تھي جہانگیر اپنے خیمے میں ابھي اِسي پار تھا * مہابت‌خان نے سورج نکلنے سے پہلے دو ہزار رجپوت تو پل پر بھیج دیئے اور آپ دو سو رجپوت لیکر جہانگیر کے دیرے میں چلا گیا + جہانگیر گھبرا کر اُٹھا اور اِتنا ہي کہنے پایا نمک‌حرام مہابت‌خان یہہ کیا ہي مہابت‌خان نے زمین چومي اور عرض کیا کہ میرے دشمنوں نے مجھکو حضور تک نہیں پہنچنے دیا تب میں ناچار اِس گستاخي کے ساتھہ حاضر ہوا * ندان جب جہانگیر نے اپنے تئیں مہابت‌خان کے اختیار اور اُس کي قید میں پایا + نرمي اور ملائمت کے ساتھہ باتیں کرنے لگا مہابت‌خان جہانگیر کو اپنے دیرے میں لے آیا * نورجہان بھیس بدل کر ٹوٹي سي ڈولي پر سوار مہابت‌خان کے سپاہیوں کے درمیان سے پل پار اپني فوج میں چلي گئي دوسرے روز دریا پایاب اُتر کر ساري فوج مہابت‌خان پر چڑھا لائي * آپ تیر کمان لیکر ہاتھي کے ہودے پر سوار تھي + لیکن مہابت‌خان کے سامنے کچھہ پیش نہ گئي * آدمي بہت مارے گئے + بادشاہ کو نہ چھڑا سکے * نورجہان کا ہاتھي فیل‌بان کے مرنے اور سونڑ کے کٹنے پر دریا میں بھاگ گیا + اور بہت دور بہہ کر کنارے پر لگا * نورجہان کے ساتھہ ہودے پر اُس کي نواسي بھي تھي ننھي بالک اور تیر سے گھائل نورجہان ہاتھي سے اُتري اور اُس لڑکي کے گھاو میں پٹي باندھي + آخر تھک‌کر وہ بھي اپني قسمت کے بھروسے پر جہانگیر کے پاس مہابت‌خان کي قید میں چلي آئي *

مہابت‌خان جہانگیر کو لے کر کابل کي طرف چلا + جہانگیر ظاہر میں اُس سے ایسا ہل مل گیا کہ مہابت‌خان کو اُس کي طرف سے کچھہ بھي کھٹکا باقي نرہا * جہانگیر نے نورجہان کي صلاح بموجب مہابت‌خان سے کہہ کر حکم دلوا دیا کہ سب جاگیردار اپنے اپنے سواروں کو موجودات دیویں نورجہان بھي جاگیردار تھي + اپنے سواروں کو درست کرنے لگي اور نئے سوار اِس حکمت سے بھرتي کیئے کہ موجودات کے دن تک کسي کو اُن کي تعداد سے خبر نہ ہوئي * مہابت‌خان کو نورجہان

کي طرف سے کھٹکا ہوا لیکن جہانگیر نے یہہ کہہ کے مٹا دیا کہ نورجہان کے سوار ہم جا کر دیکھہ آوینگے تم اُن کے نزدیک مت جانا + لیکن جب جہانگیر نورجہان کے ساتھہ اُس کے سواروں کو دیکھنے گیا وہ اِتنے تھے کہ فوراً اُنھوں نے اُن کے ہاتھیوں کو گھیر لیا اور مہابت‌خان کے آدمیوں کو جو بادشاہ کے ساتھہ تھے کات ڈالا * جب مہابت‌خان نے دیکھا کہ بادشاہ اور بیگم دونوں ہاتھہ سے نکل گئے وہاں سے کوچ کیا + اور پھر دکھن میں شاہجہان سے جا ملا *

جہانگیر کابل سے کشمیر گیا وہاں اُس کا دمے کا مرض ایسا بڑھہ گیا کہ لاہور آنا پڑا + لیکن موت نے راستے ہي میں آ لیا ساٹھویں برس میں دنیا سے کوچ کرگیا † * سنہ ۱۶۲۷ ع

شہاب‌الدین مُحمد شاہجہان (صاحب قران ثاني)

جہانگیر کے بعد شاہجہان بڑي دھوم دھام سے تخت پر بیٹھا جیسي اُس کے وقت میں سلطنت نے رونق پائي + کبھي کسي کے سُنّنے میں نہیں آئي * جو جو عمارتیں اُس نے بنائیں + کبھي کسي کے دیکھنے میں نہیں آئیں * شاہجہاناباد کي عمارتوں کو دیکھو قلعہ کیسا عمدہ اور جامع‌مسجد کس شان کي بني ہی آگرے میں تاج‌گنج کا روضہ دیکھو کہ ویسي دوسري عمارت آج تک کسي کو دنیا میں نہیں ملي + ایک تخت طاؤس ‡ اُس نے سات کروڑ دس لاکھہ روپئے کا سنہ ۱۶۲۸ ع

---

† تاریخ وفات جہانگیر ع جہانگیر از جہان عزم سفر کرد سنہ ۱۰۳۶ ہجري *

‡ طول اِس تخت کا چھہ فٹ اور عرض چار فٹ ۱۰۸ لعل اُس میں سوا سو رتي سے لیکر اڈھائي سو رتي تک کے لگے تھے اور ۱۶۰ پنّے چھتیس رتي سے لے کر بہتر رتي تک کے جڑے تھے اُس کے سائبان میں تمام ہیرے اور موتي ٹکے ہوئے تھے اور جھالر ڈرے موتیوں کي لٹکتي تھي اُس تخت کي محراب پر ایک مور دُم پھیلائے سونے کا جواہر سے جڑا ہوا رکھا تھا دم میں بالکل نیلم اور چھاتي پر ایک بڑا سا لعل تھا گردن میں ترسٹھہ رتي کا موتي لٹکتا تھا ایک ہیرے کا آویزہ بھي اُس میں ۱۱۷ رتي کا تھا بارہ چوبیں جن پر اُس تخت کا سائبان کھڑا ہوتا تھا تمام آب‌دار گول نو رتي سے بارہ رتي تک کے موتیوں سے جڑي تھیں اور اُس کے دونوں طرف جو دو چتر رہتے تھے اُن کي ڈنڈیاں آٹھہ آٹھہ فٹ اُنچي ساري نیچے سے اُوپر تک ہیروں میں ڈوبي تھیں *

بنوایا تھا کہ جسکے دیکھنے سے چکاچوندھہ آ جاتي تھي * شاھجہان کي سالگرہ میں سواے معمولي تُلادانوں کے جواھرات سے بھر بھر کر پیالے صدقے اُتارے جاتے تھے + خفي خان لکھتا ھی کہ اِنعام اِکرام خلعت تُلادان صدقے وغیرہ سب ملاکر اِس سالگرہ میں ایک کروڑ ساٹھہ لاکھہ روپئے سے کم خرچ نہیں پڑتے تھے * ٹیورنیر فراسیسي سوداگر جو اُس وقت یہاں آیا تھا اپنی کتاب میں لکھتا ھی کہ شاھجہان لوگوں پر بادشاھي نہیں کرتا ھی + بلکہ اپنے لڑکوں کي طرح اُنھیں پالتا ھی * اُس کے اِنتظام کي خوبي اِسي بات سے جان لیني چاھیئے کہ اِس شاہ خرچي پر بھي وہ سواے سونے چاندي اور جواھرات کے چوبیس کروڑ روپیہ نقد چھوڑ مرا + اور کبھي رعیت سے ایک پیسا معمول سے زیادہ نہیں مانگا * خفي خان شاھجہان کي آمدني تیئیس کروڑ روپیہ سال لکھتا ھی + لیکن ٹیورنیر بتیس کروڑ بتلاتا ھی *

سنہ ۱۶۳۱ ع — اِسي بادشاہ کے زمانے میں یعني سنہ ۱۶۳۱ع میں پُرتگالہ والوں نے کلکتے کے پاس ھگلي میں جو قلعہ بنایا تھا + بنگالے کے صوبہ دار نے گھیر کر لے لیا *

قندھار اکبر کي سلطنت کے شروع میں ایرانیوں نے لے لیا تھا + لیکن کچھہ دن بعد پھر اکبر کے قبضے میں آگیا اب جہانگیر کے زمانے سے پھر ایرانیوں کے ھاتھہ میں تھا * لیکن اُن کا صوبہ دار علي مردان خان شاھجہان سے آملا + اِس لیئے قندھار پھر ھندوستان کے شامل ھوگیا * یہہ علي مردان خان بڑا نامي ھوا دلّي کي نہر اِسي نے بنوائي + اور دولت اُس کے پاس اِتني تھي کہ لوگوں کي سمجھہ میں اُسکے کہیں سے گڑي ھوئي پائي * سنہ ۱۶۴۷ع میں اِیرانیوں نے پھر زور مارا + اور قندھا اُن کے دخل میں چلا گیا *

سنہ ۱۶۳۷ ع

سنہ ۱۶۴۷ ع

میرجملہ پہلے تو دکھن میں ھیرے کي تجارت کرتا تھا + لیکن اب بہت دنوں سے عبداللہ قطب شاہ گول کنڈے کے بادشاہ کا وزیر ھوگیا تھا * عبداللہ نے کئي باتوں سے ناراض ھوکر اِس کے بیٹے محمد امین کو قید کیا تب اِس نے شاھجہان سے مدد مانگي + شاھجہان کي فوج نے عبداللہ کو بہت زیر کیا شاھزادے اورنگ زیب کے اِشارے مطابق

بھوکھا دے کر اُس کے علاقہ میں گھس گئي * عبداللہ نے تو اورنگ‌زیب کے آدمیون کو سابق صلحنامے کے موافق دوست سمجھا اُن کے کھانے پینے کا بندوبست کرنے لگا لیکن اِنھوں نے اچانک اُس کي دارالسلطنت حیدراباد کو لوٹنا اور پھونکنا شروع کیا + ناچار عبداللہ نے محمدامین کو بھي قید سے چھوڑ دیا اور اورنگ‌زیب کے لڑکے سلطان‌محمد کو اپني بیٹي بیاہ میں اور ایک کروڑ روپیہ نذر بادشاہ کے لیئے دے کر اپنا پنڈ چھڑایا * میرجملہ نے شاھجہان کو وہ مشہور ۳۱۹ رتي کا کوہ‌نور ھیرا † نذر دیا جو اُس کے کسي کسان کو گوداوري کنارے کولور کي کھان میں خربوزے کا کھیت جوتتے ہوئے ملا تھا اور اب پنجاب سے ملکہ معظمہ اِنگلستان یعني ھند کي قیصر امپرس وکٹوریا کي خدمت میں پہنچا + وہ برابر اورنگ‌زیب کا معتمد مصاحب بنا رہا *

سنہ ۱۶۵۷ع

شاھجہان کے چار لڑکے تھے داراشکوہ ۴۲ برس کا شجاع ۴۰ برس کا اورنگ‌زیب ۳۸ برس کا اور چوتھا مُراد بھي جوان ھوچکا تھا داراشکوہ بہت نیک تھا ھر مذھب کے اچھے فقیروں سے صحبت رکھتا مذھب اُس کا بیدانت تھا + اُپنشدوں کا فارسي میں ترجمہ اُسي کے حکم سے ھوا تھا * اورنگ‌زیب بڑا دوراندیش حکمتي مطلب کا یار اور ظاھر میں بڑا کڑا مسلمان تھا شجاع شرابي اور عیاش اور مُراد کچھہ بیوقوف سا گنا جاتا تھا + اورنگ‌زیب کو شاھجہان کے منصوبوں کا حال اپني بہن روشن‌آرا ‡ سے ملا کرتا تھا * داراشکوہ ولیعھد تھا + جوں جوں شاھجہان اُس کا اختیار بڑھاتا جاتا تھا اورنگ‌زیب چھت پٹاتا تھا * اِس کے دل میں تخت کي پوري آرزو تھي + اُمید نري مذھب کے بہانے سے تھي * سدا مولویوں کي طرح رہا کرتا + جو کچھہ ھاتھہ کي محنت سے ملتا اُسي سے اپني گذران کرتا * ساتھیوں سے سدا کہا کرتا کہ میں تو فقیر ھوکر مکے چلا جاؤں لیکن کیا کروں داراشکوہ کافر ھی اگر اِس کا اختیار ھوگا + دین کو بہت

---

† شاھجہان کے جوھریوں نے اُسے ۲۸۱۵۰۵۲۵ کا آنکا تھا اور کولور کي کھان میں ملا کون جانے شاید اِسي سبب اُس کا نام کوہ‌نور رکھا گیا *

‡ شاھزادیاں بھي تعلیم پاتي تھیں اکبر کے چار جہانگیر کے دو شاھجہان کے پانچ اور اورنگ‌زیب کے بھي پانچ تھیں لیکن اِن ۱۶ میں بیاھي خالي تین گئي تھیں *

خراب کریگا * ندان یہي سبب تھا کہ مسلمان اُس کو جي سے چاھتے تھے اور اِس میں شک نہیں کہ اُنھیں کي مدد سے اُسے سلطنت ھاتھہ لگي + لیکن ساتھہ ھي یہہ بھي یاد رکھو کہ ھندؤں کے بیدل ھو جانے سے وہ سلطنت بالکل بے زور ھوگئي * اُس وقت تو نہ معلوم ھوا + لیکن اورنگ‌زیب کے بعد اُس کا نتیجہ بخوبي دکھلائي دیا *

شاھجہان اِس عرصے میں سخت بیمار ھوگیا تھا اُمید بچنے کي نہ تھي داراشکوہ نے بھتیرا چاھا کہ خبر نہ پھیلے + ڈاک بند کر دي مسافروں کو چلنے سے روکا لیکن یہہ نہ سوچا کہ بھلا ھندوستان میں بھي کبھي ایسا ھو سکتا ھی کہ بھید نہ کُھلنے پاوے * شجاع بنگالے کا صوبہدار اور مُراد گجرات کا صوبہ‌دار دونوں اپني اپني فوجیں لے کر دلي کو روانہ ھوئے اورنگ‌زیب دکھن کا صوبہدار تھا مُراد کو لکھہ بھیجا + کہ تخت آپ کو مبارک ھو میں مکے جانے کي بالکل تیاري کر چُکا ھوں لیکن دین کا کام سمجھہ کر جب تک کہ اِس کافر دارا کا کچھہ بندوبست نہ ھو جاوے میں بھي تمھارا مددگار ھوں اور پھر مالوے میں آکر مُراد سے مل گیا *

شجاع تو بنارس کے پاس داراشکوہ کے لڑکے سلیمان شکوہ سے شکست کھاکر بنگالے کو لوٹ گیا + مُراد اورنگ‌زیب کے ساتھہ اُجین کے پاس راجا جسونت‌سنگھہ کو جسے داراشکوہ نے اُن کے مقابلے کو بھیجا تھا شکست دے کر آگرے سے ایک منزل کے تفاوت پر آن پھنچا * داراشکوہ تخمیناً ایک لاکھہ سوار لے کر اُن کے سامنے آیا + بڑي بھاري لڑائي ھوئي مراد کا ھودہ تیروں سے ساھي کي پیٹھہ بن گیا * وہ آپ بھي کئي جگھہ گھایل ھوا + ھاتھي نے میدان سے بھاگنا چاھا تو پیروں میں کنٹھبندھن ڈلوا دیا * راجارام‌سنگھہ کیسریا باگا پھنے موتیوں کا ھار سر میں لپیٹے مُراد کے ھاتھي سے جا بھڑا + اور بھالا چلایا * مُراد نے اُس کا بھالا تو ڈھال پر روکا + اور راجا کو ایک ھي تیر سے مار ڈالا * اُس کے مرتے ھي رجپوت بڑے جوش میں آئے + اور ڈھیر کے ڈھیر وھاں اُن کي لاش کے لگ گئے * اورنگ‌زیب چلّا چلّا کر اپنے سپاھیوں کو یہي سناتا تھا اَللّٰہ معکم یعني الله تمھارے ساتھہ ھی راجا روپ‌سنگھہ گھوڑے پر سے اُتر پڑا اور دوڑکر اپني تلوار سے اورنگ‌زیب کے ھودے کا رسا کاٹنے لگا + اورنگ‌زیب اُس کي بھادري دیکھہ کر ایسا خوش ھوا کہ پُکارا یہہ

مارا نہ جاوے لیکن اُس ہجوم میں کون سنتا تھا * بات کی بات میں اُس کی دھجیاں اُڑا دیں دارا کی فوج کو غلبہ تھا + لیکن اُس کے ہاتھی کو ایک بان آلگا اِس سبب سے اُس نے بھاگنا چاہا داراشکوہ نیچے کود پڑا * فوج نے جانا کہ وہ مارا گیا فوراً سب کی سب بھاگ گئی دارا کو بھی بھاگنا پڑا + مارے شوم کے باپ کے سامنے تو نہ گیا اپنی بیگم اور لڑکوں کو لیکر سیدھا لاہور کو روانہ ہوا * اورنگ‌زیب نے آگرے پہنچ کر بہت منت سماجت کے ساتھہ شاھجہاں کے پاس پیام بھیجا کہ یہہ مقام ناچاری کا تھا میں آپ کا وھی فرمان‌بردار لڑکا ھوں لیکن ساتھہ ھی قلعہ میں جابجا چوکی پہرا بھی بیٹھا دیا + کہ جس میں شاھجہاں کسی کے ساتھہ بات چیت یا خط کتابت نہ کر سکے شاھجہاں سات برس تک اِس کے بعد جیا * اورنگ‌زیب اُسکی بڑی عزت اور خاطر کرتا رھا + لیکن سلطنت اُس کی اِسی تاریخ تک گنی جاتی ھی آگے سکّہ خطبہ اورنگ‌زیب کا چلا * شاھجہاں نے تیس برس بادشاھی کی + ۶۷ برس کی عمر میں بادشاھی اُس سے چھینی گئی اور ۷۴ برس کی عمر میں اُسنے وفات پائی *

جب مُراد کا کچھہ کام باقی نرھا اورنگ‌زیب نے ایک روز اُس کی ضیافت کی اور اِتنی شراب پلائی کہ وہ بیہوش ھوگیا + تب اُس کے ھتھیار اُترواکر اور پیروں میں بیڑیاں ڈلواکر گوالیر کے قلعے میں بھیجدیا *

مُحیی الدین محمد اورنگ‌زیب عالمگیر

اورنگ‌زیب نے تخت پر بیٹھہ کر اپنا لقب عالمگیر رکھا + مُلتان کے پاس تک داراشکوہ کا پیچھا کیا * لیکن جب سنا کہ داراشکوہ مُلتان سے سندھہ کی طرف بھاگ گیا اور شجاع بنگالے سے آتا ھی فوراً الہ‌آباد کی طرف مُڑا + کھجوے میں شجاع کے ساتھہ لڑائی ھوئی شجاع شکست کھاکر پھر بنگالے کی طرف بھاگا اور جب وھاں بھی پیر نہ جم سکا تو اراکان میں جاکر وھاں والوں کے ھاتھہ سے اپنے کُنبے سمیت مارا گیا *

سنہ ۱۶۵۹ ع

داراشکوہ مُلتان سے بھاگ کر سندھہ اور کچھہ ھوتا ھوا گجرات میں پہنچا + اور وھاں کے صوبہ‌دار سے مل کر بیس ھزار آدمی اجمیر میں جمع کر لایا * لیکن وھاں اورنگ‌زیب سے شکست کھاکر قندھار کی

طرف بھاگا + راستے میں سختیاں بہت اٹھائیں جب سندھ کي سرحد پر پہنچا اجودھن کے حاکم ملک جیون نے دغا کي اور اِس کو اس کے لڑکے سمیت قید کرکے اورنگ‌زیب کے پاس لے آیا † * اورنگ‌زیب نے بڑي خوشیاں منائیں داراشکوہ کو پہلے تو ھاتھوں میں ھتھکڑیاں اور پیروں میں بیڑیاں ڈال کر بےجھول کے ھاتھي پر بازار میں گھومایا + اور پھر قیدخانے میں بھیج کر اِس بہانے سے کہ اُس نے مسلمانوں کا دین چھوڑ دیا مولویوں سے فتویٰ لیکر جلّادوں کے ھاتھہ سے قتل کروا ڈالا اور اُس کے لڑکے سپہرشکوہ کو قید رھنے کے لیئے گوالیر کے قلعے میں بھیج دیا *

سنہ ۱۷۰۰ع کے شروع تک مرھٹوں کا نام کچھہ ایسا مشہور نہ تھا دکھن کے بادشاھوں کي فوج میں سواروں کي نوکري البتہ کرنے لگے تھے + لیکن حکومت کے درجے کو نہیں پہنچے تھے * مالوجي بھوسلا دکھن کے حاکموں میں سے ایک کے یہاں کچھہ سواروں کے ساتھہ نوکر تھا + اور لوک‌جي یادوراو اُسي حاکم کے تحت میں دس ھزار آدمیوں کا افسر تھا * ایک دن مالوجي بھوسلا کے لڑکے ساھجي کو اپني لڑکي کے ساتھہ گود میں بٹھاکر ھنسي کي راہ سے کہنے لگا کہ یہہ تو اچھا جوڑا بیاھنے لائق ھی مالوجي بھوسلا نے اُسي دم برادري والوں کو جو وھاں موجود تھے گواہ ٹھہرا دیا اور کہا کہ دیکھو بھائیو لوک‌جي یادوراو نے میرے بیٹے کو اپني بیٹي دي + ناچار لوک‌جي یادوراو کو اپني بیٹي ساھجي کے ساتھہ بیاھني پڑي * کہتے ھیں کہ یادوراو کے گوت والے یدبنشي رجپوتوں سے نکلے تھے + اور مسلمانوں کي چڑھائي سے پہلے دیوگڈھہ کے راجا بھي یدبنشي کہلاتے تھے * تو اگر لوک‌جي یادوراو کا نکاس اِنھیں دیوگڈھہ والے راجاؤں کے گھرانے سے ھوا ھو کچھہ اچرج نہیں ندان مالوجي بھوسلا کي قسمت زور پر تھي دیکھتے ھي دیکھتے احمدنگر کے بادشاہ کي نوکري میں پانچ ھزار سواروں کا جاگیردار ھو گیا + اور پونا اُسے جاگیر میں ملا * مالوجي بھوسلا کا پوتا یعني لوک‌جي یادوراو کا ناتي سیواجي بڑا نامي اور اِقبال‌مند ھوا + وہ سنہ ۱۶۲۷ع میں جنما تھا اور اُسي سے مرھٹوں کا راج قائم ھوا *

---

† یہہ وھي ملک جیون ھی جسکو شاہجہان نے کسي جرم میں قتل کا حکم دیا تھا اور داراشکوہ نے سفارش کرکے بچا لیا تھا *

سیواجی ابھی پورا ۱۶ برس کا بھی نہیں ہونے پایا تھا کہ بدن میں اُس کے جوانمردی کا خون جوش میں آیا + رات دن شکار کھیلنے اور ڈاکا مارنے سے کام تھا اور وہی وہاں کے جنگل پہاڑوں میں جنگلی اور پہاڑی آدمیوں کے ساتھہ اُسے آرام تھا * وہ اُن بکمت جنگلوں کی راہ اور تیڑھے پہاڑوں کے گھاٹوں سے خوب واقف ہوگیا تھا اور ایک ایک جنگلی آدمی کا نام تک جان لیا تھا + بیجاپور کی سلطنت کمزور پڑگئی تھی سیواجی ڈاکا مارتے مارتے بیجاپور کی عملداری کے قلعے لینے لگا + پہلا قلعہ جو اُس نے اپنے دخل میں کیا پونا سے دس کوس پر تورنا نام تھا * بیجاپور کے بادشاہ نے دغا کرکے سیواجی کے باپ ساہاجی کو قید کر لیا + تب سیواجی نے شاہجہان کو عرضی لکھی شاہجہان نے اُس کے باپ کو بھی چھڑوا دیا اور اُسے پنج ہزاری یعنی پانچ ہزار سواروں کے افسر کا خطاب دیا * جب باپ چھوٹ گیا + سیواجی پھر اپنا علاقہ بڑھانے لگا * بیجاپور کے بادشاہ نے افضل خان کے تحت میں ایک بڑا بھاری لشکر اُس کے زیر کرنے کو بھیجا سیواجی نے کہلا بھیجا کہ آپ اِتنا لشکر کیوں لائے ہیں میں تو آپ کا چاکر ہوں + لشکر سے خوف کھاتا ہوں اگر آپ اکیلے چلے آویں جو فرماویں میں بجا لانے کو موجود ہوں * افضل خان ململ کا جامہ پہنے ایک تیغہ ہاتھہ میں لیئے اکیلا اپنے لشکر سے باہر نکلا + سیواجی بھی پرتاب گڈھہ کے پہاڑی قلعہ سے باہر آیا * لیکن انگرکھے کے نیچے فولادی زرہ پہنے ہوئے + اور ہاتھوں میں شیرپنجہ † چڑھائے ہوئے * سوائے اِس کے اُس نے ایک چھرا بھی کمر میں چھپا لیا + جب افضل خان نے سیواجی کو گلے سے لگایا سیواجی نے اُسے شیرپنجے سے بھینچ لیا اور فوراً چھرے سے اُس کا کام تمام کیا * سیواجی کا اِشارہ پاتے ہی اُس کی تمام فوج جو پہاڑوں میں چھپی تھی نکل آئی + اور افضل خان کی فوج پر جو بالکل غافل تھی اِس تیزی کے ساتھہ گری کہ وہ اُسی دم تین تیرہ ہو گئی *

سیواجی کو تو لوٹ مار سے کام تھا + کون کس کا علاقہ ہی یہہ اُسے کہاں خیال تھا * جب اورنگ زیب کے قلعوں پر بھی اُس نے ہاتھہ ڈالا +

---

† ایک طرح کا ہتھیار ہی شیر کے پنجے کی طرح *

اورنگ‌زیب کا ماموں شایستہ‌خان جو اُس وقت دکھن کا صوبہ‌دار تھا فوج لیکر مقابلہ کو بڑھا * سیواجي سنگار یا سنگھہ‌گدھہ کے پہاڑي قلعے پر چڑھہ گیا + شایستہ‌خان چھہ کوس پر پونا میں اُسي مکان کے درمیان ٹھہرا جس میں سیواجي کچھہ دنوں رہ چکا تھا * ندان ایک دن وہ رات کو ۲۵ آدمي ساتھہ لے کے بھیس بدلے ہوئے کسي بارات کے ساتھہ شہر میں گھس آیا + اور ایک چور دروازے کي راہ پہرے والوں سے بچ کر ٹھیک اُس جگہہ جا پہنچا جہاں شایستہ‌خان پلنگ پر سوتا تھا * سیواجي کي تلوار سے شایستہ‌خان کي صرف دو اُنگلیاں کٹنے پائیں کھڑکي کي راہ کود کر جان بچا گیا + لیکن لڑکا اُس کا کام آیا * سیواجي اُسي دم پھُرتي کے ساتھہ وہاں سے نکل کر ساتھیوں سمیت مشعلیں جلائے اپنے پہاڑي قلعے پر چڑھہ گیا + اور شایستہ‌خان کا لشکر سارا دیکھتا هي رہ گیا * سنہ ۱۶۶۵ع میں اورنگ‌زیب نے راجا جےسنگھہ اور دلیرخان کو دکھن کي مہم پر بھیجا + سیواجي نے پیام صلح کا دیا اور راجا جےسنگھہ کے پاس چلا آیا * راجہ جےسنگھہ نے اُس کي ایسي خاطرداري کي اور اورنگ‌زیب سے اُس کے نام ایسا ایک فرمان منگوایا کہ وہ بالکل تابع هو گیا + اور اپنے لڑکے سنبھا کو لے کر بادشاہ کي قدمبوسي کے لیئے دلّي میں چلا آیا * لیکن وہاں اُس کي خاطرداري کچھہ اچھي نہ هوئي اور اِس بات سے جب اُس نے اپني دلگیري ظاہر کي اورنگ‌زیب نے اُس پر پہرے بٹھلا دیئے سیواجي بڑے بڑے کھانچوں میں † فقیروں کو کھانے کے لیئے بھیجا کرتا تھا ایک روز بیٹے سمیت دو کھانچوں میں بیٹھہ کر پہروں کے بیچ سے نکل گیا + اور کچھہ دنوں بعد فقیري بھیس میں پونا جا پہنچا اور پھر دھیرے دھیرے اُس نے اپنا علاقہ بہت بڑھایا اور بڑا نام پایا *

سنہ ۱۶۶۵ع

اِسي سال میں شاهجہان کا اِنتقال هوا + اگرچہ وہ قلعے سے باہر نہیں نکلنے پاتا تھا لیکن وہاں اورنگ‌زیب اُسے بہت عزت اور ادب کے ساتھہ رکھتا تھا *

سنہ ۱۶۶۶ع

یہہ زمانہ اورنگ‌زیب کي پوري ترقي کا تھا اُدھر کشمیر کے صوبہ‌دار نے همالے پار چھوٹا تبت فتح کر لیا تھا + اور اِدھر بنگالے کے

† یعني دورا یعني ٹوکرا *

صوبہدار نے چنگاوں کا علاقہ بادشاہی عملداری میں ملادیا تھا * اور پھر اِس لنبے چوڑے ملک کے درمیان جھگڑا فساد کہیں کچھہ نہ تھا عرب اور حبش سے لےکر ایران توران تک کے ایلچی † اُس کے دربار میں حاضر تھے لیکن ایسی سلطنتوں میں کیا یہہ امن چین کچھہ عرصہ تک تھہر سکتا تھا ؟ *

اورنگ زیب نے جزیہ پھر جاری کیا + اِس کام کے لیئے ایک مُلّا مقرر ہوا کہ ہندو لوگ اپنے دھرم کے کاموں میں کچھہ دھوم دھام نہ کرنے پاویں تیوہار اور پربوں پر جو میلے ہوتے تھے وہ بھی بند کر دیئے اُس نے تو یہاں تک حکم دے دیا تھا کہ سوائے مسلمانوں کے کہیں کوئی ہندو بادشاہی نوکری نہ پاوے لیکن تعمیل نہ ہو سکی تعمیل تو کسی حکم کی پوری نہ ہوئی لیکن دل ہندؤں کا مسلمانوں کی سلطنت سے پورا ہٹ گیا * جو کچھہ کہ اُس وقت اِن کی سلطنت کا حال تھا اُسی ایک خط سے ظاہر ہو جاتا ہی جو کسی راجہ نے اورنگ‌زیب کو لکھا تھا اور خفی‌خان نے اپنی تواریخ میں درج کر دیا ہی + خلاصہ اُس کا یہہ ہی * کہ دیکھئے اکبر جہانگیر اور شاہجہان کے وقت میں اِس ملک کا کیا حال تھا اور اب کیا ہو گیا ہی + جب سب فرقے اور سب مذہب کے آدمی ناراض ہیں اور آمدنی دن پر دن گھٹتی جاتی ہی جب رعیت پر ظلم ہوتا ہی اور خزانہ خالی پڑتا جاتا ہی پولس کی کوئی خبر نہیں لیتا اور خود شہروں میں خطرہ رہتا ہی تو یہہ بیڑا کی دن چل سکتا ہی ؟ *

راجہ جسونت‌سنگھہ جودھپور والا کابل کی مہم پر مر گیا تھا اُس کی رانی اور دو بالک لڑکے بادشاہ کی پروانگی کا اِنتظار نہ کر کے دلّی

---

† ایک سال پانچ بادشاہوں کے ایلچی آئے بڑا بھاری دربار ہوا ایران کے ایلچی کی بڑی خاطر ہوئی شہر کی آئین بندی کی گئی سڑک پر کوسوں تک سوار کھڑے کیئے گئے اُمرا اِستقبال کو گئے توپوں کی سلامی ہوئی شاہ کا خریطہ اورنگ‌زیب نے اپنے ہاتھہ سے لیا ۲۵ گھوڑے ۲۰ شتر ایرانی کمخاب پارچے قالین بیدمشک کے گھوڑے تحفہ میں گذرے مکے کے شریف نے عربی گھوڑے اور ایک جھاڑو جس سے کعبہ جھاڑا جاتا تھا بھیجی یمن کے بادشاہ اور بصرے کے حاکم نے بھی گھوڑے بھیجے تھے اِنگلستان کے بادشاہ جیمس کے ایلچی نے ایک بیل کا سینگ کچھہ ہاتھی دانت ایک گورخر اور ۲۵ غلام کہ ضرور حبشی رہے ہونگے نذر کیئے *

نچلے آئے بادشاہ نے اُنھیں قید کرنے کا اچھا بہانا پاکر گھیر لینے کا حکم دیا + اگرچہ رانی اور لڑکوں کو تو اُن کے ساتھی رجپوت بھیس بدلاکر نکال لے گئے پر ھندوؤں کا دل رھا سھا اور بھی ٹوت گیا * بڑا لڑکا اجیت‌سنگھہ جودھپور کی گدّی پر بیٹھا + اور جب تک اورنگ‌زیب جیتا رھا وہ اجیت‌سنگھہ چاکری بجالانے کے بدلے لڑبھڑ کر سدا اُسے تنگ کرتا رھا * رانا راج‌سنگھہ اُدےپور والا † بھی اُس سے مل گیا + اور جزیہ دینے سے اِنکار کیا * فوجیں جودھپور اور اُدےپور پر بھیجی گئیں بادشاہ کا اُنکو حکم تھا کہ ملک ویران کرڈالیں + گانوں سب پھونک دیں * درخت پھلدار کاٹنے سے باقی نہ چھوڑیں + بال بچے اور عورتیں سب کی پکڑ لاویں * — سنہ ۱۶۷۹ ع

سنہ ۱۶۸۰ ع میں سواجی ۵۳ برس کا ھوکر پرلوک کو سدھارا + بیٹا اُس کا سنبھاجی ‡ بد چلن تھا * — سنہ ۱۶۸۰ ع

تھوڑے ھی دنوں بعد اورنگ‌زیب نے دکھن پر بڑی بھاری فوج لے کر چڑھائی کی گولکنڈے کے بادشاہ ابوالحسن نے جو تاناشاہ کے نام سے مشہور ھی سنبھاجی سے آپس کی مدد کا قول قرار کیا تھا اِسی لیئے اورنگ‌زیب نے پہلے کچھہ فوج گولکنڈے پر بھیجی * بادشاہ تو قلعے میں جا چھپا + اور حیدرآباد تین دن تک برابر لُٹا کیا * آخر بادشاہ نے بہت سا روپیہ دے کر کسی طرح اُس دم یہہ بلا اپنے سر سے ٹالی + اور اورنگ‌زیب کے ساتھہ صلح کر لی * اورنگ‌زیب کو اِدھر سے جو فرصت ملی ساری فوج لے کر بیجاپور پر گرا + اور اُس شہر کو جا گھیرا * تھوڑے ھی دنوں میں دیواریں ٹوٹ گئیں اورنگ‌زیب تخت رواں پر اندر گیا بالک بادشاہ کو قید کر دیا + اور اُس کا سارا علاقہ اپنی عملداری میں ملا لیا * جب بیجاپور قبضے میں آگیا اِس بہانے سے کہ گولکنڈے کا بادشاہ کافروں کو پناہ دیتا ھی پھر یکایک اُسے جا دبایا + سات مہینے کے محاصرے میں گولکنڈا بھی ٹوٹ گیا اور بیجاپور کی طرح یہہ علاقہ بھی اورنگ‌زیب کے ھاتھہ لگا * — سنہ ۱۶۸۶ ع — سنہ ۱۶۸۷ ع — سنہ ۱۶۸۷ ع

---

† کہتے ھیں کہ اُدےپور والوں نے کبھی اپنی لڑکی بادشاہ کو نہیں دی لیکن اورنگ‌زیب رقعات عالمگیری میں اپنے لڑکے کام‌بخش کو لکھتا ھی — اُدےپوری والدۂ شما در بیماری باصن بودہ إرادۂ رفاقت دارد *

‡ سواجی اور سنبھاجی کا ٹھیک نام شیواجی اور شنبھوجی معلوم ھوتا ھی *

اِن دونوں علاقوں کا هاتهه لگنا گویا اورنگ‌زیب کي ساري آرزؤں کا پورا هونا تها + پر سچ پوچهو تو هم اِسي تاریخ سے دلّي کي سلطنت کا گهٹنا قرار دیتے هیں اِس میں کسي طرح کا شک نهیں که تیموري خاندان کے زوال کا بیج اِسي وقت میں دویا گیا ٹهنیاں اور پتّے اُس میں چاهے جب نکلے بیجاپور اور گولکنڈے کي بادشاهیوں سے دکهن میں ایک طرح کا اِنتظام بندها هوا تها اور مرهٹوں پر بڑا دباو تها * اِن کے ٹوٹتے هي وهاں هر طرف غدر مچ گیا + جو سوار سپاهي اُن کے نوکر تهے وہ بهي اکثر مرهٹوں سے جا ملے مرهٹوں نے جي کهول کے لوٹ مار کرنا شروع کیا * اورنگ‌زیب کي بهي بڑي تعریف هی که اُسے اپنے جیتے جي سلطنت میں خلل بهیں پڑنے دیا پر آثار زوال کے اُسے معلوم هو گئے تهے اکبر کے وقت تک بهي بُو سپاهگري کي باقي تهي + اُس کے سرداروں میں سرد ملک کي چالاکي دیکهنے میں آتي تهي * لشکر بادشاہ کا سب سے بڑا زیور تها + اور اُسي کي درستي کا سدا اُسے خیال تها * لیکن جهانگیر اور شاهجهان کے زمانے میں خوف خطر کم اور اَمن چین بهت رهنے کے سبب عیش عشرت تو بڑهه گئي + پر جسکو سپاهگري کهتے هیں بالکل جاتي رهي * سدا سے یهي دستور چلا آتا هی که کنگلوں کو جب حوصله هوتا هی بڑے بهادر بن جاتے هیں + اور جو کنچهه چاهتے هیں پاتے هیں * اور جب بهت مل جاتا هی عیش میں پڑکر ایسے بودے هو جاتے هیں + که پهر اُسي طرح جیسا اُنهوں نے اَوروں کو دبایا تها نئے حوصلے والے اُنهیں دبا لیتے هیں * اِسي طرح ڈانیوب پار والوں نے رومیوں کو دبایا + اِسي طرح عرب والوں نے اِیرانیوں کو دبایا * اِسي طرح تاتاروالوں نے چینیوں کو دبایا + اور اب آخري زمانه میں اِسي طرح فرنگستان والوں نے ساري دُنیا کو دبایا * کارخانه اِن کا بهي اب بهت بڑهه گیا هی پر علم کا اِن میں ایسا رواج هی اور دن پر دن اور بهي ایسا هوتا چلا جاتا هی که عیاشي میں نه پڑکر بیچ سپاهگري کے درمیان اور بهي زیادہ درست هوتے جاتے هیں + اگر دولت حشمت بڑهه جانے کے سبب آرام طلبي سے کچهه بدني طاقت گهٹ بهي جاتي هی تو علم کے وسیلے سے ایسي ایسي توپ بندوق جهاز اور نئے نئے طرح کے اوزار اور هتهیار بناتے چلے جاتے هیں که جن سے ایک

ایک آدمي میں سو سو هزار هزار بلکه لاکهه کا زور حاصل کرلیتے هیں *

ندان اب ذرہ اورنگزیب کي فوج پر نگاہ کرني چاهیئے + ذرہ اس کے سرداروں کے گھوڑوں کو دیکھنا چاهیئے * دم اور یالیں بالکل رنگي هوئیں + سونے چاندي کے ساز سر سے پیر تک لدے هوئے کلغیاں بهت لمبي لمبي پیروں میں جهانجهنیں بجتي هوئیں * موتے اتنے که جتنے لمبے شاید اُسي کے قریب قریب چوڑے + اور پهر چارجامے اُن پر مخملي زردوزي بڑے بهاري پڑے هوئے اور اُن میں سُراگاے کي دُم کے چور دونوں طرف لٹکتے هوئے * سوار گھوڑں سے بهي زیادہ دیکهنے کے لائق هیں کوئي اپنے سے زیادہ بهاري دگلا اور زرہبکتر پهنے هوئے + کوئي گهیردار جامه اور شال دوشالے لبیٹے هوئے * لیکن چهرے زرد رات کے جاگے نشے میں چور یا دوا کهاتے پیتے + دس قدم گھوڑا چلا گھوڑے کو پسینا آیا سوار بیهوش هوگیا اگر دور چلنا پڑا دونوں بےدم هوکر گر پڑے * جیسے سردار ویسے هي اُنکے پیادے اور سوار لشکر میں جهاں دس سپاهي تو سو بنئے دوکاندار بهاند بهگتئے رنڈي چهوکرے نوکر خدمتگار خانساماں رسد کاهے کو مل سکتي + ڈیرے ڈنڈے عیش عشرت کے ساز سامان اتنے نه کبهي اچهي طرح بار برداري کي تدبیر نه هو سکتي * تلوار پیچهے رہ جاے مضائقه نهیں پر تنبورا ساتهه رهنا چاهیئے + دشمن وار کیئے جاے پروا نهیں پر چلم نه جلنے پاوے * اُس وقت کا ایک فرانسیسي اِس فوج کي خوب تعریف لکهتا هی وہ لکهتا هی که تنخواهیں بهت بڑي بڑي اور چاکري کنچهه بهي نهیں نه کوئي پهرا چوکي دیتا هی + نه کوئي دشمن سے مقابله کرتا هی * اور بڑي سے بڑي سزا هوئي + تو ایک دن کي تنخواہ کٹ گئي * † جمیلي کریري نے مارچ سنه ۱۶۹۵ع میں اورنگزیب کي چهاوني گلگلے میں دیکهي تهي وہ لکهتا هی که دس لاکهه سے اوپر آدمي تهے + اور ڈیڑهه کوس میں تو نرے بادشاہ اور شاهزادوں کے ڈیرے کهڑے تهے ‡ * اِن کو کام پڑا اُن مرهٹوں سے جو انگرکها جانگهیا ایک پیچي پگڑي پهنے

سنه ۱۶۹۵ع

---

† *Gemelli carreri*

‡ برنیر لکهتا هی که اِن سب کو شکست دینے کے لیئے ۲۵۰۰۰ فرانسیس کافي هیں *

کمر کسے ہاتھہ میں بھالا دکھنی گھوڑوں پر سوار تیس کوس تو ہوا کھانے کو گھوم آتے تھے + نہ تھکتے نہ ماندے ہوتے تھے * جو باجرے کي روٹي پیاز کے ساتھہ اُن کا کھانا تھا + اور گھوڑے کا زین تکیہ زمین بچھونا اور آسمان شامیانہ تھا *

ندان اورنگ‌زیب اِن کي فکر ھي میں تھا کہ اِس کے ایک سردار نے کہیں سے پتا ٹھکانا لگا کر سنبھاجي کو بےخبر سنگمیشور کے باغ میں جا گھیرا + وھاں وہ تھوڑے ھي سے آدمیوں کے ساتھہ جي بہلا رہا تھا نشے میں ھونے کے سبب بھاگ نہ سکا * یہہ اُسے اورنگ‌زیب کے پاس قید کر لایا + اورنگ‌زیب نے اُس سے کہا کہ تو مسلمان ھو جا لیکن اُسنے ایسا کڑا جواب دیا کہ اورنگ‌زیب نے گرم لوھے سے اُس کي آنکھہ نکلواکر اور جیبھہ کٹوا کر اُسي دم مروا ڈالا *

سنبھاجي کا لڑکا ساھو بھي کچھہ دنوں بعد قید میں آگیا + لیکن اس کا بھائي راجارام اُسي طرح لڑتا بھڑتا رھا * جوں جوں اورنگ‌زیب اِن مرھٹوں کو دبانے کي فکر کرتا تھا ووں ووں یے اور بھي زور پکڑتے جاتے تھے اورنگ‌زیب کي فوج گھٹتي تھي اِن کا شمار بڑھتا تھا + اورنگ‌زیب کوئي تدبیر باقي نہیں چھوڑتا تھا لیکن اِن سے دن پر دن تنگ ھوتا جاتا تھا *

سنہ ۱۷۰۷ع

یہاں تک کہ ۲۱ فبروري سنہ ۱۷۰۷ع کو احمدنگر میں ۵۰ برس بادشاھي کرکے نواسي برس کي عمر میں دنیا سے سدھارا † + اور ھندوستان کا آخري مسلمان بڑا بادشاہ ھو گیا *

یہہ اِتنا بوڑھا تھا پر تو بھي سلطنت کے کاموں سے کبھي جي نہیں چُراتا + ذرہ ذرہ کام آپ دیکھتا آنے جانے والوں سے سب طرف کي خبر لیتا رھتا * بےاُس کے حکم کچھہ بھي نہ ھوتا + دکھن کي لڑائیوں میں وہ جوان سپاھیوں سے بھي زیادہ سختیاں سہتا * اِس بادشاہ کے عقلمند اور ھمت والے ھونے میں کسي طرح کا شک نہیں لیکن دل

---

† تاریخ تولد عالمگیر آفتاب عالم تاب سنہ ۱۰۲۸ ھجري
تاریخ جلوس عالمگیر آفتاب عالم تابم سنہ ۱۰۶۸ ھجري
تاریخ وفات عالمگیر آفتاب عالم تاب من سنہ ۱۱۱۸ ھجري *

اُس کا بہت چھوٹا تھا + مذہب کي ضد سے ہندؤں کو یکبارگي ناراض
کر دیا بنارس میں بشویشور اور بندمادھو کا اور متھرا میں گوبندديو
کا مشہور مندر توڑا * جو رجپوت جي سے اکبر کي چاکري کرتے تھے
اُنھیں نے اِس کا مقابلہ کیا + مرھٹوں کا جي بڑھہ گیا وقت پاکر یہي
مسلمانوں کي سلطنت کے زوال کا بہت بڑا سبب ھوا * آدمي کا دل
بھي خدا نے کیسا بنایا ھی باپ کو قید کرکے اور بھائیوں کو مار کے تخت
پر بیٹھا + اِس میں کچھہ گناہ نہ سمجھا * اور مرتے دم لکھہ گیا کہ
توپیاں سي کر جو میں بیچتا تھا اُس میں کا ساڑھے چار روپیہ باقي ھی
رھي میرے کفن میں خرچ کرنا + اور قران لکھہ کر جو میں نے ۸۰۵
روپیہ جمع کیا ھی اُسے فقیروں کو بانٹ دینا * گویا اِسي بات سے وہ
نیکي کا جھنڈا بن گیا + جو ھو مرتے وقت اُس کے جي میں بڑا پچھتاوا
تھا * اپنے لڑکے کام‌بخش کو لکھتا ھی میں نے بڑے گناہ کئے ھیں دیکھا
چاھیئے کیا سزا ملتي ھی + موت دن پر دن نزدیک آتي جاتي ھی *

جمیلي کریري نے اورنگ‌زیب کو ۷۸ برس کي عمر میں
دیکھا تھا + لکھتا ھی کہ قد ناٹا تھا بدن دُبلا پیٹھہ جھکي ھوئي
ناک لنبي ڈاڑھي گول بالکل سفید سادا کپڑا پہنے پگڑي میں
ایک بڑا سا پنّا لگائے چھڑي کے سہارے سے اپنے امیروں کے درمیان
کھڑا لوگوں سے عرضیاں لے کر بےچشمے آپ پڑھتا اور اُن پر حکم لکھتا
جاتا تھا اور چہرہ اُس کا اِس کام میں بہت خوش معلوم ھوتا تھا *

بہادر شاہ

اورنگ‌زیب کے تین لڑکے تھے اعظم معظم اور کام‌بخش یہاں
لشکر میں تو اعظم تخت پر بیٹھا + اور وھاں کابل میں معظم
نے تاج بادشاھي کا سر پر رکھا * آخر آگرے کے پاس دونوں میں بڑي
سخت لڑائي ھوئي اعظم مارا گیا + معظم بہادرشاہ کے نام سے
ھندوستان کا بادشاہ ھوا * کام‌بخش بھي دکھن میں اِس سے لڑکر ایسا
گھائل ھوا + کہ اُسي دن دنیا سے سدھارا * اعظم نے دکھن سے معظم کے
مقابلے کو آتے وقت ساھو کو صلح کے وعدے پر قید سے چھوڑ دیا تھا + اور
پھر وھاں کے صوبہ‌دار نے اُسے چوتھہ دینے میں کچھہ حجت تکرار نہ

کي اِس ليئے بہادرشاہ کو دکھن کي طرف سے خاطر جمعي رہي ليکن اُتر ميں تردد کا ايک نيا سامان پيدا ہوا *

پندرھويں صدي ميں کبير کي طرح نانک‌شاہ نے سکھوں کا ايک نيا مذہب نکالا + غرض اُس کي شايد يہہ تھي کہ ھندو مسلمان ايک ھو جاويں مسلمانوں کو يہہ بہت بُرا لگا اکبر کے بعد سال ھي کے اندر اُن کے گُرو کو مار ڈالا * تب تو سکھہ بگڑے + مسلمانوں کو ملانے کے بدل اُن کے ناش کرنے پر مستعد ہو گئے * چاھے جتنے کاٹے مارے گئے + پر بادشاھي علاقوں ميں بکھيڑا اُٹھانے سے باز نرھے * جب فوج جاتي پہاڑوں ميں بھاگ جاتے + جب قابو پاتے پھر لوٹ مار مچاتے * اِن کا دسواں گُرو گوبندسنگھہ جو سنہ ۱۶۷۵ع ميں گدّي پر بيٹھا + بڑا نامي اور حوصلے والا ھوا * پر تب تک جماعت کي کمي کے سبب اِن کا ستارہ چمکنے نہ پايا + آخر وہ کسي اپنے دشمن کے ھاتھہ سے نانديڑ ميں مارا گيا *

ندان اب اِن سکھوں نے سرھند کے حاکموں کو شکست دے کر وہ شہر لوٹا اور پھونکا اور قتل کيا + اور سہارنپور تک ھر طرف غدر مچا ديا *

بہادرشاہ کو اِن کے مقابلے کے ليئے آپ جانا پڑا يے پھر پہاڑوں ميں بھاگ گئے بہادرشاہ لاھور پہنچ کر ۷۱ برس کي عمر ميں دنيا سے سدھارا + يہہ پورے پانچ برس بھي بادشاھي نہيں کرنے پايا * سنہ ۱۷۱۲ع

جہاندار شاہ

ليکن اِس کا بڑا بيٹا جہاندار شاہ تخت پر بيٹھنے سے سال ھي بھر کے اندر مارا گيا اِس نے ايک کسبي رکھہ لي تھي + اُس کے رشتہداروں کا درجہ سب سے اُوپر کر ديا يہہ بات دربار والوں کو بہت بُري لگي * جب اِس کا بھتيجا فرّخ‌سير بنگالے سے چڑھہ کر آيا اور يہہ آگرے کے پاس ايک بھاري لڑائي ميں شکست کھا کر دلّي کو بھاگا + اِسي کے وزير ذوالفقارخان نے اِسے پکڑ کر فرخ‌سير کے حوالے کر ديا فرخ‌سير نے دونوں کي جان لي اور آپ تخت پر بيٹھا * سنہ ۱۷۱۳ع

فرّخ سیر

فرّخ‌سیر نے راجا اجیت‌سنگهہ جودهپور والے کي لڑکي کے ساتهہ شادي + بڑي دهوم دهام سے کي *

سکهوں نے پهر سر اُٹهایا + لیکن بادشاهي فوج نے اُنهیں پهر جا دبایا * بهتوں کو کاٹا مارا + اور اُن کے سردار بندے گُرو کو ۷۴۰ آدمیوں کے ساتهہ پکڑ کر دلّي بهیج دیا * اور تو سب بهیڑ کي کهال پهنا کر اُونٹوں پر سارے شهر میں گهومائے گئے اور پهر سات دن تک قتل هوتے رهے لیکن بندے کو تاش کا جامه پهنا کر لوهے کے پنجرے میں بند کیا + اُس کے گرد بهالوں پر اُس کے ساتهیوں کے سر تهے ایک بلّي اُس نے پالي تهي اُسے بهی مار کر ایک بهالے سے لٹکا دیا * جلّاد ننگي تلوار لیئے سامنے کهڑا تهہ + اُس کے بالک لڑکے کو اُسے دے کر کها که تو هي اپنے هاتهہ سے ما ڈال اور جب اُس نے اِنکار کیا تو جلّاد نے اُسي کے سامنے اُس بیچارے بےگناہ بچے کو ذبح کر کے اُس کا کلیجه اُس کے باپ کے اُوپر پهینکا اور پهر گرم چمٹوں سے نوچ نوچ کر اُسے بهي ٹکڑا ٹکڑا کر ڈالا * یهہ سب سکهہ بڑي جوانمردي سے مرے + اور اپنے مذهب سے ذرہ نه ڈگے *

فرّخ‌سیر کو بادشاہ هونے کے پهلے الهٰ‌آباد کے صوبه‌دار سید عبداللّٰه اور بهار کے صوبه‌دار سید حسین‌علي اِن دونوں بهائیوں سے بهت مدد ملي تهي اِسي لیئے پهلے کو وزیر اور دوسرے کو امیرالامرا مقرر کیا + لیکن دلوں میں فرق پڑ گیا * بادشاہ کو اُن کي طرف سے کهٹکا تها اور اُن کو بادشاہ کي طرف سے نه بادشاہ میں اِتني عقل تهي که اُنهیں اپنا خیرخواہ بنا لیتا + اور نه اِتني جرات نه اُنهیں دور کر دیتا * ندان اِن سیّدوں نے فرّخ‌سیر کي جان لي اور جب رفیع‌الدرجات اور رفیع‌الدّوله دونوں شاهزادے جن کو اُنهوں نے تخت پر بٹهایا تها چار هي چار مهینے کے اندر اِس دنیا سے اُٹهہ گئے تو اُنهوں نے روشن‌اختر نام اورنگ‌زیب کے ایک پوتے کو تلاش کرکے تخت پر بٹهایا جهاندارشاہ اور فرّخ‌سیر نے اِتنے شاهزادوں کو قتل کر ڈالا تها که صرف محلوں میں جو چهپے چهپائے بچ رهے تهے + وے هي ضرورت کے وقت تلاش کرکے نکالے جاتے تهے *

سنه ۱۷۱۹ ع

مُحمّد شاہ

روشن اختر نے تخت پر بیٹھہ کر اپنا لقب محمد شاہ رکھا † لیکن اِن سیّدوں سے وہ بھي بیزار تھا + کٹھہ پُتلي کي طرح کب کوئي آدمي کسي دوسرے کے ھاتھہ میں رھنا پسند کرتا ھی پر اُن سے چھٹکارا پانے کي کوئي صورت نہیں دیکھتا تھا * سیدوں کے دشمنوں نے جو بادشاہ کي مرضي معلوم کي آپس میں اُن کے مار ڈالنے کا ایکا کیا چین قلیچ خان آصف جاہ جسکا باپ غازي الدین اورنگ زیب کے نامي تُوراني سرداروں میں تھا + اور جس کي اولاد میں اب تک حیدراباد کي نوّابي چلي آتي ھی دکھن میں بادشاہ تو نام کا تھا اِن سیدوں سے بگڑ گیا تھا * اِسي لیئے حسین علي بادشاہ کو لے کر فوج سمیت دکھن کو روانہ ھوا + اور عبداللّٰہ کو دلّي میں چھوڑا * پر واسطے میں ایک قلماق ‡ نے عرضي دینے کے بہانے پالکي کے پاس آکر اُسے ایسا ایک خنجر مارا + کہ وہ لوٹھہ ھوکر باھر گر پڑا * محمدشاہ دلّي کو مُڑا + عبداللّٰہ نے نکل کر مقابلہ کیا * راجا چوڑامن جاٹ اُس کے ساتھہ تھا + پکڑا گیا * آصف جاہ کو بادشاہ نے وزیر کیا + لیکن جس نے اورنگ زیب کا دربار دیکھا تھا بھلا وہ محمدشاہ سے عیاش بادشاہ کے پاس کب ٹھہر سکتا تھا * مُہر تو محمدشاہ کي محلوں میں رھتي تھي اور چھوکرے مصاحبي کرتے تھے دن رات عیش سے کام تھا + بادشاھي کا تو خالي ایک نام تھا * وزارت سے اِستعفا دے کر دکھن کو اپني حکومت پر چلا گیا + نذرانہ ھمیشہ بھیجتا رھا لیکن اور کسي بات میں دلّي کے دربار سے کچھہ علاقہ نرکھا * مرھٹوں کا زور اِس عرصہ میں بہت بڑھہ گیا تھا + نرمدا تک اُنھیں کا ڈنکا بجتا تھا * ساھو نے بالاجي وشواس ناتھہ کو جو کوکن میں کسي گانوں کا پشتیني پٹواري تھا پیشوا بنایا + اُس کا بیٹا باجي راو ¶ پیشوا بڑا حوصلے والا ھوا * اُس نے دیکھا کہ دلّي کي سلطنت میں اب کچھہ دم باقي نرھا + اور مرھٹوں

---

† تاریخ جلوس مُحمّدشاہ سریر آرائے جاہ دولت سنہ ۱۱۳۱ ھجري *

‡ تاتار کي ایک قوم کا نام ھی *

¶ یہہ باجي راو وہ نہیں ھی جو بٹھور میں مرا *

کو بے لوٹ مار چھین پڑنا یا سپاہگری میں درست رہنا کٹھن ہوتا *
فوج کو نرمدا پار اُتار دیا + اور مالوہ بُندیل کھنڈ لوٹتا پاٹتا عین دلّی کے
دروازے پر ڈیرہ آ ڈالا * پر دلی لینی یا بادشاہ کو چھیڑنا اُسے منظور نہ
تھا + اور اُدھر سے آصف جاہ نے بھی دلّی کی طرف کوچ کیا تھا * ندان
باجی راو پھر دکھن کی طرف مُڑ گیا + ملک پر چمبل تک اپنا قبضہ
رکھا * ملہارراو ہلکر اور راناجی سیندھیا دونوں اُس کے تحت میں
بڑی بڑی فوجوں پر حکم چلاتے تھے + اور بھاری بھاری مہمیں سر
کرتے تھے * کہتے ہیں کہ ملہارراو ہلکر گڈریئے کا لڑکا تھا اور کسی
وقت میں بھیڑ بکریاں چراتا تھا + اور سیندھیا بھی پہلے خدمتگاروں
میں نوکر رہا تھا *

نادرشاہ کون تھا اور کس طرح ایران کا بادشاہ ہوا یہہ ایران کی
تواریخ سے علاقہ رکھتا ہی یہاں ہمکو اِتنا ہی لکھنا چاہیئے کہ کچھہ
قندھاری افغان اُس سے پھر کر کابل کی طرف چلے آئے تھے اور جب
اُس نے اُن کی گرفتاری کے لیئے محمدشاہ کو لکھا تو یہاں سے کچھہ بھی
جواب نگیا + اور پھر تاکید کے لیئے جب اُس نے دوسرا ہرکارہ روانہ کیا
تو وہ پہاڑوں میں افغانوں کے ہاتھہ سے مارا گیا * اِسی پر خفا ہوکر
اُس نے ہندوستان پر چڑھائی کر دی + اصل بات یہہ ہی کہ اگر
کوئی سونے کی کھان بے مالک اور بے پہرے چوکی پڑی ہو تو
وہ کون ہی جس کا جی اُس پر ہاتھہ ڈالنے کو نہ چاہے ؟
جب دلّی میں خبر پہنچی کہ نادرشاہ یہاں کے حاکموں کو شکست
دیتا سندھہ ندی پار اُتر آیا اور جیسے کوئی باز بٹیر پر گرتا ہی
بڑھا ہی چلا آتا ہی بڑی گھبراہٹ پڑ گئی * محمدشاہ کا حال
واجدعلی شاہ لکھنؤ کے بادشاہ سے بھی جو ملک کھوکر کلکتے میں تشریف
رکھتے ہیں بدتر تھا + ہمارے پاس اُس وقت کے ایک میلے کی تصویر
موجود ہی اُسی کو دیکھنا محمدشاہ کا سارا زمانہ دیکھہ لینا ہی
وہ اُس میلے کی تصویر ہی جو محمدشاہ نے مہادیو کا کیا تھا
واجدعلی شاہ کے جوگی جوگن والے میلے کا بھلا اُس کے سامنے کیا
رتبہ تھا * اُس میں ننگے مرد اور ننگی عورتیں اِس طرح پر
بنائی ہیں کہ ہرگز بیان نہیں کر سکتے شرم دامنگیر ہی ندان

جو کچهه ٹوٹي پهوٹي سڑي گلي فوج بهم پہنچي اِکٹها کرکے کرنال پہنچا + آصفجاه اور سعادتخان دونوں ساتهه تهے سعادتخان پہلے تو خراسان کا ایک سوداگر تها لیکن اب سرداري کرتا تها * لکهنؤ کے بادشاه اِسي کي بیٹي کي اولاد میں هیں کرنال میں نادرشاه سے لڑائي هوئي بهلا کہاں نادرشاه کے منجهے هوئے جرّار سپاهي اور کہاں محمدشاه کي گڑیاں مرهٹوں سے تو کچهه بس چلتا هي نه تها + نادرشاه سے کب کهیت هاتهه لگتا تها * شکست کهائي + علاج کچهه باقي نرها سرداروں سمیت نادرشاه کے پاس جاکر حاضر هوا نادرشاه نے بڑي عزت اور خاطرداري کي * دونوں بادشاه مل کر دلّي کے قلعے میں داخل هوئے + اور اُسي میں ایک ساتهه رهنے لگے * پر دوسرے هي دن شہروالوں نے افواه اُڑادیا که نادرشاه مرگیا + اور بدمعاشوں نے اُس کے ساتهه والوں کو جو شهر میں تهے قتل کرنا شروع کیا * نادرشاه نے بہتیرا چاها که بلوه دبجاوے + اور خونریزي نه هونے پاوے * بلکه صبح هوتے هي خود گهوڑے پر سوار هوکر نکلا + اور لوگوں کو فہمایش کرنے لگا * لیکن جب هر گلي کوچے میں اپنے سپاهیوں کي لاشیں پڑي هوئي دیکهیں اور هر طرف سے پتهر اور ڈهیلے خود اُس پر پڑنے لگے خون جوش میں آیا + گهوڑے سے اُتر کر روشن‌الدوله والي سنهري مسجد میں بیٹهه گیا اور قتل عام † کا حکم دیا * دوپهر سے اُوپر قتل هوئي + اور لاکهه سے اُوپر آدمي مارے گئے کئي جگهه آگ بهي لگ گئي * ‡ آخر محمدشاه اپنے وزیروں سمیت سامنے آکر کهڑا هوا + اور جب نادرشاه نے بولنے کي اِجازت دي تو محمدشاه رو پڑا * نادرشاه نے اُسي دم قتل کي موقوفي کا حکم دیا لیکن واهرے حکم اِس ظالم کا که اگر کسي نے کسي کي گردن پر کاٹنے کو تلوار رکهي تهي اور موقوفي یعني امان کے حکم کي منادي کان میں پہنچ گئي + ترت اُٹها لي *

---

† تاریخ نادرشاهي دلي خراب شد سنه ۱۱۵۱ هجري *

‡ اِس کتاب کے مولف کے پردادا راجا ڈالچند کے دو بهائي اِسي نادرشاهي میں مارے گئے *

نادرشاہ کو ھندوستان میں خالي دولت کا لالچ لایا تھا + اُسے مال درکار تھا مُلک سے کچھہ بھي سروکار نہ تھا * جو کچھہ زر جواھر مال اسباب بادشاھي خزانے میں موجود تھا اور جہاں تک سردار اور شہر والوں سے ھاتھہ لگ سکا لے لوا کر ۵۸ دن رھنے کے بعد دلّي سے پھر اپنے ملک کي طرف چلا گیا + کہتے ھیں کہ اُس کو یہاں ستّر کروڑ سے اُوپر اِس لوٹ کا مال ھاتھہ لگا سات کروڑ کا تو نرا ایک تخت طاؤس تھا * نادرشاہ نے لوگوں سے روپیہ لینے میں بڑي زیادتي کي بڑے بڑے عزّتداروں کو کوڑوں سے پٹوایا + بہتیروں نے اِس خوف سے زہر کھا لیا *

ندان سندھہ ندي پار تو نادرشاہ نے سب علاقوں پر اپنا قبضہ رکھا + اور سندھہ وار کا ملک محمدشاہ کو چھوڑ دیا *

ایک تواریخ والا یہہ بھي لکھتا ھی کہ نادرشاہ کو ھندوستان میں آصف‌جاہ اور سعادت‌خان نے ملکر بُلایا تھا + اور اُنھیں کي دغابازي سے محمدشاہ نے شکست کھائي لیکن اِس کا کچھہ پکّا ثبوت نہیں مِلتا *

کچھہ دنوں پیچھے جب نادرشاہ اپنے ملک میں بلوائیوں کے ھاتھہ سے مارا گیا † + اُس کے سرداروں میں سے احمدخان ابدالي جسے لوگ اب احمدشاہ دُرّاني کہتے ھیں قندھار کا بادشاہ بن بیٹھا * اور بلخ سندھہ کشمیر پر صبر نہ کرکے رخ ھندوستان کي جانب پھیرا اور لاھور لیتا ھوا سرھند میں آ داخل ھوا + لیکن وھاں بادشاھي فوج سے شکست کھاکر پنجاب کے صوبہدار سے کچھہ خراج ٹھہراتا ھوا اپنے وطن کو مُڑ گیا * سنہ ۱۷۴۷ع

تھوڑے ھي دنوں بعد محمدشاہ ‡ اِس دنیا سے سدھارا + اور اُس کا ولیعہد احمدشاہ تخت پر بیٹھا * سنہ ۱۷۴۸ع

---

† تاریخ وفات نادرشاہ في‌النار والسقر مع‌الجد والپدر سنہ ۱۱۶۰ ھجري *

‡ اِس کتاب کے مولف کے پردادا کے چچیرے بھائي فتح‌چند کو اِسي نے جگت سیٹھي کا خطاب دیا تھا *

احمدشاہ

اِسنے سعادت‌خان کے داماد صفدرجنگ کو وزیر بنایا لیکن صفدرجنگ کی آصف‌جاہ کے پوتے غازی‌الدین سے لاگ پڑ گئی اور دربار کے سب لوگ غازی‌الدین کی طرف تھے نِت دلّی کے گلی کوچوں میں طرفین کے آدمیوں سے دنگا فساد ہونے لگا اور خانہ‌جنگی کا بازار خوب ہی گرم ہوا + اِس سبب سے صفدرجنگ وزارت سے اِستعفا دے کر اودھہ کی طرف اپنی صوبہ‌داری پر چلا گیا * لیکن بادشاہ کی میزان غازی‌الدین سے بھی نہیں پٹی جب وہ جاٹوں کے قلعے بھرت‌پور اور ڈیگ سے لڑ رہا تھا بادشاہ شکار کے بہانے اُس پر فوج لے کر چڑھا + غازی‌الدین نے بیچ ہی میں بادشاہ کو پکڑواکر ما سمیت اُس کی آنکھیں نکلوالیں اور جہاندارشاہ کے بیٹے کو تخت پر بٹھلا کر اُسکا لقب عالمگیر ثانی رکھہ دیا * سنہ ۱۷۵۴ع

عالمگیر ثانی

اِس بادشاہ کے تخت پر بیٹھنے کے تھوڑے ہی دنوں بعد غازی‌الدین اُس صوبہ‌دار کی بہن سے جو احمدشاہ دُرّانی کی طرف سے پنجاب میں تھا شادی کرنے کے بہانے سے لاہور میں گھس گیا + اور اُس کی ما کو اپنے لشکر میں قید کر لایا * احمدشاہ دُرانی اِس خبر کو سُنتے ہی آگ بگولا بن گیا + اور فوراً اپنی فوج لیکر ہندوستان پر چڑھہ دوڑا اور سیدھا دلّی چلا آیا * غازی‌الدین نے اِس عرصے میں صوبہ‌دار کی ما کو بھی چھوڑ دیا + اور خود بھی احمدشاہ دُرّانی کے حضور میں حاضر ہوا * لیکن بے کچھہ لیئے وہ کب پھرتا تھا اُسنے لوگوں سے روپیہ وصول کرنے میں نادرشاہ سے بھی زیادہ سختی اور زیادتی کی اُدھر شجاع‌الدولہ سے روپیہ وصول کرنے کو اُسپر فوج بھیجی اِدھر جاٹوں سے روپیہ وصول کرنے کو آپ چڑھا + پہلے بلم‌گڈھہ والوں کو قتل کیا اور پھر متھرا میں قتل عام کیا دن میلے کا تھا بیچارے بھتیرے جاتری مرد عورت لڑکے بالے بے گناہ کاٹے گئے موسم گرمیوں کا آگیا تھا اِسی لیئے جو کچھہ ہاتھہ لگا لے لوا کر پھر اپنے وطن کو چلتا ہوا * چلتے وقت بادشاہ نے اُس سے یہہ کہا کہ آپ مجکو سنہ ۱۷۵۶ع

غازي الدين کے هاتهه ميں نه چهوڑ جائيئے اِس ليئے وہ نجيب الدوله روهيلے کو اپني طرف سے سپهسالار مقرر کر گيا + جب غازي الدين بے قابو هوا اُس نے اپني مدد کے ليئے مرهٹوں کو بُلايا * باجي راو کے تين بيٹے تهے + بالاجي راو رگهناتهه راو اور ايک مسلماني کے پيٹ سے شمشيربهادر باجي راو کے مرنے پر بالاجي راو پيشوا هوا اور شمشيربهادر کے هاتهه ميں بالکل بُندیلکهنڈ رها باندے کے نواب اِسي شمشيربهادر کي اولاد ميں هوئے *

پرسوجي بهوسلا ستارے کے گرد نواح کا رهنے والا پهلے تو سواروں ميں نوکري کرتا تها + ليکن ساهو نے درجه بڑهاکر اُسے براڑ کا حاکم بنا ديا اب اُس کا چچيرا بهائي رگهوجي اُس کي جگهه پر بيٹهه کر پيشوا سے خار کهاتا تها * جب رگهوجي نے اپنے منتري بهاسکر پنڈت کو بنگاله لوٹنے کے ليئے بهيجا + بادشاهي اهلکاروں نے قابو چلتا نه ديکهه کر پيشوا کو اُس کے مقابله کے ليئے اُبهارا * يهه فوراً مرشدآباد پهنچا + اور اُس وقت تو جو کچهه قرار هوا تها ليکر بنگاله بهاسکر سے بچا ديا * ليکن جب دوسري دفعه بهاسکر نے بنگاله ميں لوٹ مار مچائي + اور پيشوا سے کچهه مدد نه پائي * صوبهدار نے فريب دے کر بهاسکر کو ملاقات کے ليئے بُلايا + اور ملاقات کے وقت اُس کا کام هي تمام کر ڈالا * پر آخر رگهوجي کو کٹک کا علاقه دے کر بنگالے کي آمدني سے بهي چوتهه کے نام سے کچهه سالانه مقرر کرنا پڑا + ندان اِدهر بهي سمندر تک مرهٹوں کا قدم آگيا *

سنه ۱۷۴۳ ع

ساهو بے اولاد مرا راجارام کي بيوہ عورت تارابائي اب تک جيتي تهي بالاجي راو نے اپنا مطلب گانٹهنے کے ليئے اُس سے کهلا ديا که ميں نے ايک آپ کا پوتا رام راجا چهپا رکها هے اور ساهو سے مرتے وقت ايک کاغذ لکهوا ليا که نام کو تو راج سواجي کے خاندان ميں رهے + پر کام بالکل راج کا پيشوا کرے * ندان رام راجا ستارے ميں رها + اور پيشوا کا دربار پونا ميں جما *

سنه ۱۷۴۹ ع

غازي الدين کي مدد کے ليئے پيشوا کا بهائي رگهناتهه راو آيا + مهينے بهر تک دلّي کا قلعه گهرا رها * بادشاه نے اپنے وليعهد عالي گهر کو تو جان بچانے کے ليئے پهلے سے کسي طرف کو بهيج ديا تها اب نجيب الدوله

کو بھي بھاگنا پڑا + بادشاہ نے قلعے کا دروازہ کُھلوا دیا غازي‌الدین کو پھر وزارت کا اختیار ملا *

احمدشاہ دُرّاني اپنے لڑکے تیمورشاہ کو پنجاب میں چھوڑ گیا تھا جب رگھناتھ‌راو نے دلّي سے فرصت پائي قابو غنیمت سمجھہ کر پنجاب پر بھي قبضہ کیا + اور مرھٹوں کا نشان کٹک سے اٹک تک پہنچا دیا * ھمالے سے سمندر تک اِنھیں کا ڈنکا بجتا تھا + اور سارے ھندوستان پر اِنھیں کا حکم چلتا تھا * جو تھا اِنھیں کي خوش‌آمد کرتا تھا + اور جو آفت میں پڑتا تھا اِنھیں سے مدد مانگتا تھا * رگھناتھ‌راو تو کسي مرھٹے کو پنجاب کي حکومت پر چھوڑ کر دکھن کو چلا گیا + اور احمدشاہ دُرّاني نے یہہ خبر سن کر پھر ھندوستان پر چڑھاو کیا * مرھٹے اُس کے سندھہ ندي پار اُترتے ھي پنجاب چھوڑ بھاگے اور وہ فراغت سے اپني فوج لئے سہارنپور کے سامنے جمنا آ اُترا + غازي‌الدین نے اُسي دم بادشاہ کے مار ڈالنے کا حکم دیا اور آپ جاٹوں کي عملداري میں چلا گیا * غازي‌الدین کے آدمیوں نے بادشاہ کو چُھریوں سے مارکر جمنا کي ریت میں ڈال دیا + بدمعاشوں نے وھاں اُس کا کپڑا تک اُتار لیا *

سنہ ۱۷۵۸ ع

سنہ ۱۷۵۹ ع

پیشوا کو جب یہہ حال معلوم ھوا بڑي دھوم دھام کا لشکر احمدشاہ دُرّاني کے مقابلے کو روانہ کیا اُس کا چچیرا بھائي سداشیوراو بھاؤ اُس لشکر کا سردار تھا + اور اُس کا بیٹا بشواس‌راو بھي ساتھہ تھا * راستے میں بہت سي فوجیں رجپوتوں کي آ ملي تھیں اور چورامن کي اولاد میں راجا سورج‌مل کے ساتھہ ۳۰ ھزار جاٹ بھي شامل تھے اُس بڈھے نے بھاؤ کو صلاح دي کہ آپ اسباب اور توپخانہ پیدل سپاھیوں کے ساتھہ میرے قلعے میں رکھہ دیجئیے + اور خالي سواروں سے اپني قوم کے دستور بموجب دشمن کو تنگ کیجئیے * بھاؤ گھمنڈ میں ڈوبا تھا اِس نیک صلاح پر کچھہ بھي خیال نہ کیا + سورج‌مل † تھوڑے ھي دنوں بعد دلّي کے دیروں سے جدا ھوکر اپنے علاقہ کو چل دیا *

احمدشاہ دُرّاني انوپ‌شہر میں چھاوني ڈالے ھوئے تھا + دلّي میں کچھہ تھوڑے سے سپاھي چھوڑ رکھے تھے اُنسے مرھٹوں کا مقابلہ

† بھرت‌پور کے راجا اِسي کي اولاد میں ھیں *

نه هو سکا * بهاؤ نے وهاں بہت زیادتي کي + دیوان خاص میں جو
چاندي کي چهت لگي تهي بالکل اُکهاڑ لي * مسجد اور مقبروں کو
بهي لوٹ پاٹ اور توڑ پهوڑ سے باقي نه چهوڑا + وه تو بشواس راو کو
تخت پر بٹهانا چاهتا تها لیکن پهر صلاح یهي ٹههري که احمدشاه دُرّاني
کا کام تمام هو لیئے دو بهاؤ دلّي سے کنجپورے کي طرف گیا *
احمدشاه دُرّاني نے بهي انوپشهر سے کوچ کیا بهاؤ نے اپنے مورچے پانيپت
میں قائم کیئے ستر هزار تو اِس کے ساتهه سوار تهے اور دو سو
توپ بهیر سمیت مورچوں کے اندر تین لاکهه آدمي سے هرگز کم
نه تهے + اِس میں نو هزار آدمي اِبراهیمخاں گاردي کے تحت میں
پلٹن کے سپاهي تهے * انگریزوں کے دیکها دیکهي اب یہاں والے بهي
پلٹن رکهنے لگے تهے + احمدشاه دُرّاني کے ساتهه ترپن هزار سوار اور
اڑهتیس هزار پیدل سپاهي تهے لیکن توپیں تیس هي تهیں اُس نے بهي
مورچے قائم کیئے رسد کي دونوں طرف تکلیف تهي + چهیڑ چهاڑ
همیشه آپس میں چلي جاتي تهي * پر یهه جگرا کسي کا نه هوتا تها که
ایک دوسرے کے مورچوں پر هلّا کر دے + هندوستاني رئیسوں نے جو
احمدشاه دُرّاني کي طرف تهے اُس سے بہت کہا که آپ هلّا کر دیجیئے *
لیکن اُس نے یهي جواب دیا که یهه معامله لڑائي کا هی آپ لوگ
اِس سے نامحرم هیں اور بات میں جو چاهیئے سو کیجیئے +
لیکن اِس کو میرے بهروسے پر چهوڑ دیجیئے * سچ هی طبلے
سارنگي کا معامله هوتا تو یهه محرم هوتے لڑائي کا بهید دلّي لکهنؤ
والے کیا جانیں اُس نے ایک چهوٹا سا لال خیمه اپنے مورچوں کے
آگے کهڑا کر رکها تها + اُسي میں صبح کو نماز پڑهنے کے لیئے اور
شام کو کهانا کهانے کے لیئے آتا تها باقي دن بهر گهوڑے پر سوار فوج
میں گهوما کرتا تها * هندوستاني رئیسوں سے کہتا که آپ مزے سے
پیر پهیلا کر سوئیے اگر آپ کا بال بهي بیکا هو تو میرا ذمه لیکن

تعریف هی اِس بات کي که اُس کا حکم اُس کے لشکر میں قضا کے حکم
کي طرح مانا جاتا تها مقدور کیا که وه حکم دے + اور پهر کوئي بے اُسے
کیئے سانس لے سکے * شجاعالدوله احمدشاه دُرّاني کي طرف تها +

اُسي كي معرفت بھاؤ نے صلح کا پیام بھیجا تھا * لیکن احمدشاہ دُرّاني نے یھي جواب دیا کہ میں تو مدد کو آیا ھوں صِرف لڑنے کا مالک ھوں صلح کرنے کے مالک ھندوستاني رئیس ھیں ھندوستاني رئیسوں کي مرضي تھي کہ صلح ھو جاوے لیکن نجیب‌الدولہ نے نھیں مانا اُس نے یھي کہا کہ اگر بے مرھٹوں کا زور توڑے احمدشاہ دُرّاني چلا جاویگا + تو پھر ھم سب کا کہیں پتا بھي نہ لگیگا * اُدھر مرھٹوں نے بھاؤ کا ڈیرہ گھیرا + اور واویلا مچایا * کہ بھوکھوں مرنے سے تو لڑکر مرنا بھتر ھی بھاؤ کو وعدہ کرنا پڑا کہ کل صبح کو ضرور لڑونگا سب نے پیٹھہ نہ دکھانے کي قسم کھائي اور بیڑا لے لے کر رخصت ھوئے بھاؤ نے پھر شجاع‌الدولہ کو لکھا + کہ اب پیالہ پُر ھو گیا * بوند بھر بھي سمانے کي جگھہ نھیں جو کرنا ھی جھٹ پٹ کرو + نھیں تو یھي آخري پیام سمجھو * شجاع‌الدولہ کا منشي پھر رات رھے اِس خط کو پڑھہ کر سنا ھي رھا تھا کہ مخبروں نے مرھٹوں کے تیار ھونے کي خبر دي شجاع‌الدولہ نے اُسي وقت جاکر احمدشاہ دُرّاني کو جگایا + وہ ڈیرے میں سے تیار نکلا * اُسي دم گھوڑے پر سوار ھوکر دشمن کي طرف چلا + اور فوج کو ساتھہ آنے کا حکم دیا * جب اندھیرا دور ھوا دیکھا کہ مرھٹوں کي ساري فوج توپخانہ آگے کیئے ھوئے جھنڈے اُڑاتي ڈنکے بجاتي ھر ھر پکارتي جمے قدموں سمندر کي طرح اُمڈتي چلي آتي ھی لیکن توپیں جو اُن کي چھٹتي تھیں گولے بالکل افغانوں کے سر پر سے پار چلے جاتے تھے + لگتے کسي کو بھي نھیں تھے * آخر اِبراھیم‌خان گاردي نے جُھک کے بھاؤ کو سلام کیا اور کہا کہ آپ ھمیشہ جب میں اپنے سپاھیوں کي تنخواہ کا تقاضا کرتا تھا بُرا مانتے تھے لیکن اب آج اِن کا تماشا دیکھیئے اور یہہ کہہ کے جھنڈا ھاتھہ میں لے لیا + اور اپنے سپاھیوں کو حکم دیا * کہ بندوقیں بند کریں + اور سنگینوں سے دشمن پر ھلّا کر دیں * روھیلوں کو اِن سے بہت نقصان پہنچا + ٹھہر نہ سکے اُن کے ھٹنے سے احمدشاہ دُرّاني کا وزیر سامنے پڑگیا * اور اُدھر سے بھاؤ اور بشواس‌راو نے بھي چُنے ھوئے آدمي لے کر اُس پر ھلّا کیا + وزیر کا بھتیجا عطائي‌خان اُس کے برابر ھي مارا گیا *

اور ساتھي بھي بھاگنے لگے تھے ليکن وہ گھوڑے سے نيچے اُتر پڑا + اور اِس بات پر جي سے مستعد ہوگيا * کہ مرجانا + ليکن ميدان نہيں چھوڑنا * ندان وزير کے مارے جانے ميں کچھہ باقي نہ رہا تھا کہ اِسي عرصے ميں احمدشاہ دُرّاني کچھہ تازي فوج لے کر اُس طرف آگيا + اِس سبب سے لڑائي تھم گئي پر تو بھي غلبہ مرھٹوں کي جانب تھا * يہاں تک کہ اُس نے اپني فوج کو آگے بڑھنے کا حکم ديا + اور ساتھہ ھي يہہ بھي کہہ ديا * کہ جو جسے بھاگتے ديکھے + تُرت اُس کا سر کاٹ ڈالے * اور کچھہ کسي قدر سپاہ جو بائيں بازو پر تھي اُسے موڑکو بغل سے مرھٹوں پر بھيجي اِس حکمت نے کام کر ديا بھاؤ اور بشواس‌راو لڑتے ھي رھے فوج ساري سپنا ہو گئي * ميدان ميں مُردوں کے ڈھير البتہ دکھائي ديتے تھے + افغانوں نے دس کوس تک مرھٹوں کا پيچھا کيا زميندار بھي مرھٹوں کي جان نہيں چھوڑتے تھے * اور جو جيتے ھاتھہ لگتے تھے + ذبح کيئے جاتے تھے * بائيس ہزار لونڈي غلام بندئے گئے + اکثر اُن ميں سردار اور درجے والے تھے * اِبراھيم‌خان گاردي قيد ميں مرا + کہتے ھيں کہ اُس کے زخموں ميں زھر بھر ديا تھا * بشواس‌راو کي تو لاش مل گئي پر بھاؤ کي لاش ميں شبہہ رھا + اِس ميں شک نہيں کہ سب مل کر دو لاکھہ آدمي سے اُوپر اِس لڑائي ميں مارے گئے مہاجي‌سيندھيا † جس نے گوالير کي رياست قائم کي جنم کو لنگڑا ھوا * ملہارراو ھُلکر جس کے گھرانے ميں اِندور کي رياست چلي آتي ھي لڑائي کے شروع ھي ميں بھاگ کے بچا + اِس سے بڑھہ کر کبھي کسي فوج کو شکست نہيں ملي اور اِس سے بڑھہ کر کسي شکست کے سبب ماتم بھي نہيں پھيلا * سارے دکھن ميں گويا سياپا بيٹھہ گيا + اِس دھکّے سے پھر مرھٹوں کا زور کبھي نہيں پورا اُبھرنے پايا * احمدشاہ دُرّاني نے اِس فتح سے کچھہ فائدہ نہيں اُٹھايا + اپنے وطن کي طرف چلا گيا * اور پھر کبھي ھندوستان کا کچھہ خيال نہيں کيا + شجاع‌الدولہ نے عالمگير ثاني کے لڑکے عالي‌گھر کو بنگالے سے بلاکر تخت پر بٹھايا ‡ *

---

† بعضے اِس کو مہداجي بھي کہتے ھيں *

‡ تاريخ جلوس شاہ‌عالم فضل ربّاني سنہ ۱۱۷۳ ھجري تاريخ فوت شاہ‌عالم آہ دريغا سنہ ۱۲۲۱ ھجري *

شاہ عالم

سنہ ۱۷۷۱ع اِس نے اپنا لقب شاہ عالم رکھا + دلّي کا آخري مسلمان بادشاہ ھوا *
آٹھہ دس برس اِس نے الہ آباد کي طرف کاٹے + دلّي والے نجیب الدولہ
کي حکومت میں رھے * جب نجیب الدولہ مر گیا + بادشاہ مرھٹوں کي
مدد لے کر دلّي میں داخل ھوا * تھوڑے ھي دن نجف خاں کي مختاري
میں چین سے کاٹے تھے + کہ نجیب الدولہ کے پوتے غلام قادر نے جس کے
باپ کو نجف خان نے بگاڑا تھا اپنے روھیلے قلعے کے دروازے پر لا جمائے *
بادشاہ کو زمین پر پٹک کر چھاتي پر چڑھہ بیٹھا + اور اُس کي
سنہ ۱۷۸۸ع آنکھیں کٹار سے نکال کر باھر پھینک دیں پھر قلعے کو خوب لوٹا * باقي
کچھہ نہ چھوڑا + بیگموں کے بدن سے کپڑا تک اُتروالیا *

ندان اِس واردات کي خبر جب مہاجي سیندھیا کو پہنچي
فوراً دلّي پر چڑھہ آیا + اور غلام قادر کو پکڑ کر بڑي بُري حالت سے
مارا † * جیسا اُس نے کیا تھا + ویسا ھي پھل پایا * سیندھیا نے بادشاہ
کو ھر دیکي چمچہ سمجھہ کر قلعے میں بند کیا + اور باھر سب اپنا
قبضہ رکھا * بادشاہ بیچارہ بھوکوں مرتا تھا + رعیت کا حال بھي
پریشان تھا * کہ اِسي عرصے میں لارڈ لیک انگریزي فوج لے کر وھاں
سنہ ۱۸۰۳ع پہنچ گیا بادشاہ کو پینشن مقرر کر دي وہ چین سے اپنے دن کاٹنے لگا +
انگریزوں کا مفصل حال دوسرے حصے میں لکھا جائیگا *

---

† ناک کان اور ھاتھہ پیر کاٹ کر اور آنکھیں پھوڑ کر غلام قادر کو ایک
لوھے کے پنجرے میں بند کیا اور وہ اُسي میں تھوڑي دیر بعد تڑپ تڑپ کر
مر گیا *

فہرست دلّی کے مسلمان بادشاہوں کی

نمبر	پورا نام	مشہور نام	جلوس سنہ عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۱	قطب الدین ایبک ...	قطب الدین ...	۱۲۰۶	گھوڑے سے گر کر مرا	۱۲۱۰	شہاب الدین محمد غوری کا غلام تھا اِسی نے مسلمانوں کی سلطنت کی جڑ جمائی
۲	آرام شاہ ...	...	۱۲۱۰	...	...	نمبر ۱ کا بیٹا تھا ایک سال کے اندر تخت سے اُتارا گیا
۳	شمس الدین التمش	التمش ...	۱۲۱۰	موت سے مرا ...	۱۲۳۶	نمبر ۱ کا غلام اور داماد تھا نامی بادشاہ ہوا قطب منار بنایا چنگیز خان کی چڑھائی ہوئی
۴	رکن الدین فیروز شاہ ...	رکن الدین ...	۱۲۳۶	...	...	نمبر ۳ کا بیٹا تھا سات ھی مہینے میں تخت سے اُتارا گیا بڑا عیاش اور غافل تھا
۵	رضیہ سلطان بیگم ...	رضیہ ...	۱۲۳۶	ماری گئی ...	۱۲۳۹	نمبر ۳ کی بیٹی تھی عورت بھی یہاں تخت پر بیٹھی ہوشیار تھی
۶	معز الدین بہرام ...	بہرام شاہ ...	۱۲۳۹	قید میں مرا ...	۱۲۴۱	نمبر ۳ کا بیٹا تھا
۷	علاء الدین مسعود ...	مسعود شاہ ...	۱۲۴۱	مارا گیا ...	۱۲۴۶	نمبر ۴ کا بیٹا تھا برا بادشاہ تھا
۸	ناصر الدین محمود ...	...	۱۲۴۶	موت سے مرا ...	۱۲۶۶	نمبر ۳ کا بیٹا تھا نہایت نیک بادشاہ تھا
۹	غیاث الدین بلبن ...	بلبن ...	۱۲۶۶	موت سے مرا ...	۱۲۸۶	نمبر ۸ کا بہنوئی اور وزیر تھا بڑے دبدبے والا بادشاہ ہوگیا نیک نام تھا دلّی بڑی رونق پر تھی

نمبر	پورا نام	مشهور نام	سنه جلوس عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنه عیسوی	کیفیت
۱۰	معزالدین کیقباد ...	کیقباد ...	۱۲۸۶	مارا گیا ...	۱۲۸۸	نمبر ۹ کا پوتا تها غلاموں کی سلطنت کا آخری بادشاه هوا نهایت عیاش تها
۱۱	جلال الدین فیروز خلجي	جلال الدین خلجي	۱۲۸۸	مارا گیا ...	۱۲۹۵	سمانے کا نائب ناظم پٹهان سادا اور رحمدل تها دکهن پر پهلا حمله هوا
۱۲	علاءالدین خلجي ...	علاءالدین ...	۱۲۹۵	موت سے مرا	۱۳۱۶	نمبر ۱۱ کا بهتیجا تها بهت بڑا بادشاه هوا مزاج کا سخت تها
۱۳	قطب الدین مبارکشاه	مبارکشاه ...	۱۳۱۶	هندو غلام کے هاتهه سے مارا گیا	۱۳۲۱	نمبر ۱۲ کا بیٹا تها نهایت عیاش اور بدنام تها دلی میں هندؤں کا کچهه دنوں زور رها آخری خلجی بادشاه هوا
۱۴	غیاث الدین تغلق ...	...	۱۳۲۱	کاتهه کے مکان تلے دب کر مر گیا	۱۳۲۵	پهلے پنجاب کا صوبهدار تها اچها بادشاه تها کیقباد کا باپ قراخان اب تک بنگالے میں اپنے کام پر تها
۱۵	محمد تغلق ...	الغ خان ...	۱۳۲۵	موت سے مرا ...	۱۳۵۱	نمبر ۱۴ کا بڑا بیٹا تها بڑا بادشاه بڑا سخی بڑا عالم بڑا بهادر بڑا اقبالمند بڑا بیوقوف بڑا ظالم بڑا جهکی بڑا پاگل تها
۱۶	فیروز تغلق ...	فیروزشاه ...	۱۳۵۱	موت سے مرا ...	۱۳۸۸	نمبر ۱۵ کا رشته میں بهائی تها بهت اچها نیکنام بادشاه تها بهت سي عمارتیں بنوائیں جمنا سے نهریں نکالیں

۱۷	غیاث الدین تغلق ...	(دونسر) ...	۱۳۸۸	مارا گیا ...	۱۳۸۹	نمبر ۱۶ کا پوتا تھا
۱۸	ابوبکر تغلق ...	...	۱۳۸۹	قید میں مرا ...	...	نمبر ۱۶ کا پوتا ایک سال کے اندر قید ہوا
۱۹	ناصرالدین محمد تغلق	ناصرالدین تغلق	۱۳۹۰	موت سے مرا ...	...	نمبر ۱۶ کا بیٹا تھا
۲۰	ہمایون تغلق سکندرشاہ	سکندرشاہ ...	...	موت سے مرا ...	۱۳۹۴	نمبر ۱۹ کا بیٹا تھا کل ۴۵ دن بادشاہ رہا
۲۱	ناصرالدین محمود تغلق	محمود تغلق	۱۳۹۴	موت سے مرا ...	۱۴۱۲	نمبر ۲۰ کا بیٹا تھا اِس کے زمانے میں یعنی سنہ ۱۳۹۸ع میں تیمور آیا
۲۲	دولت خان لودی ...	...	۱۴۱۲	...	...	۱۵ مہینے بعد تخت سے اُتارا گیا
۲۳	خضر خان سید ...	...	۱۴۱۳	موت سے مرا ...	۱۴۲۱	پنجاب کا حاکم تھا
۲۴	معزالدین ابوالفتح مبارک شاہ سید	مبارک شاہ سید	۱۴۲۱	مارا گیا ...	۱۴۳۴	نمبر ۲۳ کا بیٹا تھا
۲۵	محمدشاہ سید ...	...	۱۴۳۴	موت سے مرا ...	۱۴۴۶	نمبر ۲۳ کا پوتا تھا
۲۶	علاءالدین سید ...	...	۱۴۴۶	...	...	نمبر ۲۵ کا بیٹا تھا سنہ ۱۴۵۰ع میں دلی کی بادشاہی بہلول خان لودی کے حوالہ کرکے بداؤں چلا گیا بادشاہی نری دلی کے گردنواح میں رہ گئی تھی
۲۷	بہلول خان لودی ...	بہلول لودی ...	۱۴۵۰	موت سے مرا ...	۱۴۸۸	پنجاب کا حاکم تھا اچھا بادشاہ تھا عملداری بڑھی پنجاب اور جونپور شامل ہوا
۲۸	سکندر لودی ...	...	۱۴۸۸	موت سے مرا ...	۱۵۱۶	نمبر ۲۷ کا بیٹا تھا بڑا بادشاہ ہوا لیکن ہندوؤں کو بہت دکھ دیا فرنگیوں کا پہلا جہاز یہاں اِسی کے وقت میں آیا
۲۹	ابراہیم لودی ...	...	۱۵۱۶	مارا گیا ...	۱۵۲۶	نمبر ۲۸ کا بیٹا تھا بابر کی لڑائی میں مارا گیا

نمبر	پورا نام	مشہور نام	جلوس سنہ عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۳۰	ظہیرالدین محمدبابر	بابرشاہ ...	۱۵۲۶	موت سے مرا	۱۵۳۰	تیمور کے خاندان میں تھا انگریزوں کی عملداری تک اِسی خاندان میں سلطنت رہی بابر بہت اچھا آدمی اور بہت اچھا بادشاہ تھا
۳۱	ہمایون‌شاہ ...	...	۱۵۳۰	گِر کے مرا ...	۱۵۵۵	نمبر ۳۰ کا بیٹا تھا شیرشاہ نے نکال دیا تھا ایران کے بادشاہ کی مدد لے کر آیا اور پھر ہندوستان کا بادشاہ ہوا
۳۲	شیرشاہ سور ...	شیرشاہ ...	۱۵۴۰	کالنجر کے محاصرے میں میگزین اُڑنے سے بھلس کر مر گیا	۱۵۴۵	اِس کا باپ حسن پٹھان سہسرام میں ۵۰۰ گھوڑوں کا جاگیردار تھا اچھے اور عقلمند بادشاہوں میں گنا جاتا ہی
۳۳	سلیم‌شاہ سور ...	سلیم‌شاہ ...	۱۵۴۵	موت سے مرا	۱۵۵۳	نمبر ۳۲ کا بیٹا تھا نیکنام رہا
۳۴	محمدشاہ عدلي ...	عدلي ...	۱۵۵۳	...	...	نمبر ۳۳ کا چچیرا بھائی تھا بڑا نادان اور بدکار تھا لوگ اندھلی پکارتے تھے
۳۵	ابوالمظفر جلال‌الدین محمداکبر	اکبرشاہ ...	۱۵۵۶	موت سے مرا	۱۶۰۵	نمبر ۳۱ کا بیٹا تھا یہاں کے مسلمان بادشاہوں میں بیشک سب سے اچھا ہوا بلکہ دنیا کے اچھے اور عقلمند اور بڑے اور نامی بادشاہوں میں گنا جاتا ہی

۳۶	نورالدین محمد جہانگیر	جہانگیر شاہ ...	۱۶۰۵	موت سے مرا...	۱۶۲۷	نمبر ۳۵ کا بیٹا تھا اچھے بادشاہوں میں گنا جاتا ہی پر شراب بہت پیتا تھا اور بالکل اپنی بیگم نورجہان کے اختیار میں تھا
۳۷	شہاب الدین محمد شاہجہان	شاہجہان ...	۱۶۲۸	قید میں مرا ...	۱۶۶۴	نمبر ۳۶ کا بیٹا تھا سلطنت کو بڑی رونق دی مسلمانوں کے تحت میں ہندوستان ایسے اوج پر نہ کبھی تھا نہ اُس کے بعد پھر ہوا تخت طاؤس اور تاج گنج کا روضہ اِسی نے بنوایا
۳۸	محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر	اورنگ زیب یا عالمگیر	۱۶۵۹	موت سے مرا	۱۷۰۷	نمبر ۳۷ کا تیسرا بیٹا تھا بڑا کپٹی اور پکھنڈی تھا بادشاہی اچھی کر گیا پر تیموری سلطنت کی جڑ میں تیل بھی اِسی نے دیا
۳۹	معظم بہادرشاہ ...	بہادرشاہ ...	۱۷۰۷	موت سے مرا	۱۷۱۲	نمبر ۳۸ کا بیٹا تھا سکھوں نے زور پکڑا اور سرھند لوٹا پھونکا
۴۰	جہاندارشاہ	...	۱۷۱۲	مارا گیا ...	۱۷۱۳	نمبر ۳۹ کا بیٹا تھا
۴۱	فرخ سیر	...	۱۷۱۳	مارا گیا ...	۱۷۱۹	نمبر ۴۰ کا بھتیجا تھا کچھہ بیوقوف سا اور جی کا بودا تھا
۴۲	محمدشاہ	...	۱۷۱۹	موت سے مرا	۱۷۴۸	نمبر ۳۸ کا پوتا تھا گویا لکھنؤ کا واجدعلی شاہ تھا نادرشاہی ہوئی سلطنت بالکل جڑ سے ہل گئی
۴۳	احمدشاہ	...	۱۷۴۸	آنکھیں نکلوائی گئیں	۱۷۵۴	نمبر ۴۲ کا بیٹا تھا للم کا بادشاہ تھا

نمبر	پورا نام	مشہور نام	جلوس سنہ عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۴۴	عالمگیر ...	(دوسرا) ...	۱۷۵۴	مارا گیا ...	۱۷۵۹	نمبر ۴۰ کا بیٹا تھا مرھٹے کٹک سے اٹک تک پہنچے احمدشاہ درانی کی چڑھائی ہوئی
۴۵	شاہعالم ...	...	۱۷۷۱	غلام قادر نے اندھا کیا	۱۸۰۳	نمبر ۴۴ کا بیٹا تھا دلی کا آخری مسلمان بادشاہ ہوا انگریزوں نے مرھٹوں کی قید سے چھڑا کر پینشن مقرر کر دی (سوائے اِن اُوپر لکھے ہوئے بادشاھوں کے بیس اَور بھی دلی کے تخت پر بیٹھے کیونکہ قطب الدین ایبک سے لے کر شاہعالم تک ۶۵ گنے جاتے ھیں پر اِن بیسوں نے رفیع الدرجات اور رفیع الدولہ کی طرح ایسے تھوڑے تھوڑے دنوں سلطنت کی کہ اُن کے ناموں سے اِس فہرست کا بڑھانا مناسب نہ جانا)

تفصیل بڑے واقعوں کی

	سنہ عیسوی سے پہلے
سکندر نے ھندوستان پر چڑھائی کی	۳۳۱ برس
بکرماجت گدی پر بیٹھا	۵۷ برس

	سنۂ عیسوی
نوشیروان کا لشکر ہندوستان میں آیا	۵۳۰ (کچھ کم بیش)
ولید کے زمانہ میں مسلمانوں نے یہاں بڑی دھوم مچائی	۷۱۱
سبکتگین نے ہندوستان پر چڑھائی کی	۹۷۰
محمود غزنوی کی پہلی چڑھائی	۱۰۰۱
سومناتھ ٹوٹا	۱۰۲۴
شہاب الدین محمد غوری کی پہلی چڑھائی	۱۱۹۱
پرتھی راج کو پکڑ لیا اور مار ڈالا	۱۱۹۳
قطب الدین ایبک دلی کا بادشاہ ہوا	۱۲۰۶
چنگیز خاں کی فوج ہندوستان کی طرف آئی	۱۲۱۲
عورت (رضیہ بیگم) بادشاہ ہوئی	۱۲۳۶
سلطنت غلاموں کے خاندان سے نکلکر خلجیوں کے ہاتھ میں آئی	۱۲۸۸
دکھن پر مسلمانوں کی پہلی چڑھائی ہوئی	۱۲۹۴
سلطنت خلجیوں کا خاندان تمام ہونے پر تغلقوں کو ملی	۱۳۲۱
تیمور دلی میں آیا	۱۳۹۸
سلطنت سیدوں سے لودیوں نے لی	۱۴۵۰
پانی پت کی لڑائی میں ابراہیم لودھی کو مار کر بابر دلی کے تخت پر بیٹھا	۱۵۲۶

تفصیل بڑے واقعوں کی

	سنہ عیسوی
سقے نے چمڑے کا سکہ چلایا	١٥٣٩
اکبر نے اِس دنیا سے کوچ کیا	١٦٠٥
مرہٹوں کا راج قائم کرنے والا سیواجی پیدا ہوا	١٦٢٧
دلی میں نادرشاہ نے قتل عام کیا	١٧٣٩
پانی پت میں احمدشاہ درانی نے بھاؤ کو شکست دی	١٧٥٩
دلی کے آخری بادشاہ شاہ عالم کو غلام‌قادر نے اندھا کیا	١٧٨٨
لارڈ لیک انگریزی فوج لے کر دلی پہنچا شاہ‌عالم کو مرہٹوں کی قید سے چھڑا کر پینشن مقرر کر دی	١٨٠٣